وفیاتِ نعت گویانِ پاکستان

ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ

وفیاتِ نعت گویانِ پاکستان

۴۸۰ صاحبِ کتاب نعت گو شعراء کے مختصر کوائف اور تواریخ وفات

(۲۷؍رمضان المبارک ۱۳۶۶ھ تا ۲۶؍رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ)

ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ

بی ایس سی (پنجاب)؛ ایم بی بی ایس (کے ای)؛
ایم سی پی ایس (سائیکاٹری)، ایف سی پی ایس (سائیکاٹری)؛
ایم اے (اردو)؛ ایم اے (پنجابی)

B-306، بلاک 14، گلستانِ جوہر، کراچی
sabeehrehmani@gmail.com
www.Naatresearchcenter.com

ضابطہ

ISBN : 978-969-8918-30-9

کتاب	وفیاتِ نعت گویان پاکستان
مؤلف	ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ
تاریخ اشاعت	شوال ۱۴۳۶ھ/اگست ۲۰۱۵ء
ناشر	نعت ریسرچ سنٹر
	بی/۳۰۶-بلاک ۱۴، گلستان جوہر-کراچی
	موبائل نمبر: 0333-2457575
قیمت	-/200 روپے

عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم
میں ڈوب کر طلوع ہونے والوں
کے نام

فکر کا محور بنایا مدحتِ سرکار کو
اے قمرؔ اہلِ ادب کو ناز اِن پر کیوں نہ ہو
ہو گئے مرحوم لیکن یاد رکھے جائیں گے
تا قیامت ملکِ پاکستان کے سب نعت گو
(قمرؔ وارثی)

یہ تو کرم ہے اُنؐ کا ورنہ

وفیات نگاری تاریخ اور علم الرجال کا ایک اہم شعبہ ہے اور مسلمانوں نے بلاشبہ اس میدان میں کارہائے نمایاں انجام دیے ہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ مسلمان ہی اس فن کے بانی ہیں تو غلط نہ ہوگا کیونکہ احادیث نبویؐ پر تحقیق کے دوران انہوں نے علم الرجال کی بنیاد رکھی۔ جس میں اُن شخصیات کی زندگیوں پر عمیق نظری سے تحقیق کی جاتی تھی جن کا کسی حدیث کی روایت سے تعلق جڑا ہو۔ اس طرح انہوں نے لاکھوں افراد کے تفصیلی کوائف مہیا و مرتب کر دیے جن میں ان اشخاص کی تواریخ ولادت و وفات کا خصوصیت سے اہتمام کیا جاتا تھا۔ وفیات نگاری پر عربی زبان کو فوقیت حاصل ہے جہاں تیسری صدی ہجری میں اس موضوع پر پہلی باقاعدہ کتاب کا سراغ ملتا ہے۔ تاہم عربی میں اب تک لکھی جانے والی کتابوں میں سے سب سے زیادہ متاثر کن، معتبر اور بے نظیر کتاب ''وفیات الاعیان و انباء الزمان'' ہے جسے ابولعباس شمس الدین احمد المعروف بہ 'ابن خلکان' (۱۱ربیع الآخر ۶۰۸۔۲۶رجب ۶۸۱ھ) نے اٹھارہ برسوں (۶۵۴۔۶۷۲ھ) میں قاہرہ میں تصنیف کیا۔ اس میں انہوں نے علماء، شعراء، امراء اور وزراء کے حالات جمع کئے ہیں، جن میں سے اکثر کے ساتھ مصنف کے دوستانہ مراسم تھے۔ وفیات الاعیان کی مقبولیت اور سند کا عالم یہ ہے کہ اب تک اس پر کئی تکملے اور ترجمے لکھے جا چکے ہیں۔ اس کتاب کے ہر ذیل پر مزید ذیول تصنیف ہوئے ہیں۔ عربی کے علاوہ ترکی اور فارسی کا دامن بھی وفیات نگاری سے مالا مال ہے۔ اردو میں اس کی روایت زیادہ پرانی نہیں اور اس کی ابتداء کسی اہم واقعہ کا قطعہ تاریخ لکھنے سے ہوئی جس کا رواج عربی اور فارسی سے اردو میں در آیا تھا۔ (تفصیل کے لیے دیکھئے ''وفیاتِ ناموران پاکستان'' کا مقدمہ از ڈاکٹر عارف نوشاہی)

اردو میں باقاعدہ وفیات نگاری کے آغاز کو ابھی چند دھائیوں سے زیادہ عرصہ نہیں گزرا۔ پاکستانی دور میں اس کام میں اولیت کا سہرا پروفیسر مولوی محمد شفیع کے سر ہے جنہوں نے قیام پاکستان سے پہلے اور بعد میں سندھ کے تاریخی قبرستانوں (مکلی وغیرہ) پر تحقیقی مقالات لکھے۔ ۱۹۹۰ء کی دھائی میں پروفیسر محمد اسلم مرحوم نے 'وفیاتِ مشاہیر پاکستان'، 'خفتگانِ کراچی' اور 'خفتگانِ خاکِ لاہور'' لکھ کر اس کام کا باقاعدہ آغاز کیا اور تین ہزار اہم پاکستانیوں کی

وفیات مرتب کیں۔ اس کے بعد راقم الحروف نے اس کام کو آگے بڑھایا اور 'خفتگانِ خاکِ گجرات' [۱۹۹۶ء] 'وفیاتِ نامورانِ پاکستان' [۲۰۰٦ء]، 'وفیاتِ اہلِ قلم' [۲۰۰۸ء] اور 'تنہائیاں بولتی ہیں' [اسلام آباد میں مدفون اہم شخصیات: ۲۰۱۲ء] لکھیں جن میں بارہ ہزار اہم پاکستانی شخصیات کی وفیات محفوظ کر دی ہیں۔ راقم اس موضوع پر پانچ مزید کتابیں ('وفیاتِ مشاہیر اردو پاکستان'، 'وفیاتِ علمائے پاکستان'، 'آسودگانِ خاکِ راولپنڈی'، 'وفیاتِ مشاہیر کراچی' اور وفیاتِ مشاہیر لاہور') بھی مرتب کر چکا ہے جو جلد منظر عام پر آ رہی ہیں۔ یوں راقم اب تک تقریباً پندرہ ہزار مشاہیر پاکستانیوں کی وفیات لکھنے کا منفرد اعزاز رکھتا ہے۔

زیر نظر کتاب اس حوالے سے اہم ہے کہ اس میں ایک مخصوص دور [پاکستانی عہد] میں وفات پانے والے ایک مخصوص شعبے [نعت گوئی] سے متعلقہ ایسے افراد کی وفیات کا اہتمام کیا گیا ہے جو پاکستانی شہری تھے اور جن کے نعتیہ مجموعے (اردو اور علاقائی زبانوں میں) شائع ہو چکے ہیں۔ نعت گوئی کی سعادت حاصل کرنے والے صاحبِ کتاب شعراء کی تعداد یقیناً اس سے زیادہ ہو گی لیکن راقم کی رسائی ۴۸۰ نعت گویان تک ہو سکی ہے جن کے مجموعہ ہائے نعت کی تعداد تقریباً ایک ہزار تک پہنچتی ہے۔ ان میں ۹۸ فیصد ایسے شعرائے نعت ہیں جن کے مجموعے چھپ چکے ہیں (ان کے نام درج کر دیے گئے ہیں)' ایک فیصد کے بارے میں یہ یقین ہے کہ ان کا مجموعہ نعت چھپا لیکن نام معلوم نہیں ہو سکا اور ایک فیصدی ایسے شعراء ہیں جن کا اگرچہ کوئی مجموعہ نعت شائع نہیں ہوا لیکن ان کی شہرت ایک نعت گو کے طور پر ہوئی۔ یہاں شعراء کی دیگر کتابوں کے نام نہیں دیے گئے سوائے ان کتابوں کے جو حمد گوئی' سیرت النبی یا حج وعمرہ کے سفرنامہ سے متعلق ہوں۔ کتاب کو شعراء کے اسمائے گرامی کے اعتبار سے الف بائی ترتیب دی گئی ہے' شروع میں اسماء کا اشاریہ اور کتاب کے آخر میں مذکور کتب کا اشاریہ بھی دے دیا گیا ہے۔

یہ کتاب سیّد صبیح الدین صبیح رحمانی کی تحریک پر لکھی گئی ہے اور انہیں کی مساعی سے یہ منظر عام پر آ رہی ہے' بندہ ان کے لئے دعا بھی ہے اور ممنون بھی۔ اللہ تعالیٰ کہ وہ ایسے ہی فروغ محامدِ پیغمبریؐ کے ذریعے اپنی اور دوسروں کی عاقبت سنوارتے رہیں۔ آمین

ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ
۲۷ر رمضان المبارک ۱۴۳٦ھ/۱۵ر جولائی ۲۰۱۵ء
۷/اے' میڈیکل سٹاف کالونی' چکلالہ' راولپنڈی
فون: ۵۲۴۹۵٦۳-۰۳۳۳

حرفِ چند

نعت ہمارے دین و ایمان کے اظہار کی ایک جمالیاتی صورت ہونے کے ساتھ ساتھ ہمارا وہ بے مثل ادبی ورثہ بھی ہے جو ہمیں ایمان کے راستے میں ہمیشہ استقامت عطا کرتا ہے۔ نعت گوئی کا سلسلہ ولادت نبی کریم ﷺ سے بہت پہلے شروع ہو چکا تھا۔ پہلی اُمتیں بھی اپنی الہامی کتب اور انبیاء کرام علیہم السلام کی تعلیمات کے توسط سے آپ ﷺ سے واقف تھیں۔

ہمارے عہد تک آتے آتے نعت نے فنی اور معنوی طور پر کمال و ارتقاء کی بہت سی منازل طے کر لیں ہیں۔ ہمارا دور نعت نگاری کا دورِ عروج ہے۔ آج نعت اُردو شاعری کی ایک مستقل اور باوقار صنف کے طور پر اپنی قوت، افادیت، معنویت اور مقبولیت کا احساس دلا چکی ہے۔ بیسویں صدی کے آخری چند عشروں سے نعت گوئی نے فروغ وارتقاء کی جن منازل کو طے کرنا شروع کیا تھا ان کا دائرہ اکیسویں صدی میں بھی برابر وسیع ہوتا جا رہا ہے۔

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ قیام پاکستان کے بعد ہمارا عہد نعت گوئی کی تاریخ کا ایک نیا عہد بن کر اُبھرا ہے۔ نعتیہ شاعری اور نعتیہ مشاعرے ہماری ثقافتی اور تہذیبی زندگی کا حصہ بن چکے ہیں۔ نعت گوئی، نعت شناسی، نعت فہمی نے ہمارے عہد میں ایک تحریک کی صورت اختیار کر لی ہے اور اب نعت کے علمی، ادبی اور تحقیقی آفاق کی تسخیر سے لے کر نعتیہ شاعری کی شعری اور شرعی حوالوں سے پرکھ کے کتنے ہی تازہ تر زاویے ہمارے عہد کا افتخار بن کر ہمارے سامنے روشن ہو رہے ہیں۔

اس مجموعی فضا میں ''وفیاتِ نعت گویانِ پاکستان'' کی اشاعت یقیناً فروغ نعت کے باب میں ایک بڑا کارنامہ ہے نعت پر بڑھتے ہوئے تحقیقی ذوق کے تناظر میں بھی اور اپنے عہد کے ان قابل فخر صاحبِ کتاب شعرا کی خدمات کے اعتراف کے حوالے سے بھی جنھوں نے عصری ادبی منظرنامے پر خود کو مداحِ رسالت مآب ﷺ کے طور پر نمایاں کیا۔

تاریخ کی دنیا میں وفیات نگاری کی اہمیت اور افادیت سے انکار ممکن نہیں اور اسے تذکرہ نگاری میں نہایت اہم حیثیت حاصل ہے۔ کسی مرحوم شخصیت کا تذکرہ اس کی تاریخ ولادت و وفات کے بغیر مکمل نہیں ہوسکتا۔ ''وفیات نعت گویانِ پاکستان'' میں ہم نہ صرف صاحبِ کتاب شعرائے نعت کی تاریخ وفات دے رہے ہیں بلکہ ان کے مختصر کوائف، تاریخ پیدائش، نعتیہ مجموعوں کے نام اور جائے مدفن کا ذکر بھی کر رہے ہیں۔ یوں یہ مرحوم پاکستانی نعت گو شعراء کا ایک مختصر تذکرہ بھی بن گیا ہے۔ مؤلف نے کتابوں کا اشاریہ دے کر اس کی افادیت کو مزید بڑھادیا ہے اور محققین کے لئے استفادے کو آسان کر دیا ہے۔

کتاب کے مؤلف، ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ کا نام وفیات نگاری کے حوالے سے استناد کا درجہ اختیار کر چکا ہے اور اب تک وفیات و کتبات نگاری پر ان کی متعدد علمی و تحقیقی کاوشیں اہل علم سے پسندیدگی کی سند حاصل کر چکی ہیں۔ ''وفیاتِ ناموران پاکستان'' اور ''وفیاتِ اہل قلم'' کی شکل میں اُن کی ضخیم کتب ہر محقق کی ضرورت بن چکی ہیں اور متعدد ''محققین'' ان کتابوں سے اپنی دلچسپی کے موضوعات اور شخصیات کو الگ الگ کر کے نئی کتابیں ترتیب دے رہے ہیں۔ اُمید ہے کہ زیرنظر تالیف کو بھی اہل علم پسند کریں گے اور مؤلف اور ناشر کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں گے ۔

اس مجموعۂ وفیات میں ۴۸۰ شعراء کے تقریباً ایک ہزار نعتیہ مجموعوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ شعراء اور کتب کی اس تعداد میں اضافہ ممکن ہے اور امید ہے کہ آنے والے دنوں میں مزید تحقیق سے نئے افراد اور نئے نعتیہ مجموعے سامنے آئیں گے۔

نعت ریسرچ سینٹر، کراچی کے قیام کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نعت گوئی، نعت شناسی، نعت فہمی کے فروغ کے ساتھ ساتھ نعت کے جملہ تاریخی، علمی و ادبی اور فنی پہلوؤں اور وابستگانِ نعت پر سنجیدہ تحقیق کو بھی رواج دیا جائے اور مجھے خوشی ہے کہ یہ ادارہ اللہ کی مہربانی سے اپنے مقاصد بڑی حد تک پورے کر رہا ہے۔ ''نعت رنگ'' کی ۲۵ ضخیم اشاعتوں کے ساتھ ہم اب تک چالیس کے قریب شعری، علمی و تحقیقی کتب بھی شائع کر چکے ہیں اور متعدد تحقیقی منصوبوں پر کام جاری ہیں جو مستقبل قریب میں کتابی صورت میں منظر عام پر آجائیں گے۔ نعت ریسرچ سینٹر کی لائبریری بھی اس سلسلے میں قابل ذکر ہے جس میں نعت اور متعلقہ موضوعات پر ہزاروں کتب موجود ہیں۔ ادارے کی مطبوعات کی ایک فہرست کتاب کے آخری صفحات میں شامل کی گئی ہے، اُمید ہے کہ ذوقِ تحقیق رکھنے والوں کے لیے معاون ثابت ہوگی۔

صبیح رحمانی

حسنِ ترتیب

ابر شاہ وارثی (اللہ دتہ)

ممتاز پنجابی نعت گو شاعر، صوفی بزرگ، مرید بیدم شاہ وارثی

نعتیہ مجموعے ابرِ کرم۔ابرِ بہار۔ابرِ رحمت۔ابرِ حجاز۔

ابرِ باراں۔ابرِ جمال۔ابرِ انوار۔ابرِ کمال۔

ابرِ مدینہ۔ابرِ محبت۔ابرِ جنت۔ابرِ نور۔

ابرِ عشق۔ابرِ فردوس۔ابر دیاں نعتاں

ولادت جالندھر

وفات جولائی/اگست ۱۹۶۳ء ملتان

تدفین ملتان

مآخذ شمیم جالندھر۔تذکرہ شعرائے وارثیہ

ابوشاہین فاروقی (محمد حیات)

معروف شاعر وادیب، صحافی، کارکن تحریکِ پاکستان۔

بانی مدیر ہفت روزہ "تبسم" بھیرہ۔

نعتیہ مجموعے خیر البشرؐ۔سرورِ کونین

ولدیت میاں امام الدین

ولادت ۲۶/جولائی ۱۹۲۰ء بھیرہ

وفات ۲۹/مارچ ۱۹۹۹ء (بروز عیدِ قربان)

تدفین بھیرہ ضلع سرگودھا

مآخذ جنہیں ہم بھول بیٹھے ہیں۔ہمارے اہلِ قلم

اثر زبیری

اردو شاعر و مترجم

نعتیہ مجموعہ سلسبیل (۱۹۸۳ء)

وفات ۱۹۹۴ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ کتابی سلسلہ تذکرہ کراچی شمارہ ۲

اثر صہبائی (خواجہ عبدالسمیع پال)

ممتاز نعت گو شاعر، قانون دان، تلمیذ کیفی دہلوی

نعتیہ مجموعہ بحضورِ سرورِ کائنات ﷺ (۱۹۵۸ء)

ولدیت مولانا احمد دین پال

ولادت ۲۸/دسمبر ۱۹۰۱ء سیالکوٹ

وفات ۲۶/جون ۱۹۶۳ء لاہور

تدفین لاہور

مآخذ وم پ۔پاکستان کے تیس سال

اثر فاضلی جے پوری (محمد علی خان)

معروف اردو ادیب، نعت گو شاعر

نعتیہ مجموعہ تجلیاتِ حرم (۱۹۸۹ء)

نثری تصنیف تاجدارِ حرم (سیرت النبیؐ)۔

ولادت ۱۷/مارچ ۱۹۱۳ء جے پور (راجستھان)

وفات ۱۹۸۹ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ کتابی سلسلہ 'تذکرہ' کراچی شمارہ ۲

اثر ہاپوڑی (سیّد احمد علی)

اردو شاعر، تلمیذ فدا گلاوٹھوی

نعتیہ مجموعہ عطرِ جذبات (۱۹۶۵ء)

ولادت ۱۸۹۶ء ہاپوڑ ضلع میرٹھ

وفات ۸/دسمبر ۱۹۸۰ء کراچی

تدفین کراچی
ماخذ پاکستان کے نعت گو شعراء (جلد دوم)

اجمل جنڈیالوی، فقیر (امان اللہ خان)

اردو اور پنجابی کے معروف نعتیہ شاعر۔تلمیذ حفیظ تائب
نعتیہ مجموعہ کشکولِ ادراک (۲۰۰۵ء)
ولدیت غلام یاسین خاں
ولادت ۵/اکتوبر ۱۹۳۰ء جنڈیالہ شیر خاں شیخوپورہ
وفات ۱۰/جولائی ۲۰۰۵ء شیخوپورہ
تدفین شیخوپورہ
ماخذ سنہرے لوگ

احسان امروہوی (سیّد علی احسان نقوی)

ممتاز اردو شاعر، مذہبی و قومی شاعری میں نمایاں مقام
نعتیہ مجموعہ تجلّیٔ فاراں (۱۹۶۲ء)
ولدیت سیّد علی مستحسن سکتہ
ولادت ۱۵/جنوری ۱۸۹۹ء امروہہ ضلع مراد آباد
وفات ۱۹۷۳ء کراچی
تدفین سخی حسن، کراچی
ماخذ تذکرہ شعرائے امروہہ، تذکرہ شعرائے میرٹھ
دبستانوں کا دبستان جلد ۳۔

احسان دانش (قاضی احسان الحق)

نامور اردو شاعر، ادیب، ماہر لسانیات وعروض،
نعتیہ مجموعے دارین (۱۹۷۴ء)۔ابر نیساں (۱۹۹۹ء)
اعزازات ستارۂ امتیاز۔نشانِ امتیاز
ولدیت قاضی دانش علی
ولادت ۱۹۱۴ء کاندھلہ، مظفر نگر (یوپی)
وفات ۲۲/مارچ ۱۹۸۲ء لاہور
تدفین میانی صاحب، لاہور
ماخذ لوحِ مزار بحوالہ خ خ ل۔ہمارے اہلِ قلم

احمد ظفر (ظفر علی احمد)

اردو اور پنجابی کے ممتاز شاعر و ادیب، صحافی، براڈ کاسٹر
سابق ریجنل جنرل سیکرٹری انجمن ترقی پسند مصنفین۔
ایڈیٹر ہفت روزہ 'پرواز' و روزنامہ 'جدید پرواز' راولپنڈی۔
سابق پروگرام منیجر و پروڈیوسر ریڈیو پاکستان۔
نعتیہ مجموعہ صفات (حمد و نعت)
ولدیت محمود مظفر
ولادت ۱۳/نومبر ۱۹۲۶ء راولپنڈی
وفات ۱۶/اگست ۲۰۰۱ء بھوماں بانٹھ ضلع گوجرانوالہ
تدفین بھوماں بانٹھ ضلع گوجرانوالہ
ماخذ سرگزشتِ رفتگاں

احمد فاخر

اردو شاعر، تلمیذ دلکش جبلپوری
نعتیہ مجموعہ سبز گنبد نیلا آسماں (نعت، منقبت: ۱۹۹۲ء)
ولدیت محمد منیر
ولادت ۱۹۳۳ء
وفات ۲۲/مارچ ۱۹۹۸ء کراچی
تدفین کراچی
ماخذ کتابی سلسلہ 'تذکرہ کراچی شمارہ ۲

احمد ندیم قاسمی (احمد شاہ)

اردو کے نامور شاعر و ادیب' افسانہ نگار' نقاد' صحافی' کالم نگار' مدیر۔ مدیر ماہنامہ 'ادبِ لطیف' لاہور (۴۵-۱۹۴۳ء) 'سویرا' لاہور (۱۹۴۷ء) 'نقوش' لاہور 'پھول' 'تہذیبِ نسواں'۔ مدیر روز نامہ 'امروز' لاہور (۵۹-۱۹۵۳ء) بانی مدیر سہ ماہی 'فنون' لاہور (اجراء ۱۹۶۳ء) یکے از بانیان انجمن ترقی پسند مصنفین۔ ڈائریکٹر مجلس ترقی ادب لاہور (۱۹۷۳ء تا وفات)

نعتیہ مجموعے جمال (۱۹۹۲) ۔ ارض و سما (۲۰۰۶ء)
انوارِ جمال (۲۰۰۷ء)

اعزازات صدارتی تمغۂ حسنِ کارکردگی (۱۹۶۸ء)
ستارۂ امتیاز (۱۹۸۰ء)۔
کمالِ فن ایوارڈ (۱۹۹۷ء۔ اکادمی ادبیات)
نشانِ امتیاز (۱۹۹۹ء)

ولدیت پیر غلام نبی عرف نبی چن
ولادت ۲۰ر نومبر ۱۹۱۶ء انگہ ضلع خوشاب
وفات ۱۰ر جولائی ۲۰۰۶ء (صبح ۸:۴۵ پر) لاہور
تدفین شیخ المشائخ قبرستان' نزد ملت پارک'
ملتان روڈ' لاہور
ماٰخذ اخبارِ اردو اسلام آباد ستمبر ۲۰۰۶ء

احمد یار خاں نعیمی گجراتی' مفتی

ممتاز عالم دین' مفسر قرآن' مفتی' حمد و نعت کے شاعر

کتب محامدِ پیغمبری (حمد و نعت ۱۳۵۷ھ)۔
ولدیت مولانا محمد یار خاں
ولادت ۱۹۰۶ء اوجھیانی' بدایوں
وفات ۲۴ر اکتوبر ۱۹۷۱ء
تدفین محلہ مسلم آباد' گجرات
ماٰخذ خفتگانِ خاکِ گجرات

اختر الحامدی (سیّد محمد مرغوب)

ممتاز نعت گو شاعر' تلمیذ ضیاء القادری بدایونی
مرید مولانا حامد رضا خاں قادری بریلوی

نعتیہ کتب جمالِ رسولؐ (۱۹۶۰ء) ۔ کمالِ رسولؐ (۱۹۶۰ء)
تضمین بر سلام امام احمد رضا خاں (۱۹۷۰)
انوارِ عقیدت (تضمین قصیدۂ نور ۔ ۱۹۷۲ء)
نعت محل (۱۹۷۴ء) بہارِ عقیدت (۱۹۸۴)
تنقیدی تصنیف: امامِ نعت گویاں (احمد رضا خاں بریلوی کی نعتیہ شاعری پر ۔ ۱۹۷۷ء)

ولدیت مولانا سیّد محمد ایوب منش اجمیری
ولادت ۱۴ر اپریل ۱۹۲۲ء جودھپور (بھارت)
وفات ۴ر جولائی ۱۹۸۱ء حیدر آباد
تدفین لطیف آباد نمبر ۱۱' حیدر آباد (سندھ)
ماٰخذ انوارِ علمائے اہل سنت سندھ

اختر اندوری فدائی

اردو شاعر' تلمیذ فدا خالدی دہلوی

نعتیہ مجموعہ یا رسولِ عربی ﷺ (۲۰۰۹ء)
ولادت اندور (انڈیا)
وفات ۸ر ستمبر ۲۰۱۴ء کراچی
تدفین کراچی
ماخذ معراج جامی (کراچی)

اختر بیگ، مرزا

اردو شاعر و ادیب، دانشور، محقق، سائنسدان،

مجموعۂ کلام کیفِ منظوم (نعت و دیگر کلام: ۱۹۹۳ء)

ولدیت مرزا روشن بیگ

ولادت ۱۹۱۶ء برما

وفات ۲۱؍اگست ۱۹۹۴ء اسلام آباد

تدفین مرکزی قبرستان، اسلام آباد

ماخذ لوحِ مزار۔ مرحوم کی ہمشیرہ رشیدہ آفتاب اقبال کی فراہم کردہ معلومات

اختر حسین اختر، ڈاکٹر سیّد

اردو و پنجابی زبان کے شاعر و ادیب، محقق، نقاد۔ مدیر ماہنامہ "لہراں" لاہور۔ سیکرٹری جنرل لہراں ادبی بورڈ۔ مشیر مسعود کھدر پوش ٹرسٹ

نعتیہ مجموعہ ترتیل (۱۹۶۵ء)

ولدیت حاجی برکت علی شاہ

ولادت ۳؍مئی ۱۹۳۷ء کوڈیگرام، دیر بالا

وفات ۱۵؍مارچ ۲۰۱۱ء لاہور

تدفین قبرستان سوڈھیوال کالونی، ملتان روڈ، لاہور

ماخذ جنگ لاہور ۱۶؍مارچ ۲۰۱۱ء
پاکستان کے نعت گو شعراء جلد دوم

اختر شیرانی (محمد داؤد خاں)

اردو کے معروف رومانی شاعر و ادیب، صحافی، مترجم، ڈرامہ و افسانہ نگار۔ تلمیذ تاجور نجیب آبادی۔

بانی رسالہ 'انتخاب' (اجراء ۱۹۲۵ء) 'بہارستان' (۱۹۲۶ء) 'خیالستان' (۱۹۳۰ء) 'رومان' (۱۹۳۵ء)

نعتیہ مجموعہ صبحِ مدینہ (۱۹۹۸ء)

والد ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی (ماہر تعلیم و محقق)

ولدیت حافظ محمود خاں شیرانی

ولادت ۴؍مئی ۱۹۰۵ء ریاست ٹونک (راجستھان)

وفات ۹؍ستمبر ۱۹۴۸ء لاہور

تدفین میانی صاحب، لاہور

ماخذ لوحِ مزار۔ اختر شیرانی (کتابیات)

اختر لکھنوی (محمود الحسن)

اردو کے ممتاز شاعر و ادیب، براڈ کاسٹر، صحافی
سابق آفس سیکریٹری انجمن ترقی اردو مشرقی پاکستان
نائب مدیر روزنامہ 'انقلاب'، 'امن'، و ماہنامہ 'فنکار' ڈھاکہ

نعتیہ مجموعے حضورؐ (۱۹۸۸ء)
سرکارؐ (۱۹۹۵ء۔ مرتب: قمر وارثی)

ولدیت حافظ محمد حسین

ولادت ۱۴؍ستمبر ۱۹۳۴ء محلّہ زہی، لکھنو

وفات ۲۷؍ستمبر ۱۹۹۵ء کراچی

تدفین اورنگی ٹاؤن، کراچی

ماخذ قومی زبان کراچی نومبر ۹۵ء۔ تاریخِ رفتگاں ۲

اختر ہوشیارپوری (عبدالسلام)

ممتاز اردو شاعر، ماہر قانون۔ طالب علم کارکن تحریکِ پاکستان

نعتیہ مجموعے برگِ سبز (۱۹۸۷ء)۔ مجتبیٰ ﷺ (۱۹۹۷ء)
رسالت مآب ﷺ (۱۹۹۹ء)

خیر البشر ﷺ (۲۰۰۰ء)
خاتم المرسلین ﷺ (۲۰۰۳ء)
اعزاز قومی سیرت ایوارڈ (اردو نعت۔ ۲۰۰۱ء)
ولدیت ڈاکٹر شیخ عبد العزیز
ولادت ۲۰/ اپریل ۱۹۱۸ء ہوشیار پور
وفات ۱۸/ مارچ ۲۰۰۷ء راولپنڈی
تدفین قبرستان عیدگاہ، راولپنڈی
مآخذ نوائے وقت ۱۹/ مارچ و ۱۷/ اپریل ۲۰۰۷ء

اختیار حسین کیف نیازی، ڈاکٹر میرزا

ممتاز روحانی شخصیت، نعت گو اردو شاعر و ادیب، عالم،
نعتیہ مجموعہ کیفیات (نعت، منقبت و دیگر: ۱۹۹۱ء)
ولدیت ڈاکٹر شاہ میرزا مرتضیٰ حسین نیازی
ولادت ۱۰/ جولائی ۱۹۲۲ء جبل پور (انڈیا)
وفات ۲۶/ جولائی ۲۰۱۲ء کراچی
تدفین دربارِ اختیاریہ، محمد شاہ قبرستان، نارتھ کراچی
مآخذ حسن نواز شاہ (گوجر خان)

اخلاق احمد سالک، قاری

اردو شاعر، نامور قاری و عالم دین
نعتیہ مجموعے سرمایۂ حیات (۱۹۸۱ء)
مدحتِ شانِ رسول (۱۹۸۵ء)
ولادت ۱۹۱۲ء قصبہ انبہٹا ضلع سہارنپور
وفات ۱۱/ مارچ ۱۹۹۴ء کراچی
تدفین کراچی
مآخذ محفل جو اجڑ گئی

ادب گلشن آبادی (غلام جیلانی)

ممتاز نعت گو شاعر، ادیب، طبیب، عالم، نقشبندی بزرگ
نعتیہ مجموعہ حریمِ اسریٰ (مرتبہ پروفیسر خالد اقبال جیلانی، مطبوعہ بعد از مرگ)
ولادت ۱۹۲۲ء گلشن آباد (ریاست جاورہ)
وفات اواخر جون ۱۹۹۰ء منیٰ (سعودی عرب)
تدفین مکہ مکرمہ (سعودی عرب)
مآخذ جنگ کراچی ۱۱/ فروری ۲۰۰۲ء

ادیب رائے پوری (سیّد حسین علی)

اردو حمد و نعت کے ممتاز شاعر، نقاد، مصور، خطاط۔
بانی پاکستان نعت کونسل (تاسیس ۱۹۷۰ء)
بانی پاکستان نعت اکیڈمی (تاسیس ۱۹۸۰ء)
بانی ماہنامہ 'نوائے نعت' کراچی (اجراء ۱۹۸۰ء)
نعتیہ مجموعے اس قدم کے نشاں (۱۹۷۶ء)۔
تصویرِ کمال محبت (نعت و منقبت: ۱۹۷۹ء)
نذرانۂ اشک (۱۹۹۵ء: مرتب: غزالہ عارف)
مقصودِ کائنات (۱۹۹۸ء: مرتب: شہزاد احمد)
ارمغانِ ادیب (۲۰۰۲ء: مرتب: شہزاد احمد)
نثری کتب مدارج النعت (تاریخ نعت: ۱۹۸۶ء)
مشکوٰۃ النعت (تاریخ عربی نعت: ۱۹۹۳ء)
نعتیہ ادب میں تنقید اور مشکلاتِ تنقید (۱۹۹۹ء)
مرزا غالب کی نعتیہ شاعری۔
ولدیت حکیم سیّد یعقوب علی
ولادت ۱۹۲۸ء رائے پور (مدھیہ پردیش)

وفات ۱۶؍اکتوبر ۲۰۰۴ء کراچی

تدفین میوہ شاہ، کراچی

مآخذ نوائے وقت راولپنڈی ۱۷؍اکتوبر ۲۰۰۴ء

ارشاد اعجاز رانا

فیصل آباد کے ممتاز نعت گو شاعر

نعتیہ مجموعہ صلِ وسلم دائماً (۲۰۰۰ء)

وفات ۹؍اکتوبر ۲۰۱۰ء

تدفین فیصل آباد

مآخذ کتابی سلسلہ تذکرہ، کراچی شمارہ ۴

ارمان اکبر آبادی (بشارت علی خان آفریدی)

مذہبی و روحانی شخصیت، نعت گو شاعر، تلمیذ سیماب اکبر آبادی استاد اردو شعیب محمدیہ کالج آگرہ۔ کارکن تحریکِ پاکستان پروفیسر صدیقہ ارمان (سابق صدر شعبہ اردو جامعہ کراچی) کے والدِ محترم

نعتیہ مجموعے ارمانِ نبی (۱۹۵۵ء)

سروشِ سدرہ (۱۹۸۶ء)

ولدیت امداد حسین خان آفریدی

ولادت ۱۹۰۱ء اکبر آباد (آگرہ)

وفات ۲۱؍جون ۱۹۸۵ء کراچی

تدفین گلشن اقبال، کراچی

مآخذ انوار علمائے اہل سنت سندھ

ازہر، مولوی محمد (کرم الدین)

پنجابی کے معروف شاعر، مولوی دلپذیر کے ادبی حریف۔ عالم دین، خطیب، مصنف دینی کتب۔

نعتیہ مجموعہ نعتِ ازہر۔ گلزارِ محمدی۔

ولدیت فضل دین

ولادت ۱۸۷۳ء محلہ حاجی گلاب، بھیرہ

وفات ۱۵؍ستمبر ۱۹۵۱ء بھیرہ

تدفین قبرستان مقبرہ شریف، بھیرہ ضلع سرگودھا

مآخذ پُھل کڑانہ باردے

ازہر درانی

اردو کے جواں مرگ صاحب طرز شاعر

شعری مجموعہ کشکول (حمد و نعت: ۱۹۹۰ء)

ولادت ۱۹۵۷ء

وفات ۱۳؍دسمبر ۱۹۹۲ء لاہور

تدفین لاہور کینٹ

مآخذ روزنامہ 'خبریں' لاہور ۱۴؍دسمبر ۱۹۹۲ء

اسد ملتانی (محمد اسد خاں)

اردو اور فارسی کے ممتاز شاعر، ڈپٹی سیکرٹری وزارت خارجہ تحریکِ پاکستان کے دوران ملی شاعری کرتے رہے۔

شعری کتب تحفۂ حرم (نعت و سفرنامۂ حج: ۱۹۵۴ء)

مشارق (حمد و نعت: مرتبہ جعفر بلوچ [اسمیں تحفۂ حرم کی نعتیں بھی شامل ہیں])

کلیاتِ اسد ملتانی (مرتبہ سیّد شوکت علی)

ولدیت غلام قادر خان

ولادت ۴؍دسمبر ۱۹۰۲ء کڑی افغاناں ضلع ملتان

وفات ۱۷؍نومبر ۱۹۵۹ء راولپنڈی

تدفین ملتان

مآخذ نئی عبارت حیدرآباد سندھ شمارہ ۱۶، ۱۷

اسرار احمد سہاوری، پروفیسر

ممتاز ادیب، اردو شاعر، نقاد، دانشور، ماہر تعلیم۔ سابق صدر شعبہ اسلامیات ووائس پرنسپل اسلامیہ کالج گوجرانوالہ۔

بانی صدر 'بزم فکر ونظر' گوجرانوالہ

نعتیہ مجموعے اعجازِ بیان۔ جذبِ دل۔

ذوق عرفاں (۱۹۹۸ء)

ولدیت محمد اسرائیل خان

ولادت ۳رجنوری ۱۹۲۱ء سہاور ضلع ایٹہ (یوپی)

وفات ۲۶رفروری ۲۰۰۰ء گوجرانوالہ

تدفین قبرستان پیر گوڈری سیٹلائٹ ٹاؤن گوجرانوالہ

مآخذ نوائے وقت راولپنڈی ۷رمارچ ۲۰۰۰ء

اسیر عابد، پروفیسر (غلام رسول)

ممتاز شاعر و ادیب، غالب و اقبال کے پنجابی مترجم۔

استاد شعبہ اردو گورنمنٹ اسلامیہ کالج گوجرانوالہ۔

منظوم پنجابی ترجمہ قصیدہ بردہ شریف

ولدیت چودھری مراد بخش

ولادت ۵راپریل ۱۹۳۶ء سید نگر ضلع گوجرانوالہ

وفات ۱۱رفروری ۲۰۰۳ء گوجرانوالہ

تدفین گوجرانوالہ

مآخذ سہ ماہی 'پنجابی ادب' لاہور شمارہ ۷۵

اشرف علی فاروقی گلیانوی، محمد

ممتاز پنجابی شاعر

شعری کتب سیرتِ محمدی۔ اکرامِ محمدی

ولدیت پیر صدر الدین

ولادت ۲۵ دسمبر ۱۹۰۲ء گلیانہ نزد کھاریاں کینٹ ضلع گجرات

وفات ۱۹۸۵ء لاہور

تدفین لاہور

مآخذ گجرات کا علمی سرمایہ

اشرف کلریالوی، ملک محمد

معروف پنجابی شاعر و ادیب، اردو سوانح نگار۔

نعتیہ مجموعہ نعتِ اشرف

ولادت کلریالہ تحصیل گوجرخان ضلع راولپنڈی

ولدیت سمندر خان

ولادت ۱۹۴۴ء کلریالہ گجراں

وفات ۸راکتوبر ۲۰۰۵ء

تدفین کلریالہ گجراں تحصیل گوجرخان ضلع راولپنڈی

مآخذ حسن نواز شاہ (گوجرخان)

اصطفا لکھنوی (محمد اصطفا خان)

ممتاز اردو شاعر۔ بانی 'رباط اصطفا منزل مدینہ منورہ'

نعتیہ مجموعہ تنویر (۱۹۶۰ء)۔

ولادت ۱۴راگست ۱۸۹۲ء قنوج ضلع فرخ آباد

وفات ۲۸رمارچ ۱۹۶۳ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ تاریخِ رفتگاں جلد۲

اصغر سودائی، پروفیسر محمد

نامور اردو شاعر، ماہر تعلیم، تحریکِ پاکستان کے سرگرم کارکن اور ترانہ "پاکستان کا مطلب کیا، لا الہ الا اللہ" کے خالق۔

آرگنائزر مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن سیالکوٹ۔ سابق ڈائریکٹر ایجوکیشن ڈیرہ غازی خاں، بانی پرنسپل علامہ اقبال کالج سیالکوٹ

نعتیہ مجموعہ شہ دوسرا ﷺ (۱۹۸۹ء)

ولدیت محمد دین

ولادت ۱۷ر ستمبر ۱۹۲۶ء سیالکوٹ

وفات ۱۷ر مئی ۲۰۰۸ء سیالکوٹ

تدفین سیالکوٹ

مآخذ نوائے وقت راولپنڈی ۱۸ر مئی ۲۰۰۸ء

اصغر علی اصغر، صوفی

اردو کے معروف نعت گو شاعر، ادیب

نعتیہ مجموعے چھپ چکے ہیں

وفات ۱۷ر مئی ۲۰۰۳ء سرائے مغل

تدفین سرائے مغل ضلع قصور

مآخذ نوائے وقت لاہور ۱۸ مئی ۲۰۰۳ء

اطہر ضیائی

اردو کے بزرگ شاعر

نعتیہ مجموعہ تطہیر (۱۹۹۱ء)

پی پی اے کے چیف ایڈیٹر خالد اطہر کے والدِ محترم

ولادت ۱۹۲۴ء

وفات یکم فروری ۲۰۱۱ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ اطلاع طارق شاہد (اسلام آباد)

اظہار قریشی (اظہار الدین)

اردو اور سندھی کے ممتاز شاعر و ادیب، تذکرہ نگار۔

نعتیہ مجموعہ اظہارِ عقیدت (۱۹۹۴ء)

مرتبہ گلہائے عقیدت (شعراء نواب شاہ کی نعت)

ولدیت معراج الدین

ولادت ۲۰ر نومبر ۱۹۴۰ء ریواڑی (بھارت)

وفات ۲۸ر جنوری ۲۰۰۸ء نواب شاہ

تدفین نواب شاہ (سندھ)

مآخذ جنگ کراچی ۲۹ر جنوری ۲۰۰۸ء۔
پاکستان کے نعت گو شعراء (جلد دوم)

اظہر گیلانی، سیّد

سندھی اور اردو زبانوں کے ممتاز شاعر و ادیب۔

تاحیات صدر جمعیت الشعراء سندھ

نعتیہ کتب فخرِ دبستان۔ آغوشِ محمد

ولدیت سیّد اصغر علی شاہ گیلانی

ولادت ۲۷ر جنوری ۱۹۱۸ء لالووالی ضلع گھوٹکی

وفات ۲۲ر جولائی ۲۰۰۶ء

تدفین گھوٹکی

ماخذ تاریخ گھوٹکی

اعظم چشتی، محمد

اردو، فارسی اور پنجابی کے ممتاز نعت گو و نعت خواں
سرگرم کارکن تحریکِ پاکستان (گولڈ میڈلسٹ ۱۹۹۰ء)

نعتیہ مجموعے غذائے روح (۱۹۴۴ء) رنگ و بو (۱۹۵۳ء)
نیّرِ اعظم (۱۹۷۰ء)۔ انیندرے۔
معراج (۱۹۹۶ء)۔ کلیاتِ اعظم (۲۰۰۰ء)

اعزاز صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی (۱۹۸۹ء)

ولدیت محمد دین چشتی

ولادت ۱۵؍ مارچ ۱۹۲۱ء قصبہ چکوڑی تحصیل پھالیہ ضلع گجرات

وفات ۳۱؍ جولائی ۱۹۹۳ء لاہور

تدفین اولاً قبرستان میاں میر، لاہور میں امانتاً دفن کیا گیا پھر مرحوم کی وصیت کے مطابق زاہد ٹاؤن کوٹ عبدالمالک (لاہور) میں تدفین ہوئی۔

مآخذ پاکستان میں فارسی ادب جلد ۶

افتخار اجمل شاہین، پروفیسر

ممتاز شاعر و ادیب، محقق، نقاد، ماہر تعلیم، تلمیذ عطا کاکوی۔ ڈی جے گورنمنٹ سائنس کالج کراچی کے ریٹائرڈ صدر شعبہ اردو

شعری مجموعہ عقیدت کا سفر (حمد، نعت، منقبت: ۲۰۰۴ء)

ولدیت مولوی عبدالحنان

ولادت ۱۰؍ فروری ۱۹۴۱ء شیخ پورہ ضلع پٹنہ (بہار)

وفات ۱۱؍ مارچ ۲۰۱۱ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ دو ہجرتوں کے اہلِ قلم

افسر ماہ پوری (ظہیر عالم صدیقی)

ممتاز شاعر و ادیب، نقاد، مترجم۔ اردو کے علاوہ بنگلہ اور انگریزی میں بھی لکھتے رہے۔ سقوط ڈھاکہ کے بعد کراچی آ گئے

نعتیہ مجموعہ طور سے حرا تک

ولدیت عبدالرحمٰن صدیقی

ولادت یکم دسمبر ۱۹۱۸ء ماہ پور ضلع چھپرا (بہار)

وفات ۱۵؍ فروری ۱۹۹۵ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ ماہنامہ الرشید لاہور مئی ۱۹۹۶ء۔
تاریخ رفتگاں ۲

افضل الفت

بزرگ اردو شاعر، تعلق سیالکوٹ سے تھا۔

نعتیہ مجموعہ عبدہ و رسولہ ﷺ

وفات ۵؍ دسمبر ۲۰۰۷ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ طارق شاہد (اکادمی ادبیات اسلام آباد)

افضل باقی (محمد افضل)

لاہور کے معروف پنجابی و اردو شاعر، سول انجینئر

نعتیہ مجموعہ پناہِ بیکساں

ولدیت چودھری محمد اسلم

ولادت خانقاہ ڈوگراں ضلع شیخوپورہ

وفات ۱۶؍ فروری ۲۰۰۳ء لاہور

تدفین جی بلاک، ماڈل ٹاؤن، لاہور

مآخذ لاہور میں مشاہیر کے مدفون۔

افضل رضا، پروفیسر ڈاکٹر محمد

اردو و پشتو کے نامور سیرت نگار، شاعر و ادیب، محقق، ڈرامہ و افسانہ نگار۔ ریٹائرڈ پرنسپل گورنمنٹ کالج ٹوپی و صوابی۔
درجنوں کتب کے مصنف، مرید خاص مولانا عبدالحق

نعتیہ مجموعہ یا نبی سلام علیک
اعزازات سیرت نگاری پر ۳ بار صدارتی ایوارڈ۔
تمغۂ امتیاز۔
ولدیت عبدالمجید
ولادت یکم فروری ۱۹۴۰ء اکوڑہ خٹک
وفات ۳۰؍ دسمبر ۲۰۰۱ء اکوڑہ خٹک
تدفین اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ
مآخذ ماہنامہ 'الحق' اکوڑہ دسمبر ۲۰۰۱ء

افضل منہاس (وزیر احمد)

ممتاز اردو غزل و نعت گو شاعر، صحافی، ادیب۔ مدیر روزنامہ 'تعمیر' راولپنڈی، و ماہنامہ 'نیرنگ خیال' راولپنڈی

نعتیہ مجموعہ گل مراد (۱۹۹۶ء)
ولادت ۲۳؍ جون ۱۹۲۳ء راولپنڈی
وفات ۱۵؍ جنوری ۱۹۹۷ء راولپنڈی
تدفین قبرستان ٹاہلیاں شاہاں، مری روڈ، راولپنڈی
مآخذ اوراق نومبر دسمبر ۱۹۹۲ء۔ ک م ا

افق کاظمی امروہوی، سیّد حبیب احمد

معروف عالم دین، اردو شاعر و ادیب و محقق، شاعری میں غریب سہارنپوری کے شاگرد۔
مہتمم جامعہ انوار العلوم ملتان، سجادہ نشین حاجی سمیع بقائی

نعتیہ مجموعہ فروغ محامد (۱۹۶۶ء)
ولدیت سیّد یوسف علی شاہ چشتی قادری
ولادت ۱۰؍ اپریل ۱۸۹۳ء امروہہ ضلع مراد آباد
وفات ۱۸؍ اگست ۱۹۷۶ء ملتان
تدفین ملتان
مآخذ تذکرہ شعرائے امروہہ۔
پاکستان کے نعت گو شعراء جلد اول

اقبال حسن بھپلا، ملک

اردو و سرائیکی کے ممتاز شاعر و ادیب، ناول نگار و نقاد

نعتیہ مجموعہ منگتا مدینے دا (۱۹۹۸ء)
ولادت یکم مئی ۱۹۴۳ء گھوٹویں، قاسم بیلہ ملتان
وفات ۳۰؍ مارچ ۲۰۰۹ء ملتان
تدفین بستی گھوٹویں، قاسم بیلہ ملتان
مآخذ ایکسپریس اسلام آباد ۳۱؍ مارچ ۲۰۰۹ء۔

اقبال راحت، محمد

پنجابی شاعر و ادیب

نعتیہ مجموعہ نور دی خیرات (پنجابی)
وفات ۵؍ مارچ ۲۰۱۲ء
تدفین شیخوپورہ
مآخذ شاکر کنڈان (سرگودھا)

اقبال زخمی، میاں محمد

معروف پنجابی شاعر و ادیب، افسانہ و سفرنامہ نگار، صحافی، کالم

نگار بانی ماہنامہ 'لکھاری' لاہور (اجرا ۱۹۸۳ء)

نعتیہ مجموعے دم دم پڑھاں سلام مدینے (۲۰۰۱ء)

یارسول اللہ ﷺ (نعتیہ انتخاب: ۲۰۰۳ء)

نثری تصنیف ٹرپے نیں قافلے (سفرنامہ حج: ۲۰۰۴ء)۔

ولدیت میاں فضل دین

ولادت ۱۰ر ستمبر ۱۹۴۱ء ملاں والا ضلع فیروز پور

وفات ۱۹ر اگست ۲۰۰۹ء لاہور

تدفین جیا موسیٰ' لاہور

ماخذ ماہنامہ لکھاری اکتوبر ۲۰۰۹ء

اقبال شیدا' محمد

اردو و پنجابی شاعر' تلمیذ صائم چشتی

نعتیہ مجموعہ حریمِ نعت (۱۹۸۴ء)

ولادت ۴ر مئی ۱۹۴۱ء جالندھر

وفات ۱۲ر دسمبر ۱۹۹۹ء فیصل آباد

تدفین قبرستان غلام محمد آباد' فیصل آباد

ماخذ حرف نذرانے۔

اقبال صفی پوری (اقبال احمد خلیلی)

ممتاز اردو شاعر' تلمیذ جگر مراد آبادی

نعتیہ مجموعہ رحمت لقب (۱۹۸۸ء)

ولدیت شاہ جمال خلیلی

ولادت ۹ر جولائی ۱۹۲۱ء صفی پور ضلع اناؤ (یوپی)

وفات ۲۲ر مئی ۱۹۹۹ء کراچی

تدفین پاپوش نگر' کراچی

ماخذ وفیاتِ ناموران پاکستان

اقبال صلاح الدین

اردو اور پنجابی کے نامور شاعر و ادیب' کہانی نگار' محقق' نقاد' مترجم' ماہرِ لسانیات و لغت۔ سابق ایڈیٹر ماہنامہ 'لہراں' لاہور

نعتیہ مجموعہ حدیثِ آشنا (۱۹۸۱ء)

ولدیت حکیم چودھری فتح الدین

ولادت ۲۸ر اکتوبر ۱۹۳۳ء چک ۴۰/۳ آر قلعہ دنور ضلع اوکاڑہ

وفات ۱۳ر دسمبر ۲۰۰۵ء اوکاڑہ

تدفین قادیانی قبرستان' اوکاڑہ

ماخذ ڈان' اسلام آباد یکم جنوری ۲۰۰۶ء

اقبال عظیم' سیّد

نعت اور غزل کے ممتاز اردو شاعر' ادیب' محقق' ماہر تعلیم

نعتیہ مجموعے قاب قوسین (۱۹۷۷ء)

لب کشا (غزلیں' نعتیں: ۱۹۸۷ء)

ماحصل (غزلیں' نعتیں: ۱۹۹۱ء)

پیکرِ نور (۱۹۹۵ء)۔ جریدہ (۲۰۰۵ء)

زبورِ حرم (نعتیہ کلیات: ۲۰۱۰ء)

برادرِ خورد سیّد وقار عظیم

ولدیت سیّد مقبول عظیم عرش (غزل گو اردو شاعر)

ولادت ۸ر جولائی ۱۹۱۳ء میرٹھ (یوپی)

(آبائی وطن قصبہ انبہٹہ ضلع سہارنپور)

وفات ۲۲ر ستمبر ۲۰۰۰ء کراچی

تدفین سخی حسن' کراچی

مآخذ اخبارِ اردو اسلام آباد' اکتوبر ۲۰۰۰ء

اکبر وارثی میرٹھی (خواجہ محمد اکبر)

ممتاز اردو نعت گو شاعر، تلمیذ حضرت بیاں ویزدانی میرٹھی
ادیب، مترجم، صوفی مالک اعلیٰ پریس میرٹھ

نعتیہ مجموعے باغِ کلامِ اکبر۔نہال روضۂ اکبر۔میلادِ اکبر
ریاضِ اکبر۔گلزارِ اکبر۔گلستانِ اکبر۔

ولدیت نظام علی خان

ولادت گاؤں بجولی تحصیل ہاپڑ ضلع میرٹھ

وفات ۲۰ر مئی ۱۹۵۳ء کراچی

تدفین میوہ شاہ قبرستان، کراچی

مآخذ تاریخ رفتگاں ۲۔تذکرہ شعرائے میرٹھ

الطاف قریشی

اردو پنجابی کے معروف شاعر، ڈرامہ نگار براڈ کاسٹر
پروگرام پروڈیوسر ریڈیو مظفر آباد (۷۱۔۱۹۶۲ء)

نعتیہ مجموعہ ثنا (۱۹۸۳ء)

ولدیت مولوی احمد الدین قریشی

ولادت ۱۳ر نومبر ۱۹۳۷ء سونڈھ گلی، مظفر آباد

وفات ۱۲ر اگست ۱۹۸۵ء

تدفین سونڈھ گلی، دومیل ضلع مظفر آباد (آزاد کشمیر)

مآخذ مقالہ ایم فل اردو از سیّدہ آمنہ بہار

امتیاز راہی (امتیاز احمد)

نعت گو اردو شاعر

مجموعۂ نعت مدحت کے چراغ (طباعت بعد از مرگ)

ولادت ۱۹۴۵ء ضلع شاہجہانپور (یوپی)

وفات ۱۱راپریل ۱۹۹۶ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ پ ک م س۔ماہنامہ نعت لاہور جنوری ۹۹ء

امید فاضلی (محمد ارشاد)

ممتاز اردو شاعر۔تلمیذ نوح ناروی

نعتیہ مجموعے میرے آقا (۱۹۸۴ء)۔تب وتابِ جاوداں

ولدیت سیّد محمد فاروق حسن

ولادت ۱۷ر نومبر ۱۹۲۳ء ڈبائی ضلع بلند شہر

وفات ۲۸ر ستمبر ۲۰۰۵ء کراچی

تدفین سخی حسن، کراچی

مآخذ 'ڈان' کراچی ۲۹ر ستمبر ۲۰۰۵ء

امید ملتانی (محمد نواز)

معروف سرائیکی و اردو شاعر و ادیب، تلمیذ کریم بخش زخمی

نعتیہ مجموعہ مدنی سئیں سلطان (سرائیکی: ۱۹۸۸ء)

ولدیت حاجی قاسم علی

ولادت ۱۹۲۲ء ملتان

وفات ۱۱ر فروری ۲۰۰۳ء

تدفین ملتان

مآخذ خبریں لاہور ۱۲ر فروری ۰۳ء۔ضلع ملتان

امیر حمزہ خاں شنواری

پشتو کے ممتاز شاعر و ادیب، ڈرامہ، افسانہ و ناول نگار، نقاد۔
صدر 'بزم ادب'، 'اولسی ادبی جرگہ پشاور۔متعدد ادبی کتب کے
مصنف، مؤلف اور مترجم

نعتیہ مجموعہ　صدائے دل۔
اعزاز　صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی۔
ستارۂ امتیاز۔
ولدیت　ملک بازمیر خان
ولادت　ستمبر ۱۹۰۷ء خوگا خیل، لنڈی کوتل
وفات　۱۸؍فروری ۱۹۹۴ء
تدفین　نزد گورنمنٹ ڈگری کالج لنڈی کوتل
ماخذ　وفیاتِ اہلِ قلم

امین خیال

معروف پنجابی شاعر و ادیب، محقق، مترجم
کتب　صفتاں رب رسول دیاں (حمد و نعت)
مٹھڑے نے بول (منظوم ترجمہ احادیث)
ولادت　۱۴؍اکتوبر ۱۹۳۲ء گرجاکھ (گوجرانوالہ)
وفات　۲۲؍جولائی ۲۰۱۴ء
تدفین　گوجرانوالہ
ماخذ　اطلاع حسن نواز شاہ

امین علی نقوی، سیّد محمد

اردو، عربی و پنجابی کے ممتاز نعت گو شاعر۔ تلمیذ مولانا سردار احمد
نعتیہ مجموعے　محمدؐ رسول اللہ۔ عشق محمدؐ (۱۹۸۸ء)۔
محمدؐ ہی محمدؐ (غیر منقوط عربی و اردو: ۱۹۸۵ء)۔
حسن محمدؐ (بغیر حرف الف کے: ۱۹۹۲ء)۔
رداالوردہ علیٰ قصیدہ البردہ (قصیدہ بردہ شریف کی بحر میں)۔ قصیدہ امینیہ (عربی نعت)

وفات　فروری ۲۰۰۸ء فیصل آباد
تدفین　فیصل آباد
ماخذ　خبرنامہ اکادمی اسلام آباد مارچ ۲۰۰۸ء

امین گیلانی، سیّد

معروف شاعر، تلمیذ حفیظ ہوشیارپوری و احسان دانش۔ سیاستدان، جمعیتِ علمائے پاکستان کے راہنما۔ تحریکِ ختمِ نبوت اور تحریکِ نظامِ مصطفےٰ کے نمایاں کارکن۔ ضیاء دور میں ایک نظم لکھنے پر ۶ ماہ کی قید ہوئی۔
نعتیہ مجموعے　سرمایۂ درویش۔ میں ہوں غلام ان کا
ولادت　۱۹۲۰ء ترن تارن ضلع امرتسر
وفات　۴؍اگست ۲۰۰۵ء لاہور
تدفین　لاہور
ماخذ　جنگ لاہور ۵؍اگست ۲۰۰۵ء

انجم رومانی (فضل دین)

ممتاز اردو شاعر، ماہر تعلیم، سیکرٹری حلقہ ارباب ذوق، لاہور
صدر شعبہ ریاضی دیال سنگھ کالج لاہور (۷۲۔۱۹۴۸ء)
وائس پرنسپل دیال سنگھ کالج لاہور (۷۷۔۱۹۷۲ء)
صدر شعبہ ریاضی اسلامیہ کالج سول لائنز لاہور (۸۰۔۱۹۷۷ء)
نعتیہ مجموعہ　ثنا اور طرح کی
ولدیت　عطا محمد
ولادت　۲۸؍ستمبر ۱۹۲۰ء سلطانپور لودھی (کپورتھلہ)
وفات　۱۳؍اپریل ۲۰۰۱ء لاہور
تدفین　قبرستان گلشن راوی، لاہور
ماخذ　نوائے وقت راولپنڈی ۱۴؍اپریل ۲۰۰۱ء

انجم وزیر آبادی (محمد جان)

اردو شاعر و ادیب، تلمیذ سیماب اکبر آبادی

نعتیہ مجموعے جامِ کوثر۔ مینائے کوثر (۱۹۶۹ء)۔

ولدیت میاں نبی بخش

ولادت ۱۹۱۱ء وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ

وفات ۱۹۸۶ء لاہور

تدفین محمود بوٹی، لاہور

مآخذ تذکرہ شعرائے جماعتیہ

انصار الہ آبادی، شاہ (سیّد انصار حسین)

روحانی شخصیت و نعت گو اردو شاعر

نعتیہ مجموعے تحفۂ نظامی (۱۹۹۲ء) سراج السالکین (۱۹۹۳)

صلوٰۃ و سلام (۱۹۹۳ء۔ مرتبہ: صبیح رحمانی)

الحمد للہ الذی (نعت، منقبت)

کلام لا کلام (نعت منقبت: ۱۹۹۴ء)

کلیات (نعتیہ کلیات: ۲۰۱۴ء)

ولادت ۱۹۱۷ء الہ آباد

وفات ۲۰۰۸ء کراچی

تدفین پاپوش نگر، کراچی

مآخذ کتابی سلسلہ 'تذکرہ کراچی شمارہ ۲

انوار حسین صولت، سیّد

اردو شاعر و ادیب، محقق، نقاد، صحافی، مترجم، کالم نگار

بانی مدیر ہفت روزہ 'نصیر' حضرو (اٹک)

شعری کتب منظوم اردو ترجمہ خطبہ تبوک (۱۹۷۴ء)۔

چراغِ طور

دیگر کتب فخرِ موجودات (سیرت)

والد رخسانہ صولت (ایڈیٹر 'نکھار' اسلام آباد)

ولدیت سیّد صفدر حسین

ولادت ۲؍جولائی ۱۹۱۹ء رنبہ ضلع کرنال (بھارت)

وفات ۱۱؍مئی ۱۹۸۶ء اسلام آباد

تدفین مرکزی قبرستان، اسلام آباد

(پلاٹ نمبر ۱۷؍قبر نمبر ۸۳)

مآخذ تنہائیاں بولتی ہیں

انوار ظہوری (سیّد انوار الحق)

معروف نعت گو شاعر و ادیب، عالم۔

مجموعہ حرفِ منزہ (مجموعہ حمد و نعت: ۱۹۹۳ء)

اعزاز صدارتی تمغہ

ولادت ۱۹۳۵ء

وفات ۱۶؍دسمبر ۲۰۰۷ء لاہور

تدفین بادامی باغ، لاہور

مآخذ قومی زبان کراچی جون ۲۰۰۸ء۔

انور کیف

معروف اردو شاعر و ادیب

نعتیہ مجموعہ ذکرِ رسول انام ﷺ۔

وفات ۲۵؍اکتوبر ۲۰۱۲ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ عقیل عباس جعفری (کراچی)۔

اہل قلم ڈائریکٹری ۲۰۱۰ء

انور میر، محمد

پنجابی واردو شاعروادیب، منظوم سیرت نگار، نعتیں بھی خوب کہتے تھے۔

مصنف عالم داسر کردہؐ (پنجابی منظوم سیرت: ۲۰۰۳)

ولادت ۱۹۴۰ء سارو کی ضلع گجرات

وفات ۷؍دسمبر ۲۰۰۵ء سارو کی ضلع گجرات

تدفین سارو کی ضلع گجرات

مآخذ عارف علی میر (گجرات)

آثم فردوسی (میاں عبدالحمید)

اردو غزل اور نعت کے معروف شاعر، تلمیذ سیّد عشقی الہاشمی

نعتیہ مجموعے مہمانِ معلیٰ (۱۹۹۶ء)

عرشِ رسا (۱۹۹۶ء)۔ سفیرِ کائنات (۲۰۰۳ء)

ولدیت عبدالکریم

ولادت ۸؍جولائی ۱۹۳۲ء سیالکوٹ

وفات جولائی ۲۰۰۶ء لاہور

تدفین لاہور

مآخذ ماہنامہ سیارہ لاہور سالنامہ ۲۰۰۷ء۔ ک م ا

آرزو اکبر آبادی (عبدالرحمٰن)

ممتاز اردو شاعر، ملی وفلمی نغمہ نگار

نعتیہ مجموعہ کیفِ بہاراں (۱۹۵۷ء)

ولادت ۳؍اگست ۱۹۱۸ء بھوانی ضلع حصار (پنجاب)

وفات ۵؍اپریل ۱۹۸۱ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ وفیاتِ مشاہیر اردو

آسی ضیائی، پروفیسر (امان اللہ خاں)

اردو کے ممتاز شاعروادیب، نقاد، محقق، مترجم، ماہر تعلیم۔ صدر نشین مجلس ادارت مجلّہ سیارہ لاہور۔ مرزا غالب کے شاگرد علاء الدین علائی کے خاندان کے فرد۔

نعتیہ مجموعہ حسرتِ نعت (طویل نعتیہ نظم: ۱۹۷۲ء)

ولدیت مولوی ضیاء اللہ خاں

ولادت یکم اگست ۱۹۲۰ء رام پور (یوپی)

وفات ۱۴؍جنوری ۲۰۰۹ء لاہور

تدفین علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور

مآخذ قومی زبان کراچی اپریل ۲۰۰۹ء۔ ک م ا

آصف صابری، حکیم (وزیر الدین)

پیر طریقت، شاعروادیب، خلیفہ بابا رستم علی

کتب بابِ حرم (نعت ومنقبت۔ ۱۹۵۵ء)

ولدیت حکیم شہاب الدین چشتی نظامی

ولادت ۲۱؍جون ۱۹۱۷ء جالندھر

وفات ۲؍اگست ۱۹۹۷ء

تدفین تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

مآخذ شمیم جالندھر

آصف مصرانی (احمد خان)

سندھی اور اردو زبان کے شاعر، ادیب، وسانح نگار، مترجم

نعتیہ مجموعہ نعتن جونذرانو

ولدیت محمد اسماعیل مصرانی

ولادت ۸؍جولائی ۱۹۲۲ء گوٹھ مٹھو ببر تحصیل خیر پور

ناتھن شاہ ضلع دادو

وفات ۱۵؍جولائی ۱۹۸۹ء حیدر آباد

تدفین گوٹھ مٹھو ببر تحصیل خیر پور ناتھن شاہ، دادو

ماخذ دُرِ نایاب عرف یادِ رفتگاں۔ ک م ا

آغا صادق (پروفیسر سیّد صادق حسین نقوی)

اردو اور فارسی کے ممتاز شاعر و ادیب، ماہر تعلیم و موسیقی۔ ریٹائرڈ پرنسپل۔ کوئٹہ میں ادبی تنظیموں کے روحِ رواں۔

نعتیہ مجموعے شاخِ طوبیٰ (فارسی نعت: ۱۹۵۳ء)

چشمۂ کوثر (نعت منقبت: ۱۹۶۷ء)

ولدیت سیّد خیر علی شاہ

ولادت ۲۵؍دسمبر ۱۹۰۹ء ڈیرہ سیّداں تحصیل سلطان پور لودھی ضلع لودھیانہ

وفات یکم جولائی ۱۹۷۷ء کوئٹہ

تدفین کوئٹہ

ماخذ بلوچستان میں اردو شاعری۔

آفتاب احمد وارثی، حافظ

عالم دین، خطیب، اردو اور پنجابی کے شاعر، نعت گو

شعری کتب انوارِ شہ لولاک (۱۹۸۴ء)

سوزِ جہاں تاب (۱۹۹۲ء)

ولدیت محمد رمضان

ولادت ۱۵؍دسمبر ۱۹۱۷ء جلالپور جٹاں ضلع گجرات

وفات ۷؍اپریل ۱۹۹۷ء

تدفین قبرستان لالے دا کھوہ، جلالپور جٹاں ضلع گجرات

ماخذ معلومات از ایم اے شاد (جلالپور جٹاں)

آفتاب کریمی

حمد و نعت کے ممتاز شاعر۔ بانی کتابی سلسلہ "سفیر نعت" کراچی

نعتیہ مجموعے آنکھ بنی کشکول (۱۹۹۷ء)

قوسین (حمد و نعت: ۲۰۰۵ء)

ممدوح خلائق (۲۰۰۸ء)

ولدیت حکیم کریم الدین احمد

ولادت ۱۹۴۴ء دہلی

وفات ۲۷؍جون ۲۰۰۷ء کراچی

تدفین کراچی

ماخذ کتابی سلسلہ تذکرہ کراچی شمارہ ۲

باقی صدیقی (محمد افضل)

اردو اور پنجابی کے نامور شاعر و ادیب، ڈرامہ و فیچر رائٹر، صحافی

نعتیہ مجموعہ زادِ راہ (۱۹۸۴ء)

ولدیت احمد جی

ولادت ۲۰؍دسمبر ۱۹۰۸ء سہام، راولپنڈی

وفات ۸؍جنوری ۱۹۷۲ء راولپنڈی

تدفین قبرستان قریشیاں، سہام، راولپنڈی

ماخذ لوحِ مزار۔ پنجابی ادب دی کہانی،

بخت علی بخت، فقیر

سرائیکی کے ممتاز صوفی شاعر، پیر سلسلہ قادریہ اویسیہ

نعتیہ مجموعہ ختم الرسلؐ دی شان (۱۹۳۶ء)

ولدیت نبی بخش خاں رانا

ولادت ۱۸۸۸ء احمد پور لمہ ضلع رحیم یار خاں

وفات ۲۴/مارچ ۲۰۰۰ء
تدفین احمد پور لمہ ضلع رحیم یار خاں
ماخذ ضلع رحیم یار خان کی علمی وادبی شخصیات

بدرالدین بدر

معروف نعت خواں ونعت گو شاعر
نعتیہ مجموعے ثنائے حبیبؐ۔ نغمۂ حضورؐ
ولادت ۱۹۵۰ء گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ
وفات ۲/نومبر ۲۰۰۰ء اسلام آباد
تدفین گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ
ماخذ م ح۔ قصوری

بدر الہ آبادی (ظل حسنین)

اردو شاعر، مرثیہ گو
نعتیہ مجموعہ یا شافع اُممﷺ
ولادت ۱۹۰۹ء الہ آباد (بھارت)
وفات ۱۹/جنوری ۱۹۷۶ء کراچی
تدفین کراچی
ماخذ اردو مرثیہ پاکستان میں

برق اجمیری (محمد عبدالعظیم خاں)

اردو کے ممتاز شاعر
شعری مجموعہ افکارِ برق (نعت ودیگر کلام: ۱۹۹۲ء)
ولدیت محمد عبدالکریم
ولادت ۲۰/جنوری ۱۹۱۲ء اجمیر شریف
وفات ۲۳/جولائی ۱۹۹۸ء کراچی
تدفین قبرستان شاہ فیصل کالونی، کراچی
ماخذ کتابی سلسلہ 'تذکرہ' کراچی شمارہ ۲
معلومات از جناب انور جاوید ہاشمی

برق نوشاہی، ابوالکمال غلام رسول

اردو، پنجابی اور فارسی شاعر، ادیب، محقق، عالم دین
سلسلہ نوشاہیہ کے معروف پیر طریقت۔ درجنوں کتب شاعری، تذکرہ، سوانح، تصوف کے مصنف، مؤلف
نعتیہ مجموعہ نعتِ نوشاہی
ولادت ۷/اگست ۱۹۲۴ء چک سواری
ضلع میر پور (آزاد کشمیر)
وفات ۲/اپریل ۱۹۸۵ء لاہور
تدفین ڈوگہ شریف نزد دولت نگر ضلع گجرات
ماخذ خفتگانِ خاکِ گجرات

بسمل آغائی (عبدالرحمٰن خاں)

اردو ممتاز شاعر، تلمیذ عارف اکبر آبادی، مرید آغا محمد قاسم حیدر آبادی
شعری مجموعہ سلسلۂ خواب (حمد، نعت ودیگر کلام: ۱۹۸۰ء)
مرتب رباعیاتِ صادق
ولدیت حاجی رسول خاں
ولادت ۱۷/اگست ۱۹۳۱ء آگرہ
وفات ۲۴/مئی ۱۹۸۷ء حیدر آباد
تدفین حیدر آباد (سندھ)
ماخذ وفیاتِ اہل قلم

بشیر احمد چشتی صابری، مولانا حاجی محمد

معروف عالم دین، عربی شاعر، پیر طریقت، مرید مولانا رحم الٰہی منگلوری۔ بانی مدرسہ عربیہ انوار الاسلام کوٹ ادو

نعتیہ مجموعے قصیدہ حب الحبیب۔ مقامِ رسولؐ۔ مقامِ رسالت۔

ولدیت مولانا حاجی پیر محمد حنیف

ولادت ۱۹۱۰ء سونی پت

وفات ۲۳ر ستمبر ۱۹۸۶ء (۱۸ محرم ۱۴۰۷ھ)

تدفین مدرسہ عربیہ انوار الاسلام کوٹ ادو، مظفر گڑھ

مآخذ مزاراتِ اولیائے ڈیرہ غازی خان ڈویژن

بشیر حسین ناظم

معروف نعت گو شاعر، ادیب، محقق، ماہر لسانیات سرپرست ''بزم حمد و نعت'' اسلام آباد۔ ریٹائرڈ ڈائریکٹر جنرل وفاقی وزارتِ مذہبی امور

نعتیہ مجموعے نوری طاق (پنجابی)۔ خوانِ رحمت (سلامِ رضا پر تضمین) جمالِ جہاں فروز (غالب کی غزلوں پر کہی گئیں نعتیں: ۱۹۹۸ء)

اعزاز صدارتی اعزاز برائے حسنِ کارکردگی

ولدیت میاں غلام حسین چوہان

ولادت ۲۵ر اکتوبر ۱۹۳۲ء، بختے والا، گوجرانوالہ

وفات ۱۷ر جون ۲۰۱۲ء اسلام آباد

تدفین ایچ ایٹ، اسلام آباد (پلاٹ ۲۲ قبر ۱۱۸)

مآخذ لوحِ مزار۔ نوائے وقت راولپنڈی ۱۸ر جون ۱۲

بہزاد لکھنوی (سردار حسین خاں)

نامور شاعر و نعت خواں۔ ریڈیو پاکستان سے وابستہ رہے

نعتیہ مجموعے نغمۂ نور۔ موجِ طہور۔ کرم بالائے کرم۔ نغمۂ روح۔ بستانِ بہزاد۔ چراغِ طور۔ نغمۂ طور ارمانِ حرم۔ درمانِ غم۔ آہِ ناتمام۔ بت کدہ مصحفِ بہزاد۔ کیف و سرور۔ نعتِ رسولؐ۔ کفر و ایمان (۱۹۴۸ء)۔ ثنائے حبیب (۱۹۵۴ء) ذکرِ حضورؐ (۱۹۵۶ء)

والد انور بہزاد و افسر بہزاد

ولدیت سجاد حسین خاں

ولادت یکم جنوری ۱۹۰۰ء لکھنو

وفات ۱۰ر اکتوبر ۱۹۷۴ء کراچی

تدفین احاطہ درگاہ نیازیہ، سخی حسن، کراچی

مآخذ تذکرۂ ماہ و سال۔ ہمارے اہلِ قلم

بیتاب نظیری (عبدالوہاب خان)

معروف اردو شاعر، تلمیذ سیّد نذیر الحسن نظیر کھتولوی ہومیو پیتھ ڈاکٹر، ماہر علم عروض و علم نجوم، روحانی معالج ناظم اعلیٰ انجمن ترقی اردو مظفر نگر (یوپی۔ ۵۱۔ ۱۹۴۸ء)

نعتیہ مجموعہ نغمۂ بیتاب

ولادت ۱۷ر اپریل ۱۹۱۴ء مظفر نگر (یوپی)

وفات ۳۱ر اگست ۱۹۸۷ء لانڈھی کراچی

تدفین کراچی

مآخذ جنگ کراچی یکم ستمبر ۱۹۸۷ء۔

بے چین رجپوری (سیّد محمد حسین)

عربی فارسی اور اردو کے ممتاز نعت گو شاعر
نعتیہ مجموعے نیر حرم (۱۹۸۸ء)۔
نذرانۂ عقیدت بہ درگاہِ رسالت

ولادت جولائی ۱۹۱۱ء رجپور ضلع بدایوں (یوپی)
وفات ۲۴/ مئی ۲۰۰۱ء لاہور
تدفین لاہور
مآخذ م ح۔ پاکستان میں فارسی ادب جلد ۶

بیدل جبلپوری (عبدالباقی)

اردو کے ممتاز نعت گو شاعر
مجموعۂ نعت انوارِ طیبہ
ولادت ۱۹۰۷ء جبلپور (سی پی)
وفات ۱۹۸۲ء کراچی
تدفین کراچی
مآخذ تاریخِ رفتگاں ۲

پرنم الہٰ آبادی (محمد موسیٰ)

اردو کے گوشہ نشین، صوفی منش شاعر جن کی نعتیہ قوالیوں کو پاکستان اور بھارت میں لازوال شہرت حاصل ہوئی۔ تلمیذ قمر جلالوی۔ ''بھر دو جھولی میری یا محمدؐ''، تاجدارِ حرم ہو نگاہِ کرم''، ''مائی حلیمہ گود میں تیری چاند اترنے والا ہے''، جیسی شہرۂ آفاق قوالیوں کے خالق۔ نصرت فتح علی خاں اور غلام فرید صابری قوال کے لئے بے شمار مقبول قوالیاں لکھیں۔ شعری مجموعہ پھول دیکھے نہ گئے

ولدیت حاجی محمد اسحاق
ولادت ۱۹۴۰ء الہٰ آباد
وفات ۲۹/ جون ۲۰۰۹ء لاہور
تدفین میانی صاحب، لاہور
(ساغر صدیقی کی قبر کے قریب)
مآخذ ایکسپریس اسلام آباد ۵/ جولائی ۲۰۰۹ء

پروین جاوید

ممتاز اردو نعت گو شاعرہ
نعتیہ مجموعے: حضوری چاہتی ہوں (۲۰۰۲ء)
سر طیبہ (وزارتِ مذہبی امور ایوارڈ یافتہ)
زوجہ سرور جاوید (شاعر، نقاد، کالم نگار)
ولادت ۱۰/ مئی ۱۹۵۳ء
وفات ۱۳/ مئی ۲۰۰۷ء کراچی
تدفین کراچی
مآخذ جنگ کراچی ۱۴/ مئی ۲۰۰۷ء

پیر محمد زبیرانی

بلوچی اور براہوی کے ممتاز شاعر و ادیب، مترجم
شعری مجموعہ تجلی (حمد و نعت)
ولدیت لعل محمد لہڑی
ولادت ۱۹۲۷ء عمر ڈھور علاقہ دشت ضلع مستونگ
وفات ۲۶/ اگست ۱۹۹۹ء سریاب
تدفین سریاب، کوئٹہ
مآخذ سہ ماہی 'دے ٹک' کوئٹہ جولائی تا ستمبر ۱۹۹۹ء

پیر محمد کاوش

گجرات کے معروف اردو و پنجابی شاعر، تلمیذ پیر فضل گجراتی۔ طبیب۔طب پر کئی کتب کے مؤلف

مجموعہ درودِ کاوش (منظوم درود)

ولادت ۱۹۱۵ء گجرات

وفات ۱۷/دسمبر ۲۰۰۵ء گجرات

تدفین گجرات

مآخذ درودِ کاوش۔معلومات از رحمت اللہ شہزاد

تابش دہلوی (سیّد مسعود الحسن)

نامور اردو شاعر، تلمیذ فانی بدایونی، براڈ کاسٹر، سابق نیوز کاسٹر

نعتیہ مجموعہ تقدیس (نعت، منقبت: ۱۹۸۵ء)

ولدیت سیّد سناء الحسن

ولادت ۹/نومبر ۱۹۱۱ء دہلی

وفات ۲۳/ستمبر ۲۰۰۴ء کراچی

تدفین سخی حسن، کراچی

مآخذ جنگ راولپنڈی ۲۴/ستمبر ۲۰۰۴ء۔ ماہِ شکستہ

تابش صمدانی (طفیل احمد)

معروف اردو نعت گو شاعر، قانون دان (علیگ)

نعتیہ مجموعے برگِ ثنا (۱۹۸۸ء)۔ مرحبا سیّدی (۱۹۹۰ء)

ولادت ۲۰/اگست ۱۹۴۱ء

وفات ۱۵/اپریل ۲۰۰۲ء ملتان

تدفین ملتان

مآخذ قومی زبان کراچی مئی ۲۰۰۳ء۔

تاج عرفانی (تاج الدین احمد)

اردو اور پنجابی کے ممتاز ادیب، شاعر، صحافی، عالم، طبیب کئی اخبار و رسائل کے بانی

نعتیہ مجموعہ ردۃ التاج (طویل نعتیہ قصیدہ)

ولدیت ملا محمد بخش صحافی

ولادت اپریل ۱۸۸۴ء لاہور

وفات ۱۱/مئی ۱۹۵۹ء لاہور

تدفین بجوار مزار حضرت طاہر بندگی، قبرستان میانی صاحب، لاہور

مآخذ وم پ۔ نقوش لاہور نمبر ۲۔ تاریخِ رفتگاں ۲

تاج قائم خانی (گلاب خان)

ممتاز اردو شاعر و ادیب، سرپرستِ اعلیٰ کتابی سلسلہ پہچان

نعتیہ مجموعہ بن جائے سنسار مدینہ (۲۰۰۷ء)

ولدیت احمد خاں

ولادت ۱۳/مئی ۱۹۲۹ء قصبہ سبحان گڑھ، گھانگھو ضلع بیکانیر

وفات ۲۱/اگست ۲۰۱۱ء

تدفین میر پور خاص (سندھ)

مآخذ کیپٹن شاکر کنڈان (سرگودھا)

تبسم رضوانی، ڈاکٹر (حبیب اللہ قریشی)

معروف اردو شاعر و ادیب، تلمیذ شرقی بن شائق، صحافی، بانی صدر مجلس شمع ادب (تاسیس ۱۹۵۳ء)

بانی مدیر ماہنامہ 'احساسات' راولپنڈی (۱۹۷۰ء)

نعتیہ مجموعہ حمد وثناء (حمد ونعت۔۱۹۷۶ء)
ولدیت محمد عبداللہ قریشی
ولادت ۲۷؍جولائی ۱۹۲۹ء انبالہ چھاؤنی
وفات ۷؍دسمبر ۱۹۹۰ء لاہور
تدفین میانی صاحب، لاہور
مآخذ نوائے وقت لاہور ۸؍دسمبر ۱۹۹۰ء۔

تبسم قریشی (کیپٹن محمد رمضان)

گجرات کے اردو و فارسی شاعر، ادیب، مترجم، صحافی، مدیر ہفت روزہ 'غازی'، 'محبِ کسان' گجرات

نعتیہ مجموعہ اے خاصہ خاصان رسل (۱۹۷۴ء)
ولدیت مولوی عبدالکریم قلعہ داری
ولادت ۱۴؍جنوری ۱۸۹۹ء قلعہ دار ضلع گجرات
وفات ۱۸؍دسمبر ۱۹۷۳ء گجرات
تدفین قبرستان خواجگان، گجرات
مآخذ خفتگانِ خاکِ گجرات

تہور علی زیدی، حکیم سیّد

ممتاز طبیب و شاعر، تلمیذ سلیم ہاپوڑی۔ پرنسپل سندھ طبیہ کالج حیدر آباد۔ کارکن تحریکِ پاکستان، سیکرٹری سٹی مسلم لیگ بلند شہر

مجموعۂ کلام نمودِ صبح (نعت و غزل۔۱۹۸۸ء)
والد ڈاکٹر سیّد ظفر زیدی (وی سی جامعہ کراچی)
ولدیت حکیم سیّد انوار الحق زیدی
ولادت اگست ۱۹۱۱ء موضع سیٹھ، گلاؤٹھی ضلع بلند شہر
وفات ۲۲؍دسمبر ۱۹۹۰ء
تدفین حیدر آباد (سندھ)
مآخذ وفیاتِ اعیان پاکستان۔گلاؤٹھی۔
تذکرہ شعرائے اردو حیدر آباد

ثاقب زیروی (محمد صدیق)

ممتاز اردو شاعر و ادیب، صحافی، دانشور، ماہر تعلیم۔ بانی مدیر ہفت روزہ 'لاہور (۱۹۵۲ء تا وفات)

شعری مجموعہ شہابِ ثاقب (نعت و دیگر کلام: ۱۹۶۰ء)
ولدیت حکیم اللہ بخش
ولادت اکتوبر ۱۹۱۸ء ماہی والا ضلع قصور
وفات ۱۳؍جنوری ۲۰۰۲ء لاہور
تدفین ربوہ ضلع جھنگ
مآخذ نوائے وقت لاہور ۱۴؍جنوری ۲۰۰۲ء، ک م ا

جامی بدایونی (مولانا محمد عبد الجامع)

عالم دین، روحانی بزرگ، نعت و منقبت کے کہنہ مشق شاعر،

شعری مجموعہ زادِ آخرت (نعت و دیگر کلام: ۱۹۹۲ء)
ولدیت حاجی عبد القدیر قدیر قادری صدیقی
ولادت ۱۴؍مارچ ۱۸۸۰ء بدایوں (یوپی)
وفات ۲۲؍اپریل ۱۹۶۵ء کراچی
تدفین لیاقت آباد بی ایریا قبرستان، کراچی
مآخذ انوار علمائے اہل سنت سندھ

جان محمد اضعف ہالائی

سندھی کے ممتاز نعت گو شاعر، ادیب، کارکن تحریکِ خلافت

مصنف احوال محمدی انجمن مولود النبیؐ

ولدیت　عبدالرؤف ابڑو

ولادت　۱۴/ اگست ۱۸۹۷ء ہالا

وفات　۸/ مارچ ۱۹۷۹ء

تدفین　ہالا ضلع حیدر آباد (سندھ)

مآخذ　دُرِ نایاب عرف یادِ رفتگاں

جاوید احسن خان

ڈیرہ غازی خان کے معروف شاعر و نقاد۔

سابق ریذیڈنٹ ڈائریکٹر نیشنل سنٹر ڈیرہ غازی خان

نعتیہ مجموعہ　لوحِ شفاعت (۲۰۰۹ء)

تنقید　فی احسن التقویم (نعتیہ شاعری پر تنقید: ۹۷ء)

ولادت　یکم دسمبر ۱۹۴۸ء تونسہ شریف

وفات　۵/ اکتوبر ۲۰۱۴ء ڈیرہ غازی خان

تدفین　ڈیرہ غازی خان

ماخذ　صبیح الدین صبیح رحمانی (کراچی)

جاوید سوز، ڈاکٹر (فتح محمد کھوکھر)

معروف اردو و پنجابی شاعر، اردو ادیب، ناول نگار

نعتیہ مجموعے　گنبدِ خضریٰ (۱۹۹۹ء)

مقصودِ کائنات محمد ﷺ (۲۰۰۲)

ولدیت　کرم الٰہی کھوکھر

ولادت　۱۰/ اکتوبر ۱۹۲۶ء لالہ موسیٰ ضلع گجرات

وفات　۱۰/ فروری ۲۰۱۰ء امریکہ

تدفین　امریکہ

آخذ　اطلاع رحمت اللہ شہزاد (گجرات)

جعفر بلوچ (غلام جعفر)

اردو کے ممتاز شاعر و ادیب، محقق، ریٹائرڈ پروفیسر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور، شعبہ اُردو اور گورنمنٹ سائنس کالج، وحدت روڈ لاہور میں ۱۵، ۱۵/ سال خدمات انجام دیں۔

نعتیہ مجموعہ　بیعت (۱۹۸۹ء)

ولدیت　غلام حسن خان

ولادت　۲۷/ جنوری ۱۹۴۷ء کچے کا علاقہ ضلع لیہ

وفات　۲۷/ اگست ۲۰۰۸ء لاہور

تدفین　قبرستان شاہ کمال، وحدت کالونی لاہور

مآخذ　شعیب جعفر بلوچ (بیٹا)

جعفر علی عشقی، سیّد

سیالکوٹ کے ممتاز اردو شاعر، صحافی، طبیب

مدیر مجلّہ 'جالینوس' سیالکوٹ، مجلّہ 'آرٹ' امرتسر

نعتیہ مجموعہ　مطلعِ انوار (۱۹۷۸ء)

ولدیت　فتح علی کربلائی

ولادت　۱۹۰۹ء سیالکوٹ

وفات　۲۸/ اکتوبر ۱۹۸۳ء سیالکوٹ

تدفین　خانقاہ سہریاں والی، راجہ روڈ، سیالکوٹ

مآخذ　وفیاتِ اہلِ قلم

جمیل حسین رضوی، سیّد

اردو شاعر، تلمیذ نظیر احمد میرٹھی

نعتیہ مجموعہ　اوصافِ ختم المرسلین ﷺ (۱۹۷۸ء)

ولدیت　سیّد مظفر حسین

ولادت ۱۹۰۷ء امروہہ ضلع مراد آباد

وفات ۲۰ر جولائی ۱۹۹۱ء کراچی

تدفین کراچی

ماٰخذ پاکستان کے نعت گو شعراء۔

جمیل عظیم آبادی (محمد جمیل احسن)

کراچی کے ممتاز شاعر و ادیب، بانی "مجلس احبابِ ملت"۔
برسوں اپنے گھر میں علمی و ادبی مجالس کا اہتمام کرتے رہے۔

شعری کتب وحدت و مدحت (حمد و نعت: ۱۹۸۷ء)
الرحمٰن (حمد: ۲۰۰۰ء)
المدثر (نعت: ۲۰۰۱ء)

ولادت ۷ر جنوری ۱۹۲۴ء عظیم آباد، پٹنہ (بہار)

وفات ۵ر مئی ۲۰۱۱ء کراچی

تدفین کراچی

ماٰخذ جنگ کراچی ۶ر مئی ۲۰۱۱ء

جمیل ملک (عبدالجمیل)

اردو اور پنجابی کے ممتاز شاعر و ادیب، نقاد، ماہر تعلیم
ریٹائرڈ وائس پرنسپل سرسیّد کالج راولپنڈی۔
متعدد شعری کتب کے خالق

شعری مجموعہ اوصاف (حمد و نعت۔ ۱۹۹۷ء)

ولدیت ملک کریم بخش پراچہ

ولادت ۱۲ر اگست ۱۹۲۸ء راولپنڈی

وفات ۱۳ر نومبر ۲۰۰۱ء راولپنڈی

تدفین قاسم آباد، راولپنڈی

ماٰخذ جمیل ملک: فن اور شخصیت

جمیل نظر (جمیل احمد)

اردو کے ممتاز شاعر و نقاد

نعتیہ مجموعہ ایقان (نعت، منقبت۔ ۱۹۹۴ء)

ولادت ۱۲ر دسمبر ۱۹۲۵ء سرولی تحصیل آنولہ ضلع بریلی

وفات ۱۸ر اگست ۱۹۹۳ء کراچی

تدفین قبرستان صدیق آباد، نیو کراچی، کراچی

ماٰخذ غزل لہجہ۔ ک م ا

جمیل نقوی امروہوی، سیّد (جمیل احمد)

ممتاز شاعر و ادیب، محقق، نقاد، مترجم، متعدد کتب کے خالق
ریٹائرڈ ڈپٹی ڈائریکٹر ایکسپورٹ پروموشن بیورو

نعتیہ مجموعے ارمغانِ جمیل (۱۹۸۵ء)
Lyric Homage

ولدیت سیّد عقیل احمد نقوی

ولادت ۷ر جنوری ۱۹۱۲ء امروہہ

وفات ۱۹ر جنوری ۱۹۹۹ء کراچی

تدفین سخی حسن، کراچی

ماٰخذ دبستانوں کا دبستان کراچی

جوہر نظامی (راجہ عبدالغفور)

معروف شاعر۔ سرگودھا اور خوشاب کی ممتاز ادبی شخصیت

شعری مجموعہ برجِ نور (نعت، منقبت، سلام۔ ۲۰۰۰ء)

والد پروفیسر فرخ راجہ، حسن اختر جلیل

ولدیت راجہ غلام حسن

ولادت ۶ر جولائی ۱۹۰۹ء شاہ پور صدر (سرگودھا)

وفات ۱۸/اگست ۱۹۹۶ء

تدفین قبرستان نزد نسیم کالونی (جوہر آباد)، خوشاب

مآخذ اخبارِ اردو اسلام آباد کتوبر ۲۰۰۸ء

چراغ دین جونے کے والا

معروف پنجابی شاعر، تحریکِ پاکستان کے شاعر، مرید میاں شیر محمد شرقپوری۔ درجنوں مختصر قصوں کے خالق

نعتیہ مجموعے رب دا حبیبؐ۔ گلزارِ محمدیؐ (۱۹۵۷ء)

ثنائے رسولؐ۔ چراغ محمدیؐ۔ چراغ مدینہ

مدینے دے موتی۔ گلدستہ نورانی (دو حصے)

والد محمد علی چراغ (ادیب، مصنف)

ولدیت اللہ دتہ

ولادت ۱۷/جولائی ۱۸۹۸ء جونے کے ضلع قصور

وفات ۱۲/فروری ۱۹۹۵ء لاہور

تدفین شاہ کمال، راواں، اچھرہ، لاہور

مآخذ الرشید لاہور مئی ۱۹۹۶ء

چراغ شاہ نقشبندی، پیر سیّد

پیر طریقت، صوفی شاعر، مرید پیر جماعت علی شاہ لاثانی

مصنف ذکرِ حبیب کم نہیں وصلِ حبیب سے

ولدیت سیّد حسین شاہ

ولادت ۱۸۷۷ء مراڑہ ضلع سیالکوٹ

وفات ۴/اپریل ۱۹۶۹ء

تدفین بالمقابل والٹن ٹریننگ سکول، لاہور کینٹ

مآخذ مدینۃ اولیاء۔ وم پ

چنگیز، جسٹس اے آر (عبدالرحمٰن)

نامور ماہر قانون، شاعر و ادیب، کارکن تحریکِ پاکستان

بانی صدر انجمن خدام الاسلام، راولپنڈی

ایڈووکیٹ جنرل مغربی پاکستان (۵۶۔۱۹۵۵ء)

جج مغربی پاکستان ہائیکورٹ (۶۰۔۱۹۵۶ء)

چیئر مین لیبڈ وٹریبونل (۶۲۔۱۹۶۰ء)

مجموعۂ کلام گلدستہ حمد و نعت (۱۹۸۵ء)

ولدیت صوبیدار ڈاکٹر محمد عبداللہ

ولادت ۴/جون ۱۹۰۲ء لدھیانہ

وفات یکم اپریل ۱۹۸۵ء

تدفین لاہور

مآخذ وم پ۔ افکار راولپنڈی ڈائریکٹری

حاجرہ مشکور ناصری

اردو اور پنجابی کی معروف شاعرہ وادیبہ

نعتیہ مجموعہ صدقے جاواں محمدؐ دی شان اُتوں (۱۹۹۹ء)

دختر مولانا عبدالرحیم ناصری

ولادت ۱۹۲۷ء جلالپور جٹاں ضلع گجرات

وفات ۵/جون ۲۰۰۳ء لاہور

تدفین لاہور

مآخذ چھ ماہی لیکھ لاہور جنوری تا جون ۲۰۰۸ء

حافظ لدھیانوی (سراج الحق)

نامور اردو نعت گو شاعر، ادیب، سفر نامہ نگار۔ ۳ درجن کتب

حمدیہ مجموعے ذوالجلال والاکرام (۱۹۸۶ء)

سبحان اللہ وبحمدہ (۱۹۹۰ء)

سبحان اللہ العظیم (۱۹۹۰ء)

نعتیہ مجموعے ثنائے خواجہ (۱۹۷۱ء)۔نشیدِ حضوری (۸۰ء)
نعتیہ قطعات (۱۹۸۱ء)۔کیفِ مسلسل (۸۲ء)
مطلعِ فاراں (۱۹۸۷ء)
صل علیٰ النبی صل اللہ علیہ وسلم (۱۹۹۰)۔
یا صاحب الجمال (۱۹۹۰ء)
جذبِ حسان (۱۹۹۱ء)۔تائید جبریل (۹۲ء)
نعتیہ رباعیات (۱۹۹۲ء)۔
خاتم النبیین کے حضور ہدیہ اشعار (۱۹۹۳ء)
سلام بحضور خیر الانام ﷺ (۱۹۹۳ء)۔
معراجِ فن (۱۹۹۴ء)۔آہنگِ ثناء (۱۹۹۵ء)
نعتیہ مثنویاں (۱۹۹۵ء)۔اعترافِ عجز (۹۶)
فردوس خیال (۱۹۹۶ء)۔ہمہ رنگ (۱۹۹۶ء)
ممدوحِ کائنات (۱۹۹۷ء)
نغماتِ مدحت (۹۷ء)۔نقوشِ حرم (۹۸ء)
کیفیاتِ دوام (۹۸ء)۔حدیثِ عشق (۹۸ء)
آئینہ کرم (۱۹۹۸ء)۔مطلع الفجر (۱۹۹۸ء)
مصدرِ خیر (۱۹۹۹ء)۔امام القبلتین (۱۹۹۹ء)
قرآن ناطق (۱۹۹۹ء)

سفرنامے جمالِ حرمین (سفرنامۂ حج:۱۹۸۳ء)
منزلِ سعادت (سفرنامۂ حج:۱۹۸۴ء)
معراجِ سفر (منظوم:۱۹۹۰ء)

ولدیت حافظ محمد عظیم
ولادت ۷رجولائی ۱۹۲۰ء لدھیانہ
وفات ۱۶را کتوبر ۱۹۹۹ء فیصل آباد
تدفین فیصل آباد
مآخذ نوائے وقت راولپنڈی ۱۷را کتوبر ۱۹۹۹ء

حامد الوارثی

ممتاز نعت گو و تاریخ گو شاعر، عالم دین، روحانی شخصیت، تلمیذ سیماب اکبر آبادی

نعتیہ مجموعے: میلادِ حامد (فارسی، اردو و پنجابی نعتیں: ۱۹۶۷ء)
جمالِ مصطفیٰ۔نغمۂ نور (۱۹۸۶ء)
نورِ ہدایت (فارسی نعتیہ قطعات کا پنجابی ترجمہ از صائم چشتی)۔

ولادت ۴رفروری ۱۹۲۴ء حاجی والا ضلع گجرات
وفات ۲۶را کتوبر ۱۹۸۹ء فیصل آباد
تدفین فیصل آباد
مآخذ خفتگانِ خاکِ گجرات

حامد حسن قادری، پروفیسر

نامور اردو ادیب، ادبی نقاد و مؤرخ، محقق، مترجم، ماہر تعلیم، تاریخ گو شاعر۔صدر شعبہ اردو و فارسی سینٹ جانسن کالج آگرہ۔خلیفہ پیر سیّد جماعت علی شاہ علی پوری۔

نعتیہ مجموعے بیاضِ نعتیہ۔باقیاتِ حامد حسن قادری
(مرتبہ اورنگ زیب نیازی۔۲۰۰۶)

ولدیت احمد حسن وکیل
ولادت ۱۰رمارچ ۱۸۸۷ء بھچرایوں ضلع مراد آباد
وفات ۶رجون ۱۹۶۴ء کراچی
تدفین پاپوش نگر، کراچی
مآخذ وفیاتِ اہل قلم

حامد خان مظہر

نعت گو اردو شاعر

مجموعۂ نعت گل طیبہ (۲۰۰۷ء)

ولدیت محمد خان

ولادت ۲۶/اپریل ۱۹۴۵ء پہاڑ گنج، دہلی

وفات ۱۱/اگست ۲۰۰۸ء کراچی

تدفین عظیم پورہ قبرستان، شاہ فیصل کالونی، کراچی

مآخذ کتابی سلسلہ 'تذکرہ کراچی شمارہ ۲

حبیب احمد محسنی تلہری، سیّد

ممتاز عالم دین، خطیب و پیر طریقت، نعت گو شاعر

نعتیہ مجموعے نذرِ حبیبؐ (۱۹۷۷ء)۔ثنائے حبیب۔

برق نور (۲۰۰۶ء: مرتبہ: محمد عارفین خان)

ولدیت سیّد محمد محسن

ولادت ۱۹۰۱ء قصبہ تلہر ضلع شاہجہانپور

وفات ۲۹/اگست ۱۹۹۲ء حیدر آباد

تدفین امانی شاہ کالونی، لطیف آباد نمبر ۱۱، حیدر آباد

مآخذ انوار علمائے اہل سنت سندھ

حبیب اشعر دہلوی، حکیم

لاہور کے ممتاز طبیب، شاعر و ادیب، مترجم۔شریک مدیرسہ ماہی 'فنون' لاہور۔حکیم محمد اجمل خاں کے نواسہ

مصنف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ولدیت حکیم قاسم جان

ولادت یکم جنوری ۱۹۱۹ء فیروز پور، دہلی

وفات ۱۴/جون ۱۹۷۱ء لاہور

تدفین گلبرگ، لاہور

مآخذ خ خ ل۔اردو جامع انسائیکلوپیڈیا

حبیب اللہ حاوی، صوفی

ممتاز نعت گو شاعر و صوفی

نعتیہ مجموعے جمالستانِ رحمت (۱۹۹۲ء)

جمالستانِ حرم (۱۹۹۲ء)

ولادت مئی ۱۹۱۴ء قصبہ جائس، رائے بریلی

وفات ۱۲/جون ۱۹۹۳ء لاہور

تدفین لاہور

مآخذ قومی زبان کراچی مارچ ۱۹۹۴ء

حسرت حسین حسرت

اردو و انگریزی نعت گو، تلمیذ زخمی لکھنوی و احسان دانش

مجموعۂ نعت سماوات (۱۹۹۸ء)

ولادت یکم فروری ۱۹۲۵ء کلیان پور ضلع سارن (بہار)

وفات ۱۹/مارچ ۱۹۹۷ء لاہور

تدفین میانی صاحب، لاہور

مآخذ لاہور میں مشاہیر کے مدفون

حسن المرتضٰی خاور

رحیم یار خاں کے معروف نعت گو شاعر، ادیب

نعتیہ مجموعہ جمالِ مدینہ۔

نثری کتب دیارِ حبیب میں۔حضور کی پیش گوئیاں

ولادت ۱۹۳۱ء واصوا استانہ ضلع جھنگ

وفات ۲۰۰۱ء رحیم یار خاں

تدفین رحیم یار خاں
مآخذ ادبی جائزہ: رحیم یار خاں۔ک م ا

حسن رضوی، ڈاکٹر سیّد

اردو و پنجابی کے ممتاز شاعر و ادیب، سفرنامہ نگار، صحافی و کالم نگار، کمپیئر و استاد۔ صدر شعبہ اردو ایف سی کالج لاہور، انچارج ادبی صفحہ روزنامہ جنگ لاہور۔

نعتیہ کتب جمالِ احمدِ مرسل (۱۹۹۶ء)
مدینے کی ہوا (۲۰۰۰ء)
اعزازت صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی (۹۳ء)
قاضی عبدالغفار عالمی اردو ایوارڈ (بھارت)
ولدیت سیّد کوثر عباس رضوی
ولادت ۱۸ر اگست ۱۹۴۶ء انبالہ
وفات ۱۵ر فروری ۲۰۰۲ء لاہور
تدفین فردوسیہ قبرستان، فیروز پور روڈ، لاہور
مآخذ نوائے وقت راولپنڈی ۱۶ر فروری ۲۰۰۲ء

حسنین کاظمی شاد، سیّد

فارسی و اردو کے ممتاز شاعر و ادیب، مترجم، براڈ کاسٹر سابق ڈپٹی کنٹرولر ریڈیو پاکستان۔

شعری کتب توشہ (اردو حمد و نعت)
ولدیت میر سیّد حسین سعید
ولادت ۱۸ر جولائی ۱۹۲۵ء پلکھنہ ضلع علی گڑھ
وفات ۱۰ر اکتوبر ۱۹۹۹ء اسلام آباد
تدفین مرکزی قبرستان، اسلام آباد (۱۶/۸۲سی)
مآخذ تنہائیاں بولتی ہیں

حسین بلتستانی (محمد حسین خان)

شیعہ عالم، شاعر و ادیب

مصنف اُسوۂ حَسنہ (نعت و قصائد)
وفات ۳۰ر اکتوبر ۱۹۷۰ء
تدفین مرکزی قبرستان، اسلام آباد
مآخذ تنہائیاں بولتی ہیں

حشمت شاہ وارثی، استاد

پنجابی کے معروف قصہ گو شاعر، تلمیذ استاد امام دین گجراتی متعدد مختصر پنجابی قصوں کے خالق۔

نعتیہ کتابچے گلزارِ مدینہ۔ گلبہارِ مدینہ۔ گلزارِ حشمت۔ عرفانِ حشمت۔ مدینے داساقی۔
ولدیت حیات شاہ
ولادت امرتسر
وفات ۱۹۸۱ء کالرہ کلاں ضلع گجرات
تدفین کالرہ کلاں ضلع گجرات
مآخذ ماہنامہ نعت لاہور ستمبر ۱۹۹۷ء

حشمت علی یوسفی

ممتاز اردو شاعر و ادیب

مجموعۂ کلام جمالِ الہام (حمد و نعت۔ ۱۹۸۵ء)
ولادت ۱۹۱۶ء چھتنارہ ضلع بلند شہر (یو پی)
وفات ۲۵ر اپریل ۱۹۸۶ء کراچی
تدفین کراچی
مآخذ وم پ۔ سب رس جولائی ۱۹۸۶ء

حفیظ تائب، پروفیسر (عبدالحفیظ)

اردو اور پنجابی کے نامور نعت گو شاعر۔ نعت اور سیرت پر تحقیقی کتب کے خالق۔ شعبہ پنجابی، اورینٹل کالج لاہور میں ۱۹۷۶ء سے ۲۰۰۳ء تک پڑھاتے رہے۔

نعتیہ مجموعے صلو علیہ وآلہ (اردو: ۱۹۷۳ء)
سِک متراں دی (پنجابی: ۱۹۷۸ء)
وَسلموتسلیما (اردو: ۱۹۹۰ء)
وہی یٰسین وہی طٰہٰ (اردو: ۱۹۹۸ء)
کوثریہ (اردو: ۲۰۰۳ء)
کلیات حفیظ تائب (حمد و نعت: ۲۰۰۵ء)
طاق حرم (اردو مجموعہ باقیات نعت: ۲۰۱۰ء)
اصحابی کالنجوم (اردو پنجابی مناقب اصحابہ)

نثری کتب زیارت حج بیت اللہ (۱۹۷۶ء)
بابِ مناقب (تذکرہ نعت گو شعراء
پنجابی نعت (تحقیقی جائزہ: ۱۹۸۱ء)
کتابیاتِ سیرتِ رسولؐ (۱۹۷۳ء تا ۱۹۸۷ء)

ولدیت حاجی چراغ دین قادری سروری
وطن احمد نگر ضلع گوجرانوالہ
ولادت ۱۴ر فروری ۱۹۳۱ء پشاور (ننھیال میں)
وفات ۱۳ر جون ۲۰۰۴ء لاہور (۱۲ر اور ۱۳ر جون کی درمیانی رات ۱۲ بج کر ۲۵ منٹ پر)
تدفین کریم بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور
مآخذ اک شخص مہکتی چھاؤں سا
وفیاتِ اہل قلم

حفیظ جالندھری، ابوالاثر (محمد حفیظ)

نامور اردو شاعر، قومی ترانہ کے خالق، افسانہ نگار، بچوں کے شاعر، تلمیذ مولانا غلام قادر گرامی جالندھری۔
کارکن تحریکِ پاکستان (گولڈ میڈلسٹ ۱۹۸۸ء)
سابق مدیر 'شباب اردو' 'نونہال' 'ہزار داستان' 'مخزن' لاہور

شعری کتب شاہنامۂ اسلام (۴ جلدیں)
ولدیت حافظ شمس الدین
ولادت ۱۴ر جنوری ۱۹۰۰ء جالندھر
وفات ۲۱ر دسمبر ۱۹۸۲ء لاہور
تدفین اوّلاً ماڈل ٹاؤن لاہور۔ ۲۷ ستمبر ۱۹۹۱ء کو مقبرۂ خاص نزد مینارِ پاکستان، لاہور میں منتقل کیا گیا
مآخذ ماہنامہ قومی زبان کراچی جولائی ۱۹۸۳ء۔
مجالس اقبال

حفیظ صدیقی، پروفیسر (محمد عبدالحفیظ)

معروف اردو شاعر و ادیب، محقق، ماہر لسانیات۔
مدیر ماہنامہ "تحریریں" لاہور

نعتیہ مجموعہ لازوال (۱۹۹۲ء)
ولدیت محمد یوسف علی صدیقی
ولادت ۲۸ر جون ۱۹۳۴ء چوہان قریشیاں تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ
وفات ۲۰ر فروری ۲۰۱۳ء لاہور
تدفین لاہور
ماخذ جنگ لاہور ۲۱ر فروری ۲۰۱۳ء۔
ہمارے اہل قلم

حمید یوسفی (عبدالحمید)

معروف اردو شاعر

نعتیہ مجموعہ قوسین نشین (۲۰۰۷ء)

ولادت ۲۹/اکتوبر ۱۹۳۱ء لاہور

وفات ۵/جولائی ۲۰۱۴ء راولپنڈی

تدفین قبرستان شاہ کاف، نیو کٹاریاں، راولپنڈی

ماخذ اطلاع ڈاکٹر نثار ترابی (راولپنڈی)

حنیف اسعدی (حنیف احمد)

ممتاز اردو نعت گو شاعر و ادیب

نعتیہ مجموعے ذکرِ خیر الانام ﷺ (۱۹۸۴ء)۔

آپ ﷺ (۱۹۹۶ء)۔

حمد و سلام (حمد و نعت)

ولدیت اسعد شاہجہانپوری (ممتاز اردو شاعر)

ولادت یکم جولائی ۱۹۱۹ء شاہجہانپور (یوپی)

وفات ۱۹/دسمبر ۲۰۰۵ء کراچی

تدفین پاپوش نگر، کراچی

مآخذ اطلاع عقیل عباس جعفری (کراچی)

حنیف ساجد (محمد حنیف)

اردو شاعر۔ صدر انجمن ترقی اردو، پھلروان

نعتیہ مجموعہ خورشیدِ بطحا (۲۰۰۶ء)

ولدیت اللہ دیا خان

ولادت ۲/جولائی ۱۹۴۷ء رہتک

وفات ۲۴/جولائی ۲۰۱۱ء پھلروان

تدفین پھلروان ضلع سرگودھا

مآخذ سرگودھا کا دبستان شاعری (جلد اول)

حنیف سوز، محمد

پنجابی شاعر

شعری کتب سچی سرکارؐ۔ نجات دیاں راہواں۔

توحید و رسالت۔ گلدستۂ عقیدت۔

ولدیت ابراہیم

ولادت ستمبر ۱۹۳۰ء بوعہ کلاں علاقہ بینسی

ضلع میرپور (آزاد کشمیر)

وفات ۱۶/جولائی ۲۰۰۵ء برطانیہ

تدفین برطانیہ

مآخذ حرف نذرانے

حیات میرٹھی (حیات احمد)

ممتاز اردو شاعر، صحافی۔ مدیر ماہنامہ 'سخنور' بہاولپور (۶۰۔۱۹۵۴)

ہفت روزہ 'آفتاب مشرق' بہاولپور (اجراء: ۱۹۵۹ء)

نعتیہ مجموعہ شعلۂ فکر (۱۹۶۵ء: اس میں نعت کا الگ حصہ

موجود ہے)

ولدیت طفیل احمد نیاز قریشی

ولادت ۲/نومبر ۱۹۱۵ء سیہور چھاؤنی (بھوپال)

(آبائی وطن قصبہ سراوہ ضلع میرٹھ [یوپی])

وفات ۴/اپریل ۱۹۸۰ء بہاولپور

تدفین قبرستان نور شاہ بخاری بیرون شکارپوری

دروازہ، بہاولپور

مآخذ صحیفۂ تاریخ۔ تذکرہ شعرائے میرٹھ

حیدر گردیزی، سیّد محمد

اردو سرائیکی ہائیکو کے معروف شاعر

نعتیہ مجموعہ آنکھ میں گنبدِ خضریٰ (۱۹۹۹ء)

ولدیت سیّد غلام رسول

ولادت ۱۹۲۶ء

وفات ۷/جون ۱۹۹۱ء ملتان

تدفین ملتان

مآخذ روزنامہ ’پاکستان‘ لاہور ۸/جون ۱۹۹۱ء۔ رفتگان ملتان

حیرت الٰہ آبادی (سیّد مہدی حسن)

ممتاز اردو شاعر، بانی ’بزمِ حیرت‘۔ مدیر مجلّہ ’بقلم خود‘ کراچی

نعتیہ مجموعے مینارۂ نور (۱۹۸۹ء)

نورِ بے مثال (اردو پوربی: ۱۹۹۷ء)

ولدیت سیّد ظفر حسن عبرت الٰہ آبادی

ولادت ۲۸/اکتوبر ۱۹۲۶ء الٰہ آباد (یوپی)

وفات ۱۶/ستمبر ۲۰۰۶ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ اردو بک ریویو ستمبر اکتوبر ۲۰۰۶ء

خادم حسین رزمی، ملک

معروف اردو پنجابی شاعر و ادیب، محقق، ماہر تعلیم

نعتیہ مجموعہ جزائے نعت

ولدیت ملک خان محمد

ولادت ۲ فروری ۱۹۳۲ء گھگھر تحصیل کبیر والا ضلع ملتان

وفات ۲/جنوری ۲۰۰۶ء

تدفین کبیر والہ ضلع خانیوال

مآخذ نوائے وقت راولپنڈی ۱۴/فروری ۲۰۰۶ء

خادم علی نقشبندی، حکیم

معروف شیخِ طریقت، عالم، طبیب، عربی فارسی، اردو و پنجابی کے حمد و نعت کے شاعر، تلمیذ مولانا عبدالقادر ہزاروی

ولدیت حکیم احمد دین

ولادت ۱۵/فروری ۱۸۸۳ء کوٹلی لوہاراں سیالکوٹ

وفات ۲۱/اگست ۱۹۷۱ء کوٹلی لوہاراں سیالکوٹ

تدفین کوٹلی لوہاراں ضلع سیالکوٹ

مآخذ تاریخِ سیالکوٹ۔ تذکرہ شعرائے جماعتیہ

خادمی اجمیری (محمد حسین)

حیدر آباد کے معروف اردو شاعر، تلمیذ نہال اجمیری

نعتیہ مجموعہ نکہت و نور (۱۹۸۵ء)

ولدیت امیر حسین

ولادت ۱۹۲۷ء اجمیر شریف

وفات ۱۳/جون ۱۹۹۶ء حیدر آباد

تدفین حیدر آباد (سندھ)

مآخذ نئی عبارت (حیدر آباد ادب نمبر)

خاطر غزنوی (محمد ابراہیم بیگ)

اردو اور ہندکو کے نامور شاعر و ادیب، ڈرامہ نگار، محقق، نقاد، مترجم، دانشور، کالم نگار۔ سابق ڈائریکٹر جنرل پاکستان اکادمی ادبیات۔ سابق چیئر مین شعبہ اردو پشاور یونیورسٹی

نعتیہ مجموعہ سلسلہ انوار کا (۱۹۹۶ء)
ولادت ۵ر نومبر ۱۹۲۵ء پشاور
وفات ۷ر جولائی ۲۰۰۸ء پشاور
تدفین قبرستان رحمٰن بابا، پشاور شہر
مآخذ نوائے وقت راولپنڈی ۸ر جولائی ۲۰۰۸ء
اخبارِ اردو اسلام آباد اگست ۲۰۰۸ء

خالد احمد

ممتاز شاعر و ادیب' نوائے وقت کے کالم نگار
توصیف احمد' خدیجہ مستور اور حاجرہ مستور کے بھائی
نعتیہ مجموعہ تشبیب (۱۹۸۴ء)
اعزاز صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی (۲۰۱۱ء)
ولدیت مولانا مصطفیٰ خان مداح (عالم و شاعر)
ولادت ۵ر جون ۱۹۴۳ء
وفات ۱۹ر مارچ ۲۰۱۳ء لاہور
تدفین لاہور
ماخذ نوائے وقت راولپنڈی ۲۰ر مارچ ۲۰۱۳ء

خالد بزمی' پروفیسر (محمد یونس)

اردو حمد و نعت کے ممتاز شاعر' ادیب' ماہر تعلیم' اہلحدیث عالم
پروفیسر عربی و علوم اسلامیہ' اسلامیہ کالج ریلوے روڈ لاہور
ریٹائرڈ صدر شعبہ عربی ایم اے او کالج لاہور۔
مدیر 'کریسنٹ' (مجلّہ اسلامیہ کالج) و 'تعلیم و تربیت' لاہور
نعتیہ مجموعے سنہری جالیوں کے سامنے (۱۹۹۳ء)
نسیمِ حجاز۔ سیّد سادات (۱۹۹۴ء)۔

ولدیت شیخ عبدالعزیز امرتسری
ولادت ۱۲ر مارچ ۱۹۳۲ء امرتسر
وفات ۱۳ر جولائی ۱۹۹۹ء لاہور
تدفین میانی صاحب' لاہور
مآخذ نوائے وقت لاہور ۲۳ر جولائی ۱۹۹۹ء

خالد شفیق

اردو اور پنجابی کے ممتاز نعت گو شاعر۔ بطور مدیر ماہنامہ شام و سحر لاہور کے ۶ نعت نمبر مرتب کیے۔
نعتیہ مجموعے عالم افروز (اردو حمد و نعت: ۱۹۹۶ء)
نعت سوغات (پنجابی نعت)
ولدیت محمد شفیق
ولادت ۲۱ر جولائی ۱۹۳۲ء بٹالہ ضلع گورداسپور
وفات ۱۵ر مئی ۲۰۱۵ء لاہور
تدفین لاہور
ماخذ سیّد صبیح الدین صبیح رحمانی (کراچی)

خدا بخش اظہر شجاع آبادی' مولانا

اردو و سرائیکی شاعر و ادیب' عالم دین' مہتمم مدرسہ اظہر العلوم
نعتیہ مجموعے دیوان اظہر (اردو سرائیکی)۔ ذکرِ حبیب
ولدیت خان رحیم بخش چانڈیو
ولادت ۱۹۳۱ء لیاقت پور ضلع رحیم یار خان
وفات ۳ر مئی ۲۰۰۱ء شجاع آباد
تدفین شجاع آباد ضلع ملتان
مآخذ م ح۔ ضلع ملتان

خلیق قریشی (غلام رسول)

ممتاز ادیب، شاعر، صحافی، دانشور، کارکن تحریکِ پاکستان
بانی مدیر روزنامہ 'عوام' فیصل آباد (۷۳۔۱۹۴۸ء)
سیکرٹری سٹی مسلم لیگ لائل پور' بانی رکن مجلس کبیر پاکستان
نعتیہ مجموعہ برگِ سدرہ (۱۹۹۱ء)
والد انجم خلیق، خرم خلیق، افتخار نسیم (شعراء)
ولادت ۱۴/اگست ۱۹۱۴ء لائل پور
وفات ۶/جنوری ۱۹۷۴ء
تدفین پیپلز کالونی، فیصل آباد
ماخذ معلومات از عقیل عباس جعفری

خلیل خان خلیل قادری برکاتی، مفتی محمد

ممتاز عالم دین، مفسر، مفتی، شاعر، کارکن تحریکِ پاکستان
بانی دار العلوم احسن البرکات حیدر آباد (تاسیس ۱۹۵۲ء)
درجنوں کتب کے مصنف، مؤلف ومترجم
نعتیہ مجموعے جمالِ خلیل (۱۴۱۲ھ)۔ میلادِ خلیل (۲۰۰۶ء)
ولدیت عبد الجلیل خان
ولادت جولائی ۱۹۲۰ء موضع کھریری' ریاست
دادوں ضلع علی گڑھ
وفات ۱۸/جون ۱۹۸۵ء
تدفین دربار جیلانیہ سخی عبدالوہاب شاہ' حیدر آباد
ماخذ انوارِ علمائے اہل سنت سندھ

خمار انصاری (نجم الحسین)

معروف اردو شاعر وادیب
شعری مجموعہ تابندگی (نعت ومنقبت۔۱۹۹۵ء)
ولدیت فیض الحسن انصاری
ولادت ۲۳/جولائی ۱۹۳۰ء ڈبائی ضلع بلند شہر
وفات ۲۱/نومبر ۲۰۰۳ء کراچی
تدفین کراچی
ماخذ دبستانوں کا دبستان کراچی جلد ۲۔ک م ا

خورشید ایلچ پوری (قاضی خورشید الدین)

اردو کے ممتاز شاعر' ادیب' دانشور
نعتیہ مجموعے خورشید رسالت (۱۹۸۷ء)
خورشیدِ نبوت (۱۹۹۳ء)
ولدیت فخر الدین قاضی
ولادت یکم مارچ ۱۹۱۸ء ایلچ پور' امراؤتی (برار)
وفات اکتوبر ۱۹۹۴ء کراچی
تدفین کراچی
ماخذ تاریخ رفتگاں جلد ۲۔ جنونِ خرد

خورشید آرا بیگم خورشید' پروفیسر

اردو و فارسی شاعرہ و ادیبہ' ماہرہ تعلیم' سماجی کارکن و کارکن
تحریکِ پاکستان۔ بانی خورشید گرلز کالج کراچی
پروفیسر سنٹرل کالج فار ویمن ناگپور (۴۷۔۱۹۳۵ء)
سابق جنرل سیکرٹری دہلی خواتین مسلم لیگ
نعتیہ مجموعہ آخری کرنیں (۱۹۷۹ء)
دختر نواب قاضی قیام الدین
زوجہ نواب صدیق علی خاں
(راہنما تحریکِ پاکستان ومصنف)

ولادت ۱۹/اپریل ۱۹۰۷ء امراؤتی (سی پی)

وفات ۱۶/جون ۱۹۸۳ء کراچی

تدفین سی پی اینڈ برار ہاؤسنگ سوسائٹی، کراچی

مآخذ ماہنامہ سب رس کراچی جون ۱۹۸۳ء

خیال امروہوی، ڈاکٹر (سیّد علی مہدی نقوی)

ممتاز شاعر و ادیب، محقق، ماہر تعلیم، ریٹائرڈ پروفیسر شعبہ فارسی گورنمنٹ کالج لیہ۔ پی ایچ ڈی تہران (۱۹۷۴ء)

نعتیہ مجموعہ عودِ سخن (۲۰۰۶ء)

ولدیت سیّد ہادی حسن نقوی

ولادت ۱۰/دسمبر ۱۹۳۰ء ضلع بیڑ (حیدرآباد دکن)

وفات ۱۴/مئی ۲۰۰۹ء لیہ

تدفین لیہ

مآخذ ماہنامہ الحمراء لاہور جون ۲۰۰۹ء۔

خیبر، سیّد احمد جان

پشتو شاعر و ادیب، نعت گو

نعتیہ کلام رفا

ولدیت عالم جان کوکی خیل

ولادت ۸/جنوری ۱۹۴۲ء جمرود، خیبر ایجنسی

وفات ۳/نومبر ۱۹۹۵ء

تدفین جمرود، خیبر ایجنسی (صوبہ سرحد)

مآخذ دَ قلم خاوندان

دائم اقبال دائم

پنجابی زبان کے نامور شاعر، خالق کتبِ کثیرہ

نعتیہ مجموعے کمبل پوش (۱۹۵۱ء)۔ بانگِ بلال (۱۹۷۳ء)

ولادت ۹/اپریل ۱۹۰۹ء واسو ضلع گجرات

وفات ۱۳/اکتوبر ۱۹۸۴ء واسو

تدفین واسو موجودہ ضلع منڈی بہاؤالدین

مآخذ لوحِ مزار۔ کھوج شمارہ ۴۹، ۵۰ (دائم نمبر)

درد اسعدی (مرتضیٰ علی خاں)

ممتاز اردو شاعر، نعت گو، تلمیذ اسعد شاہجہانپوری

مرتبہ کتب ثنائے خواجہ کونینؐ۔

ولادت جعفر علی خان

ولادت ۱۲/جون ۱۹۱۹ء شاہجہانپور (یوپی)

وفات ۲۸/دسمبر ۱۹۹۰ء حیدرآباد

تدفین لطیف آباد حیدرآباد (سندھ)

مآخذ وفیاتِ اہلِ قلم

درد کاکوروی (علامہ میر نذر علی)

اردو نظم اور نعت کے ممتاز شاعر

(اصل نام مکرم احمد تھا، نذر علی تاریخی نام ہے)

نعتیہ مجموعے درد کا درماں (۱۹۶۷ء)

منظوم اردو ترجمہ قصیدہ بردہ شریف (۱۹۶۸ء)

جام کوثر (۱۹۶۹ء)

ولدیت حکیم سیّد حبیب علی علوی

ولادت ۱۸۹۱ء اٹاوہ

وفات ۲۶/جون ۱۹۷۲ء کراچی

تدفین قبرستان عزیز آباد کراچی

مآخذ وم پ۔ سخنورانِ کاکوروی

دل محمد دل، خواجہ

معروف ریاضی دان، ماہر تعلیم، شاعر و ادیب، مصنف، مترجم
استاد ریاضی اسلامیہ کالج لاہور (۳۹۔۱۹۰۷ء)
پرنسپل اسلامیہ کالج ریلوے روڈ لاہور (۴۲۔۱۹۳۹ء)
سابق میونسپل کمشنر لاہور، متعدد نصابی کتب کے مؤلف

منظوم تراجم روحِ قرآن (منظوم اردو ترجمہ سورہ فاتحہ)
نعتیہ مجموعہ شانِ مصطفیٰ ﷺ
ولدیت خواجہ نظام الدین
ولادت فروری ۱۸۸۳ء لاہور
وفات ۲۷؍مئی ۱۹۶۱ء لاہور
تدفین میانی صاحب، لاہور
مآخذ وفیاتِ اہلِ قلم

ذاکر حسین جگرانوی

اردو شاعر، سلام، مرثیہ کے شاعر

مجموعہ کلام زادِ راہ (حمد، نعت، سلام، مرثیہ، مناقب: طباعت بعد از مرگ)
ولادت ۱۸۹۵ء قصبہ پھاگلہ ضلع لدھیانہ (مشرقی پنجاب)
وفات ۱۹۷۰ء لیہ
تدفین لیہ
مآخذ پاکستان کے نعت گو شعراء (جلد دوم)

ذاکر علی خان، محمد

معروف ماہر تعلیم، اردو ادیب، شاعر، دانشور، ریٹائرڈ چیف انجینئر و منیجنگ ڈائریکٹر کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ۔ بانی و آنریری وائس چانسلر سرسیّد یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، کراچی۔ بانی ماہنامہ "تہذیب"، کراچی

اعزاز سرسیّد احمد خان انٹرنیشنل ایوارڈ فار لٹریچر (۲۰۰۸ء)
نعتیہ مجموعہ رختِ سفر (۱۹۷۵ء)
ولدیت خان بہادر محمد باقر علی خان
ولادت ۸؍جولائی ۱۹۲۶ء رام پور
وفات ۸؍فروری ۲۰۱۲ء کراچی
تدفین کراچی
ماخذ ویب سائٹ علی گڑھ مووومنٹ۔

ذوقی مظفر نگری (حافظ محمود الحسن)

ممتاز شاعر و ادیب، ماہر عروض و لسانیات

نعتیہ مجموعے نجم سحر (۱۹۸۰ء)۔ وسیم فردوس (۱۹۸۹ء)
ولدیت حافظ محمد عمر صدیقی
ولادت ۱۵؍جنوری ۱۹۲۱ء مظفر نگر (یوپی)
وفات ۱۷؍مئی ۲۰۱۳ء لاہور
تدفین لاہور
ماخذ معلومات از ڈاکٹر محمد اطہر مسعود (لاہور)۔ ہمارے اہلِ قلم

ذہین شاہ تاجی (سیّد محمد طاسین)

معروف روحانی و علمی شخصیت، شاعر و ادیب، نعت گو، مترجم، مرید یوسف شاہ تاجی، بانی خانقاہ تاجیہ و ماہنامہ 'تاج'، کراچی

نعتیہ مجموعے لمعاتِ جمال (اردو)۔ حمد و محمدیت۔ جمالِ آیات (فارسی۔ ۱۹۶۷ء)
ولدیت پیرزادہ دیدار بخش فراقی

ولادت ۱۹۰۴ء قصبہ کھنڈیلہ ضلع توڑاوائی (جیپور)

وفات ۲۳/جولائی ۱۹۷۸ء کراچی

تدفین آستانہ تاجیہ، میوہ شاہ، کراچی

مآخذ انوارِعلمائے اہل سنت سندھ۔

رابعہ نہاں (سیّدہ رابعہ خاتون)

اردو کی معروف شاعرہ وادیبہ

نعتیہ مجموعے نورجھروکے (۱۹۸۲ء)

صبحِ تجلی (۱۹۹۱ء)

دختر سیّد محمد صفی

ولادت ۲۰/ستمبر ۱۹۲۰ء آگرہ

وفات ۹/جون ۱۹۹۷ء راولپنڈی

تدفین قبرستان ویسٹرج، راولپنڈی

مآخذ لوحِ مزار۔تنہائیاں بولتی ہیں

راجی الرحمت نظر، مولانا

اردو شناز بان کے معروف غزل گو شاعر وادیب، عربی و فارسی عالم، استاد علوم شرقیہ۔ریٹائرڈ انسٹرکٹر گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن گلگت۔کارکن تحریک پاکستان

نعتیہ مجموعہ شہنشاہِ کونینؐ

ولدیت احمد جی

ولادت ۲۷/اکتوبر ۱۹۲۴ء گوہرآباد (گور) چلاس ضلع دیامیر

وفات ۲۱/اپریل ۱۹۹۶ء گلگت

تدفین گلگت

مآخذ مولانا راجی الرحمت نظر: شخصیت اورفن

راز کاشمیری (خواجہ عبدالمنان)

غزل اور نعت کے ممتاز شاعر، افسانہ نگار، ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر

نعتیہ مجموعے لوح بھی تو قلم بھی تو۔زادِسفر

ولدیت خواجہ عبدالغنی

ولادت یکم مارچ ۱۹۳۲ء حاجی پورہ گوجرانوالہ

وفات ۹/فروری ۱۹۸۶ء

تدفین گوجرانوالہ

مآخذ پاکستان کے نعت گو شعراء۔

راسخ عرفانی (عبدالواحد)

حمد و نعت کے ممتاز اردو شاعر

مجموعہ حمد و نعت: غبارِ حجاز (۱۹۶۱ء)

ارمغانِ حرم (۱۹۷۷ء)

ذکرِ خیرﷺ (۱۹۷۹ء)۔

حدیثِ جاں (۱۹۸۱ء)

نسیم منیٰ (۱۹۸۵ء)

نکہتِ حرا (۱۹۸۹ء)۔

حمدِ ربِ العلیٰ نعت خیرالوریٰ

(کلیاتِ حمد و نعت: ۲۰۰۶ء)

منظوم تراجم حُسنِ کلام (احادیث نبوی۔۱۹۸۵ء)

ولدیت نور حسین گرجاکھی (پنجابی شاعر)

ولادت ۱۲/دسمبر ۱۹۱۴ء گرجاکھ ضلع گوجرانوالہ

وفات ۱۳/فروری ۱۹۹۰ء

تدفین بڑا قبرستان، گوجرانوالہ

مآخذ جنگ لاہور ۱۴/فروری ۱۹۹۰ء۔ک م ا

راشد بزمی (محمد حامد)

اردو شاعر، صحافی، روزنامہ جنگ کے نمائندہ

نعتیہ مجموعہ عقیدت (۱۹۸۵ء)

ولدیت آثم بزمی

ولادت ۲۱؍اپریل ۱۹۳۸ء دہلی

وفات ۲۹؍مارچ ۱۹۸۴ء

تدفین گوجرانوالہ

مآخذ مہک گوجرانوالہ نمبر

راغب مرادآبادی (سیّد اصغر حسین)

اردو کے ممتاز شاعر و ادیب، ماہر عروض، محقق، نقاد، نعت، غزل، نظم، رباعی اور تاریخ گوئی میں ماہر۔ تلمیذ یاس یگانہ، صفی لکھنوی، مولانا ظفر علی خاں۔ چالیس کتابوں کے خالق

اعزاز صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی (۲۰۰۰ء)

نعتیہ مجموعے سو نعتیہ اشعار (۱۹۷۶ء)

مدحت خیر البشر ﷺ (۱۹۷۹ء)

مدح رسول ؐ (۱۹۸۳ء)۔

بحضور خاتم الانبیا ﷺ (۱۹۸۵ء)

بدر الدجیٰ (۱۹۹۱ء)

جادۂ رحمت (منظوم سفرنامہ حجاز: ۱۹۹۳ء)

ولادت ۲۷؍مارچ ۱۹۱۸ء دہلی

وفات ۱۹؍جنوری ۲۰۱۱ء کراچی

تدفین قبرستان النور سوسائٹی، کراچی

مآخذ ڈان کراچی ۲۰؍جنوری ۲۰۱۱ء۔

دبستانوں کا دبستان کراچی

رحمٰن کیانی (عبدالرحمٰن)

ممتاز اردو شاعر و ادیب، طنز و مزاح نگار

نعتیہ مجموعے حرفِ سپاس (۱۹۶۷ء)۔

شمشیرِ ضیاء بار (۱۹۷۷ء)۔ اذان (۲۰۰۲ء)

ولدیت مولوی حافظ محمد عبدالحق

ولادت ۳۰؍اگست ۱۹۲۴ء موضع منڈیاؤں ضلع لکھنو

وفات ۲۷؍فروری ۱۹۹۰ء

تدفین شاہ کمال، لاہور

مآخذ جنگ لاہور ۲۸؍فروری ۱۹۹۰ء۔ ک م ا

رشک ترابی، علامہ (احمد حسین)

اردو شاعر و ادیب، مصنف

نعتیہ کتب سیدنا کریم (نعتیہ قصیدہ)۔

امام العالمین ﷺ (طویل نعتیہ نظم)

ولدیت محمد حسین

ولادت ۴؍مارچ ۱۹۳۳ء دسوہہ ضلع ہوشیار پور

وفات ۱۷؍جنوری ۲۰۰۳ء سرگودھا

تدفین سرگودھا

مآخذ اب انہیں ڈھونڈ چراغ رخ زیبا لے کر

رشید وارثی (عبدالرشید خاں)

ممتاز نعت گو شاعر، نعت کے محقق و نقاد

کتب خوشبوئے التفات (حمد، نعت، منقبت)

شرح اسماء النبی ﷺ (۲۰۰۷ء)

ولدیت ستار وارثی

ولادت اگست ۱۹۴۷ء بریلی

وفات ۱۵/جون ۲۰۰۹ء کراچی
تدفین کراچی
ماخذ عقیل عباس جعفری (کراچی)

رضا ہمدانی (مرزا رضا حسین)

پشتو اور اردو کے نامور ادیب، شاعر، محقق، ڈرامہ نگار، صحافی
نعتیہ مجموعہ سدرۃ المنتہیٰ (۱۹۸۴ء)
ولدیت منشی مہدی حسین ہمدانی
ولادت ۱۰/دسمبر ۱۹۱۰ء قصہ خوانی بازار، پشاور
وفات ۹/جولائی ۱۹۹۴ء پشاور
تدفین قبرستان باغ زیدہ، پشاور
ماخذ وفیاتِ اہلِ قلم

رعنا اکبر آبادی (شکور احمد)

ممتاز اردو شاعر، تلمیذ بزم آفندی و نجم آفندی
نعتیہ مجموعہ تسبیح رعنا (نعت و منقبت: ۱۹۶۹ء)
صبا اکبر آبادی کے خسر اور ممتاز موسیقار سہیل رعنا کے والد
ولدیت منشی نثار احمد
ولادت ۱۸۹۵ آگرہ (اکبر آباد)
وفات ۱۵/جنوری ۱۹۷۹ء کراچی
تدفین قبرستان سوسائٹی، کراچی
ماخذ دبستانوں کا دبستان کراچی جلد ۲

رعنا نظامی راجوروی (مرزا مطیع اللہ جرال)

اردو شاعر و ادیب۔ تحریکِ آزادی کشمیر کے سرگرم کارکن
نعتیہ مجموعہ سرودِ روح
ولادت ۱۱/جنوری ۱۹۱۱ء راجوری شہر (کشمیر)
وفات ۷/اکتوبر ۱۹۸۵ء جہلم
تدفین جہلم
ماخذ علامہ شیخ عبدالعزیز علائی (مقالہ ایم فل اردو)

رمضان وزیر آبادی، منشی (محمد رمضان کھوکھر)

پنجابی زبان کے معروف قصہ گو شاعر، متعدد کتابچوں کے خالق
نعتیہ مجموعہ نعتِ رسولؐ
ولادت ۱۸۸۲ء وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ
وفات ۲۵/اگست ۱۹۷۴ء راولپنڈی
تدفین قبرستان ویسٹریج، راولپنڈی
ماخذ لوحِ مزار۔ پنجابی کتابیات۔ ہمارے اہلِ قلم

روحی علی اصغر

اردو کی ممتاز شاعرہ و ادیبہ، نعت گو
مصنف نغمۂ الہام (منظوم ترجمہ احادیث)
ولادت ۱۹۱۷ء حیدر آباد دکن
وفات ۵/جنوری ۱۹۸۷ء کراچی
تدفین کراچی
ماخذ سب رس کراچی فروری ۱۹۸۷ء

روشن علی عشرت (عشرت کلکتوی)

معروف اردو شاعر، فلمی نغمہ نگار، تلمیذ پرتو لکھنوی
نعتیہ مجموعہ شاخِ طوبیٰ (نعت و منقبت۔ ۱۹۹۷ء)
ولادت یکم جنوری ۱۹۳۱ء کلکتہ
وفات ۱۸/جنوری ۲۰۰۲ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ وفیاتِ اہلِ قلم

رؤف شیخ (عبدالرؤف)

پنجابی زبان کے نامور شاعر' ادیب' نقاد' سیکرٹری پاکستان رائٹرز گلڈ پنجاب' نائب صدر انجمن پنجابی ادب

نعتیہ مجموعہ وسیلہ (پنجابی: ۲۰۰۱ء)

ولدیت شیخ محمد شریف

ولادت ۱۴ر اگست ۱۹۳۲ء کولوتارڑ ضلع حافظ آباد

وفات ۲۱ر جولائی ۲۰۰۰ء لاہور

تدفین میانی صاحب' لاہور

مآخذ جنگ راولپنڈی ادبی صفحہ' ۴ر اگست ۲۰۰۰ء'
پنجابی ادب دی کہانی

رئیس امروہوی (سیّد محمد مہدی)

اردو کے ممتاز شاعر و ادیب' ماہر نفسیات و روحانیات' دانشور' تبصرہ نگار' قطعہ نگار' صحافی' مختلف جرائد کے مدیر رہے۔
روزنامہ 'جنگ' میں ۴۰ برس روزانہ قطعہ لکھتے رہے۔
شعر و ادب اور نفسیات پر متعدد کتب کے مصنف و مؤلف

نعتیہ مجموعہ چراغِ صبحِ جمال (۱۹۵۸ء)

اعزاز صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی

برادرِ بزرگ سیّد محمد تقی و جون ایلیا

ولدیت علامہ سیّد شفیق حسن ایلیا

ولادت ۱۲ر ستمبر ۱۹۱۴ء امروہہ ضلع مراد آباد (یوپی)

وفات (قتل) ۲۲ر ستمبر ۱۹۸۸ء کراچی

تدفین سخی حسن' کراچی

مآخذ جنگ راولپنڈی ۲۳ر ستمبر ۱۹۸۸ء۔
وفیاتِ اہلِ قلم

ریاض الحسن نیّر حامدی' سیّد محمد

ممتاز عالم دین' "مفتی اعظم سندھ" نعت گو شاعر
مرید شاہ حامد رضا خان بریلوی

مجموعۂ نعت نعتِ نیّر (مرتبہ مسرور کیفی ۔۱۹۹۷ء)

ولدیت مفتی عنایت علی الجیلانی القادری الرضوی

ولادت ۱۹۱۴ء جودھپور (راجستھان)

وفات ۱۹ر دسمبر ۱۹۶۸ء حیدر آباد

تدفین قبرستان ٹنڈو یوسف ضلع حیدر آباد

مآخذ ماہنامہ نعت لاہور دسمبر ۲۰۰۰ء۔

ریاض الدین سہروردی' علامہ سیّد محمد

ممتاز عالم دین و فروغ نعت کے محرک' اردو' پنجابی' فارسی و انگریزی زبانوں کے نعت گو شاعر' نعت خواں۔
بانی سرپرست مرکزی انجمن عندلیبانِ ریاضِ رسولؐ۔
امام و خطیب جامع مسجد بغدادی' مارٹن روڈ کراچی
بانی نعت کالج کراچی (تاسیس ۱۹۸۰ء)
مرید سیّد قلندر علی سہروردی لاہوری۔

نعتیہ مجموعے ریاضِ رسول (۳ حصے)۔ دیوان ریاض (۸۲ء)
گلدستۂ نعت (دو حصے)

☆ Eugogizing The Prophet

ولدیت مفتی سیّد محمد جلال الدین قادری

ولادت ۴ر اپریل ۱۹۱۹ء جے پور (انڈیا)

وفات ۲۸ر فروری ۲۰۰۱ء کراچی

تدفین جامع مسجد بغدادی، مارٹن روڈ، کراچی
ماٰخذ انوارِ علمائے اہل سنت سندھ

ریاض الدین عطش، خواجہ

ممتاز اردو ادیب، شاعر، محقق، مضمون نگار، فلمی گیت نگار
بانی 'بزم سخن' ڈھاکہ (۱۹۵۴ء)
نعتیہ مجموعہ ورِدِ نفس (حمد و نعت: ۱۹۹۲ء)
پوتا سخن دہلوی (شاگرد مرزا غالب)
ولادت ۴/مارچ ۱۹۲۵ء عظیم آباد (پٹنہ)
وفات ۸/جنوری ۲۰۰۱ء شکاگو (امریکہ)
تدفین مسلم قبرستان، شکاگو (امریکہ)
ماٰخذ جنگ راولپنڈی ۱۶/جنوری ۲۰۰۱ء۔

ریاض جالندھری (احمد بخش)

نعت اور غزل کے ممتاز شاعر
نعتیہ مجموعہ گلہائے عقیدت بنام دیوانِ ریاض (۱۹۶۸)
ولادت ۱۹۰۱ء پرجیاں کلاں تحصیل نکودر ضلع جالندھر
وفات ۲۴/جون ۱۹۷۹ء
تدفین چک نمبر ۲۶ جنوبی، سرگودھا
ماٰخذ سخنورانِ سرگودھا

زاہد فتح پوری (سیّد کرار حسین)

اردو کے ممتاز شاعر۔
نعتیہ مجموعہ نقش اویس (حمد و نعت: ۲۰۰۰ء)
ولدیت سیّد مظہر حسین
ولادت ۲۴/اپریل ۱۹۱۶ء فتح پور ہسوا (بھارت)
وفات ۱۹/نومبر ۲۰۰۱ء کراچی
تدفین کراچی
ماٰخذ پ ک م س۔ دبستانوں کا دبستان کراچی ۳

زاہد لئیق

کینیڈا میں مقیم اردو شاعر، مدیر ماہنامہ ''شہپارہ'' کینیڈا۔
نعتیہ مجموعہ ضیائے حرم (۱۹۹۸ء)
ولدیت خواجہ محمد صدیق
ولادت ۲۲/مارچ ۱۹۵۲ء لاہور
وفات ۳۱/اکتوبر ۲۰۰۸ء راولپنڈی (دوران مشاعرہ)
تدفین لاہور
ماٰخذ ماہنامہ نوائے اخلاق راولپنڈی دسمبر ۲۰۰۸ء

زکی کیفی، مولانا محمد

معروف اردو شاعر، تلمیذ جگر مرادآبادی، عالم دین۔
مرید مولانا اشرف علی تھانوی۔
بانی ادارہ اسلامیات، لاہور (تاسیس ۱۹۴۹ء)
جسٹس محمد تقی عثمانی کے بڑے بھائی معروف اردو شاعر
سعود عثمانی کے والدِ گرامی
مجموعۂ کلام کیفیات (نعت و دیگر کلام: ۱۹۸۰ء)
ولدیت مولانا مفتی محمد شفیع
ولادت ۳/جولائی ۱۹۲۶ء دیوبند
وفات ۲۸/جنوری ۱۹۷۵ء لاہور
تدفین میانی صاحب، لاہور
ماٰخذ خ خ ل۔ و م پ۔ کاروانِ آخرت

زیارت حسین جمیل، سیّد

معروف پنجابی شاعر، تلمیذ حافظ محمد حسین حافظ

نعتیہ مجموعے زیارتِ رسولؐ۔زیارتِ مدینہ۔

ولدیت حکیم سیّد عطاءاللہ شاہ

ولادت ۱۹۴۰ء چائی ونڈ ضلع امرتسر

وفات ۹ر مارچ ۱۹۹۱ء فیصل آباد

تدفین فیصل آباد

مآخذ ششماہی 'کھوج' لاہور شمارہ ۳۹

ساجد اسدی جے پوری (ساجد علی)

ممتاز اردو نعت گو شاعر

نعتیہ مجموعے پیام مغفرت (۱۹۷۵ء)۔

انوارِ سخن (۱۹۷۷ء)۔قندِ مکرر (۱۹۷۷ء)

ولدیت مولوی عابد علی اسدی

ولادت ۶ر اگست ۱۹۱۱ء جے پور

وفات ۱۷ر اکتوبر ۱۹۷۸ء کراچی

تدفین سخی حسن، کراچی

مآخذ خ ک۔تاریخِ رفتگاں ۲

ساحر صدیقی (غنیمت علی)

اردو کے ممتاز شاعر، نعت گو

نعتیہ مجموعہ جامِ حیات

ولدیت خلیفہ محمد صدیق ناصری چشتی

ولادت ۱۵ر جون ۱۹۲۶ء جالندھر

وفات ۱۲ر اگست ۱۹۵۹ء مری

تدفین اچھرہ، لاہور

مآخذ پاکستان کے تیس سال۔ذکرِ پاکاں

ساغر صدیقی (محمد اختر)

اردو کے معروف غزل گو شاعر۔نشے کی وجہ سے زندگی کا بیشتر حصہ جذب و مستی میں گزرا۔اپنا بہت سا کلام کوڑیوں میں بیچ دیا جو کئی صاحبِ ثروت لوگوں کے شاعر کہلانے میں کام آیا۔درجن بھر شعری مجموعے چھپ چکے ہیں۔

نعتیہ مجموعہ سبز گنبد (۱۹۷۱ء)

ولادت ۱۹۲۸ء انبالہ

وفات ۱۸ر جولائی ۱۹۷۴ء لاہور

تدفین میانی صاحب، لاہور

مآخذ روزنامہ 'کائنات' اسلام آباد ۷ر نومبر ۱۹۹۹ء

ساقی گجراتی (مختار احمد)

اردو و پنجابی کے ممتاز شاعر و ادیب، محقق، ماہر عروض، نقاد استاد گورنمنٹ پاک اسٹینڈرڈ ہائی سکول شاہ عالم، لاہور

نعتیہ مجموعے زادِ عقبیٰ (اردو: ۱۹۸۷ء)

گلاں خیر البشرؐ دیاں (پنجابی: ۱۹۹۵ء)

اعزاز گلاں خیر البشر دیاں پر قومی نعت ایوارڈ

ولدیت میاں امان اللہ

ولادت ۸ر ستمبر ۱۹۴۲ء ماجرا ضلع گجرات

وفات ۲۹ر جنوری ۲۰۰۲ء لاہور

تدفین قبرستان متصل اسلامیہ ہائی سکول، دیونہ منڈی جی ٹی روڈ، گجرات

مآخذ وفیاتِ اہلِ قلم

ستار وارثی (عبدالستار خان)

معروف روحانی شخصیت، نعتیہ وصوفی شاعر۔

نعتیہ مجموعے آئینۂ رحمت (۱۹۷۹ء)۔ معطر معطر (۱۹۸۶ء)

عرفانِ وارث۔ حرفِ معتبر (۱۹۹۴ء)۔

خوشبوئے دوست (منتخب نعتیں وعارفانہ کلام

مرتبہ حمید وارثی و نصیر وارثی۔ ۲۰۰۳ء)

ولدیت عبدالغفار خان وارثی

ولادت ۱۹۲۴ء روہیل کھنڈ، بریلی

وفات ۸؍مارچ ۱۹۸۵ء کراچی

تدفین قبرستان شاہ فیصل کالونی، کراچی

ماخذ تاریخ رفتگاں جلد ۳۔

سجاد احمد ساجد مراد آبادی، پروفیسر

ممتاز اردو شاعر وادیب، ماہر قانون، استاد

نعتیہ مجموعہ سراپا نور ہے وہ ذاتِ اقدس

نثری کتب پیغامِ حرا۔ حضرت محمد ﷺ کی سیرتِ طیبہ

ولادت ۱۵؍مئی ۱۹۴۴ء مراد آباد

وفات ۷؍فروری ۲۰۱۳ء کراچی

تدفین کراچی

ماخذ ششماہی الایام کراچی جنوری جون ۲۰۱۳ء

سجاد سخن

اردو شاعر وادیب، تلمیذ رشید رامپوری، صحافی، سابق ایڈیٹر

شیراز واورنگی، کراچی۔ بانی دبستان وارثیہ کراچی

شعری کتب رنگ روشنی خوشبو (نعتیہ مجموعہ: ۱۹۹۵ء)

ربّ العالمین (حمدیہ مجموعہ: ۲۰۰۱ء)

حاضری وحضوری (نعتیہ مجموعہ: ۲۰۰۸ء)

ولادت ۱۹۲۸ء رامپور

وفات ۱۶؍جون ۲۰۱۱ء کراچی

تدفین کراچی

ماخذ ماہنامہ نعت کارواں لاہور اگست ۲۰۱۱ء

سجاد مرزا، پروفیسر (عبدالحمید بیگ)

معروف شاعر وادیب۔ استاد گورنمنٹ کالج گوجرانوالہ

نعتیہ مجموعے کیفِ دوام (۱۹۸۸ء)۔

چراغِ آرزو (۱۹۹۲ء)

شوقِ نیاز (حمد ونعت: ۱۹۹۸ء)

ولدیت عبدالکریم بیگ

ولادت ۸؍فروری ۱۹۴۴ء ہوشیار پور

وفات اکتوبر ۲۰۱۳ء گوجرانوالہ

تدفین گوجرانوالہ

ماخذ ڈائریکٹری اہل قلم ۲۰ء

سراج قادری بادشاہ پوری (سراج الدین)

اردو، پنجابی وفارسی شاعر، طبیب، کارکن تحریکِ پاکستان۔

روحانی شخصیت، خلیفہ، پیر انور گیلانی بھیرہ شریف۔

نعتیہ مجموعے گلدستہ نعت۔ موجِ کوثر۔

خزینۂ رحمت۔ نورِ ایمان

والد میاں توقیر احمد فائق (ممتاز بیوروکریٹ)

ولدیت حکیم چن میاں

ولادت ۲۲/مارچ ۱۹۱۰ء بادشاہ پور تحصیل پھالیہ ضلع گجرات
وفات ۲۰/نومبر ۱۹۹۷ء
تدفین بادشاہ پور (موجودہ) ضلع منڈی بہاؤالدین
مآخذ وفیاتِ اہلِ قلم

سردار علی شاہ ذاکر، سیّد

سندھ کے معروف صحافی، سندھی و اردو شاعر، ادیب، کارکن خاکسار تحریک۔ مدیر اعلیٰ روزنامہ 'مہران' حیدر آباد
نعتیہ مجموعہ نعتیہ دیوان
ولدیت سیّد جعفر علی شاہ بخاری
ولادت یکم جنوری ۱۹۲۸ء گوٹھ بیرڑی تعلقہ گھوٹکی ضلع سکھر
وفات ۱۱/مئی ۱۹۸۱ء ضلع سکھر
تدفین حیدر آباد
مآخذ وفیاتِ اہلِ قلم

سرشار صدیقی

ممتاز اردو شاعر، کالم نگار، بنکار (نیشنل بنک ۱۹۵۵ء تا ۱۹۸۴ء)
نعتیہ مجموعے اساس (۱۹۹۰ء)۔ میثاق (۲۰۰۲ء)
ولدیت اولاد حسین
ولادت ۲۵/دسمبر ۱۹۲۶ء کانپور شہر
وفات ۷/ستمبر ۲۰۱۴ء کراچی
تدفین ڈالمیا قبرستان، گلستان جوہر کراچی
ماخذ جنگ کراچی ۸ و ۹ ستمبر ۲۰۱۴ء

سرور بجنوری (محمد یونس)

اردو و پنجابی کے ممتاز شاعر، بچوں کے نظم گو شاعر
نعتیہ مجموعہ نعت و منقبت (۱۹۸۲ء)
ولدیت محمد عثمان
ولادت ۱۳/جولائی ۱۹۲۱ء بجنور (بھارت)
وفات ۲۲/نومبر ۱۹۸۴ء فیصل آباد
تدفین پیپلز کالونی، فیصل آباد
مآخذ ہمارے اہلِ قلم۔ک م ا

سرو سہارنپوری، حکیم محمود احمد

ممتاز شاعر و ادیب، طبیب، عالم دین، خطیب، مترجم، کالم نگار بانی و سابق امیر تحریکِ اسلامی۔ طویل عرصہ جماعتِ اسلامی سے وابستہ رہے۔ راولپنڈی اسلام آباد کے مختلف کالجز اور یونیورسٹیوں میں اسلامیات کے اعزازی لیکچرر رہے۔
نعتیہ مجموعے زخمۂ دل (۱۹۷۴ء)۔ ثنائے خواجہ (۲۰۱۲ء)
ولدیت حکیم حافظ سیّد داود احمد بخاری
ولادت ۱۹۳۴ء سہارنپور
وفات ۴/اگست ۲۰۱۲ء راولپنڈی
تدفین قبرستان عیدگاہ، راولپنڈی
مآخذ نوائے وقت راولپنڈی ۵ و ۲۵/اگست ۲۰۱۲ء

سکندر لکھنوی (مرزا اسکندر بیگ)

ممتاز نعت گو اردو شاعر
نعتیہ مجموعے تسکین روح (۱۹۶۳ء)
سحابِ رحمت (۱۹۶۸ء)

ارمغان حرم (۱۹۷۴ء)

ممدوحِ کائنات (۱۹۷۶ء)

سفینۂ دل (۱۹۷۹ء) سراجاً منیرا (۱۹۸۰ء)

قاسمِ خلد (۱۹۸۰ء) امام القبلتین (۱۹۸۱ء)

سیّد المرسلینؐ (۱۹۸۳ء)

نعتِ حبیب اکرم ﷺ (۱۹۸۵ء)

گلستان ثناء (۱۹۸۶ء) مختارِ کونین (۱۹۸۷ء)

ولادت ۱۹۱۸ء لکھنؤ

وفات ۱۹۹۱ء کراچی

تدفین کراچی

ماخذ کتابی سلسلہ 'تذکرہ کراچی شمارہ ۲

سلمان رضوی، سیّد حسن

اسلام آباد کے معروف شاعر و ادیب، کالم نگار، ریٹائرڈ ڈپٹی اکاؤنٹنٹ جنرل

نعتیہ مجموعہ خیر کثیر (۱۹۹۵ء)

ولدیت سیّد تفضل حسین

ولادت جولائی ۱۹۳۱ء میرٹھ (یو پی)

وفات ۲۱ر اگست ۲۰۱۰ء اسلام آباد

تدفین ایچ الیون قبرستان، اسلام آباد

مآخذ لوحِ مزار۔ جنگ راولپنڈی ۲۲ر اگست ۲۰۱۰ء

سلیم گیلانی، سیّد

نامور براڈ کاسٹر، ماہر موسیقی، شاعر و ادیب، مترجم، دانشور۔

سابق ڈائریکٹر جنرل ریڈیو پاکستان۔

نعتیہ مجموعہ سیّدنا (۱۹۸۷ء)۔

اعزاز ہلالِ امتیاز (۲۰۰۸ء)

ولادت ۱۶ر مئی ۱۹۲۸ء دینا نگر ضلع گورداسپور

وفات ۲۵ر دسمبر ۲۰۰۸ء لاہور

تدفین آبائی قبرستان، اچھرہ، لاہور

ماخذ نوائے وقت راولپنڈی ۲۶ر دسمبر ۲۰۰۸ء۔

سہیل اختر، پروفیسر (عبدالغفور خان)

ممتاز شاعر اور ادیب، ڈرامہ و مزاح نگار، مترجم، مدیر، ماہر تعلیم۔

ریٹائرڈ صدر شعبہ اردو و پرنسپل گورنمنٹ کالج، بہاولپور

درجن بھر شعری، نثری و سوانحی کتب اور تراجم کے خالق

نعتیہ مجموعہ قوسِ عقیدت (حمد و نعت: ۱۹۸۴ء)

ولادت ۱۸ر اگست ۱۹۳۱ء انڈیا

وفات ۲۹ر جولائی ۲۰۱۳ء بہاولپور

تدفین بہاولپور

ماخذ وفیاتِ اہلِ قلم

سیف زلفی (سیّد ذوالفقار حسین رضوی)

معروف اردو شاعر، ادیب۔

سیکرٹری حلقہ اربابِ ذوق لاہور و پاکستان

پیپلز پروگریسو رائٹرز۔ بانی مدیر ادبی مجلّہ 'گلفشاں' لاہور۔

نعتیہ مجموعہ روشنی (۱۹۷۸ء)۔

ولدیت سیّد مقبول حسین رضوی

ولادت ۳۰ر مئی ۱۹۳۴ء بریلی، روہیل کھنڈ (یو پی)

وفات ۲۱ر مئی ۱۹۹۱ء لاہور

تدفین مومن پورہ، میکلوڈ روڈ، لاہور

مآخذ سیف زلفی (مقالہ ایم فل اردو)

سیماب اکبرآبادی (عاشق حسین صدیقی)

نامور اردو شاعر، ادیب، مترجم، صحافی، تلمیذ داغ دہلوی
درجنوں کتب کے مصنف، مؤلف، مترجم
نعتیہ مجموعے ساز حجاز (۱۹۸۲ء)
نے ستاں (نظم، نعت وغیرہ)

ولادت ۱۸۸۰ء اکبرآباد (آگرہ)
وفات ۳۱ر جنوری ۱۹۵۱ء کراچی
تدفین نزد جیکب لائن کوارٹرز، مزار قائد، کراچی
مآخذ خ ک۔ انوارِ علمائے اہل سنت سندھ

شاعر لکھنوی

اردو کے ممتاز شاعر
مجموعۂ کلام روح الہام (غیر منقوط حمد و نعت)
ولدیت منظور احمد صدیقی
ولادت ۱۶ر نومبر ۱۹۱۷ء لکھنو
وفات (حادثہ) ۲۳ر ستمبر ۱۹۸۹ء کراچی
تدفین عزیز آباد، کراچی
مآخذ خ ک۔ واپ۔ تذکرۂ ماہ و سال

شاکر چچیانوی

پنجابی شاعر، تلمیذ پیر فضل گجراتی و حیات پسروری
نعتیہ مجموعہ میلاد النبی ﷺ
ولادت ۲۸ر مئی ۱۹۴۸ء چچیاں شمس ضلع گجرات
وفات ۵ر مئی ۲۰۰۹ء گجرات
تدفین گاؤں چچیاں شمس ضلع گجرات
مآخذ خموش چچیانوی (چچیاں شمس ضلع گجرات)

شاہد الوری (نذیر محمد انصاری)

ممتاز مزاحیہ شاعر۔ تلمیذ ارمان اجمیری و راغب مرادآبادی
صحافی، مترجم۔ ماہنامہ 'شعلے' کراچی اور دیگر رسائل کے بانی
شعری مجموعہ حمد و ثنا (حمد و نعت: ۱۹۸۴ء)

ولدیت پیرزادہ وزیر محمد انصاری
ولادت ۲۶ر دسمبر ۱۹۲۳ء الور (راجستھان)
وفات ۱۵ر ستمبر ۲۰۰۴ء کراچی
تدفین قبرستان کورنگی نمبر ا، کراچی
مآخذ معلومات از امیر شاہد انصاری (فرزند)

شبنم رومانی (مرزا عظیم احمد بیگ چغتائی)

اردو کے ممتاز شاعر و ادیب۔ بانی سہ ماہی 'اقدار' کراچی
نعتیہ مجموعہ حرفِ نسبت (نعت و منقبت: ۱۹۸۴ء)
ولدیت مرزا اظہر احمد بیگ چغتائی
ولادت ۳۰ر دسمبر ۱۹۲۸ء شاہجہانپور (یوپی)
وفات ۱۷ر فروری ۲۰۰۹ء کراچی
تدفین قبرستان یاسین آباد (عزیز آباد)، کراچی
مآخذ ایکسپریس اسلام آباد ۱۸ر فروری ۲۰۰۹ء

شریف الدین نیر، سیّد محمد

اردو نعت گو، نعت خواں، پیر طریقت
نعتیہ مجموعہ مدحتِ مولائے کل (۱۹۹۸ء)
برادر سیّد محمد ریاض الدین سہروردی
ولدیت علامہ مفتی سیّد جلال الدین سہروردی
وفات ۲ر فروری ۲۰۰۰ء لاہور

تدفین کوٹ رادھا کشن ضلع قصور

مآخذ قومی زبان کراچی اکتوبر ۲۰۰۱ء

شریف امروہوی (سیّد شریف حسین رضوی)

نعت گو اردو شاعر

نعتیہ مجموعہ قندیل عرش (۱۰۱ نعتیں، ۶۸ دیگر اصناف)

ولادت ۱۹۱۲ء امروہہ ضلع مراد آباد

وفات ۳۱ دسمبر ۲۰۰۱ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ کتابی سلسلہ 'تذکرہ' کراچی شمارہ ۲

شفیع بلوچ (محمد شفیع خان بلوچ)

جھنگ کے معروف شاعر و ادیب، محقق، مترجم، معلم

نعتیہ مجموعہ حسن کلام محمدؐ (۲۰۰۶ء)

ولدیت علی خان

ولادت ۲۵ ستمبر ۱۹۵۷ء بھبے والا نزد موضع درگاہی شاہ ضلع جھنگ

وفات ۱۸ جنوری ۲۰۱۰ء درگاہی شاہ (۱۷ اور ۱۸ کی درمیانی رات ڈیڑھ بجے)

تدفین بستی محمود آباد نزد درگاہی شاہ ضلع جھنگ

مآخذ کیپٹن شاکر کنڈان (سرگودھا)

شفیق احمد فاروقی المدنی، قاضی

ممتاز نعت گو شاعر و روحانی شخصیت، سجادہ نشین خانقاہ نظامیہ گلزارِ سعیدیہ، ناظم آباد، کراچی۔ طویل عرصہ سے مدینہ منورہ میں مقیم تھے۔

نعتیہ مجموعہ بہارِ عقیدت۔ سلام ربی علی نبیﷺ (۲۰۰۸)

وفات ۱۴ اگست ۲۰۱۴ء

تدفین جنت البقیع، مدینہ منورہ

ماخذ صبیح الدین صبیح رحمانی (کراچی)

شفیق بریلوی (شفیق احمد)

ممتاز نعت گو شاعر، صحافی، تذکرہ نگار کارکن تحریکِ پاکستان، صدر دہلی مسلم لیگ۔ اولین مدیر ماہنامہ 'الشجاع' کراچی مدیر اعلیٰ ماہنامہ 'خاتون پاکستان' کراچی

نعتیہ مجموعے مدینے کا صدقہ (۱۹۷۵ء)۔ شانِ مصطفیٰؐ۔ ارمغانِ نعت (نعتیہ شاعری کا چودہ سو سالہ انتخاب: ۱۹۷۹ء)

والد عارف شفیق (معروف شاعر)

ولادت ۲۰ اپریل ۱۹۲۲ء بریلی

وفات ۲۲ جولائی ۱۹۸۱ء کراچی

تدفین قبرستان منگوپیر، کراچی

مآخذ وفیاتِ اہلِ قلم

شمس سیالکوٹی، قاضی شمس الدین

اردو فارسی و پنجابی شاعر، مرید پیر جماعت علی شاہ

مجموعۂ کلام میخانۂ خلد (حمد، نعت، منقبت: ۱۹۲۲ء)

ولدیت قاضی امیر الدین

ولادت ۱۸۹۳ء جموں

وفات ۱۰ مئی ۱۹۶۶ء سیالکوٹ

تدفین سیالکوٹ

مآخذ تذکرہ شعرائے جماعتیہ

شمس نظامی (پروفیسر شمس الحق نظامی)

اردو نعتیہ شاعر، روحانی شخصیت، خلیفہ شاہ انوار الحق قادری

نعتیہ مجموعہ طلوعِ شمس

ولدیت احمد حسن وکیل

ولادت ۲۳ر ستمبر ۱۹۰۴ء بچھراؤں ضلع مراد آباد

وفات ۱۲ر مئی ۱۹۷۲ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ بزرگانِ کراچی۔ پاکستان کے نعت گو شعراء

شمس وارثی (سیّد شمس الحسن)

معروف اردو شاعر، نعت گو

نعتیہ مجموعے حرف ونوا (۱۹۷۵ء)۔ حرفِ معتبر (۱۹۹۲ء)

طیبہ جانے والے۔ حاصل زندگی (۲۰۰۳ء)

ولدیت سیّد فخر الحسن وارثی

ولادت یکم جولائی ۱۹۳۶ء قصبہ کھیوالی ضلع بارہ بنکی

وفات ۱۹ر جنوری ۲۰۰۸ء کراچی

تدفین سخی حسن، کراچی

آخذ عقیل عباس جعفری (کراچی)

شمیم بلتستانی (فدا حسین)

اردو اور بلتی کے شاعر و ادیب، مؤرخ، ڈرامہ نگار، براڈ کاسٹر

شاعری اور نثر میں آٹھ کتابوں کے خالق

نعتیہ مجموعہ عقیدت (نعت منقبت: ۱۹۹۱ء)

بریگیڈیئر محمد ذاکر اور جائنٹ سیکرٹری شاکر شمیم کے والد

ولادت ۱۹۱۷ء چلو، بلتستان

وفات ۶ر جون ۲۰۱۰ء سکردو

تدفین سکردو

مآخذ جنگ راولپنڈی ۸ر جون ۲۰۱۰ء۔

شوکت الٰہ آبادی (محمد زبیر فاروقی)

معروف اردو شاعر و ادیب، نعت گو، ماہر عروض

نعتیہ مجموعہ چراغِ حرا (۱۹۹۵ء)

ولادت دسمبر ۱۹۱۳ء الٰہ آباد (یوپی)

وفات ۱۴ر جون ۲۰۰۱ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ پاکستان کے نعت گو شعراء (جلد دوم)

شوکت راز (شوکت علی راؤ)

ممتاز اردو شاعر و ادیب۔ سربراہ مجلس فکر و شعور پُھلروان

نعتیہ مجموعہ توشہ (۱۹۹۹ء)

ولدیت دوست محمد

ولادت یکم اپریل ۱۹۴۱ء روہتک

وفات ۲۵ر فروری ۲۰۰۷ء پھلروان

تدفین پھلروان ضلع سرگودھا

مآخذ وفیاتِ اہلِ قلم

شوکت ہاشمی

اردو اور پنجابی کے ممتاز شاعر۔ ایس ایس پی رحیم یار خان

نعتیہ مجموعے شمع نور (۱۹۹۴ء)۔

سارے حرف گلاب (۱۹۹۵ء)

حرفِ معتبر (۱۹۹۶ء)

فیضانِ رحمت (۱۹۹۸ء)

بہارِ طیب و طاہر (۱۹۹۹ء)

ولادت ۱۸/اگست ۱۹۴۹ء کوٹ سلطان ضلع لیہ

وفات (حادثہ) ۱۸/اگست ۲۰۰۱ء خانپور

تدفین کوٹ سلطان ضلع لیہ

مآخذ سہ ماہی سیارہ سالنامہ ۲۰۰۱ء۔ شاخِ نور

شہاب دہلوی (سیّد مسعود حسن)

بہاولپور کے ممتاز شاعر، ادیب، محقق، مؤرخ، مترجم، صحافی

بانی سیکرٹری جنرل اردو اکادمی بہاولپور (تاحیات)

بانی مدیر ہفت روزہ 'الہام' و سہ ماہی 'الزبیر' بہاولپور

صدر پریس کلب بہاولپور

نعتیہ مجموعہ موجِ نور (نعت، منقبت، قصیدہ: ۱۹۷۴ء)

ولدیت سیّد منظور حسن رضوی (م: ۲۳/اکتوبر ۱۹۶۰ء)

ولادت ۲۲/اکتوبر ۱۹۲۲ء دہلی

وفات ۲۹/اگست ۱۹۹۰ء بہاولپور

تدفین قبرستان پیر حامد عقب شیر باغ، بہاولپور

مآخذ میرے بزرگ میرے ہمعصر۔ ک م ا

شیخ ننکانوی، احمد علی

اردو کے معروف شاعر، کارکن تحریکِ پاکستان

نعتیہ مجموعہ برقِ تپاں (۱۹۸۸ء)

ولادت یکم مارچ ۱۹۱۴ء ننکانہ صاحب

وفات ۲۸/فروری ۱۹۸۵ء

تدفین ننکانہ صاحب ضلع شیخوپورہ

مآخذ تاریخ شیخوپورہ

شیدا جبلپوری (سیّد احمد علی شاہ)

ممتاز نعت و غزل گو شاعر

نعتیہ مجموعہ زادِ راہ (۱۹۸۵ء)

پی ٹی وی کے پروڈیوسر و شاعر سیّد اقبال حیدر کے والدِ گرامی

ولدیت مولوی سیّد محمد علی شاہ

ولادت ۵/فروری ۱۹۰۱ء جبلپور (سی پی)

وفات ۲۲/نومبر ۱۹۸۸ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ پاکستان کے نعت گو شعراء جلد ۲

صابر براری (احمد مرزا قادری)

اردو کے ممتاز شاعر، نعت اور تاریخ گوئی میں شہرت پائی۔ تلمیذ ضیاء القادری و عارف اکبر آبادی۔ بانی مجلس سخن کراچی

نعتیہ مجموعے فردوسِ عقیدت (۱۹۵۸ء)۔ آمنہ کا لال۔

آمنہ کا چاند (۱۹۶۱ء)۔ جامِ طہور (۱۹۷۸ء)

ولدیت مولوی حمید مرزا

ولادت ۳۰/اکتوبر ۱۹۲۸ء ایلچ پور ضلع امراؤتی (برار)

وفات ۵/مئی ۲۰۰۶ء کراچی

تدفین قبرستان کورنگی نمبر ۱، کراچی

مآخذ وفیاتِ اہلِ قلم

صائم چشتی (محمد ابراہیم)

اردو و پنجابی کے ممتاز نعتیہ شاعر، ادیب، عالم دین مفسر قرآن، محقق، مترجم، درجنوں کتب کے مصنف، مؤلف، مترجم

نعتیہ کتب نوائے صائم (۱۹۸۵ء)۔ نور دا ظہور۔

رحمت دا خزانہ۔ جلوے۔ نور دا چشمہ۔

صائم دے میلے۔ صائم دے دوہڑے۔

بہاراں مسکراپیاں۔ نظارے۔ طہٰ تے یٰسین

مدینے دیاں کلیاں۔ میلادِ صائم۔

نورای نور۔ فردوسِ نعت (۱۹۸۶ء)۔

آں خنک شہرے (۱۹۷۹ء)۔

جہاناں دی رحمت۔ حسنِ کائنات (۱۹۸۱ء)

شانِ کائنات (۱۹۸۲ء)۔ ارمغانِ مدینہ۔

جانِ کائنات (۱۹۸۵ء)۔ جانِ بہار۔

روحِ کائنات (۱۹۷۷ء)۔ شاہِ خوباں۔

نعتاں صائم دیاں۔ میرے حضور آ گئے

ولدیت — شیخ محمد اسماعیل

ولادت — دسمبر ۱۹۳۲ء گنڈی ونڈ متصل سرائے امانت خاں ضلع امرتسر

وفات — ۲۲ر جنوری ۲۰۰۰ء فیصل آباد

تدفین — متصل جامع مسجد حیدر کرار' غلام محمد آباد' فیصل آباد

مآخذ — جنگ راولپنڈی ۲۴ر جنوری ۲۰۰۰ء۔

صبا اکبر آبادی (خواجہ محمد امیر)

نامور اردو شاعر و ادیب' مترجم' کارکن تحریکِ پاکستان

مدیر ماہنامہ 'آزاد' 'مشورہ' آگرہ (۱۹۲۸ء تا ۱۹۳۷ء)

مدیر ماہنامہ 'انجمن' کراچی۔ عمر خیام' غالب' حافظ اور امیر خسرو کے منتخب فارسی کلام کا منظوم اردو ترجمہ کیا۔

نعتیہ مجموعے — حرزِ جاں۔ دستِ دعا (۲۰۰۳ء)

والد — تاجدار عادل و سلطان جمیل نسیم

ولدیت — ڈاکٹر خواجہ علی محمد

ولادت — ۱۴ر اگست ۱۹۰۸ء اکبر آباد (آگرہ)

وفات — ۲۹ر اکتوبر ۱۹۹۱ء اسلام آباد

تدفین — سخی حسن' کراچی

مآخذ — سہ ماہی سیارہ لاہور شمارہ نمبر ۳۳۔

روزنامہ پاکستان لاہور ۹ر دسمبر ۱۹۹۱ء

صبا متھراوی (رفیع احمد)

ممتاز نعت گو و تاریخ گو شاعر' تلمیذ سیماب اکبر آبادی

نعتیہ مجموعے — دربارِ رسالت میں (۱۹۷۲ء)

مصدر الالہام (۱۹۸۱ء)

ولدیت — مولوی رضی الدین (خطیب شاہی عیدگاہ متھرا)

ولادت — ۳۰ر نومبر ۱۹۱۶ء متھرا (یوپی)

وفات — ۴ر اکتوبر ۱۹۸۸ء کراچی

('حاضر ہے وفادار صبا' = ۱۴۰۹ھ/۱۹۸۸ء سے اپنی تاریخ وفات خود نکال رکھی تھی)

تدفین — سخی حسن' کراچی

مآخذ — پاکستان کے نعت گو شعراء۔ مصدر الالہام

صفیہ شمیم ملیح آبادی

اردو کی بزرگ شاعرہ' کارکن تحریکِ پاکستان۔

بانی رسالہ ''صبحِ نو'' راولپنڈی (اجراء اپریل ۱۹۵۸ء)

نامور شاعر جوش ملیح آبادی کی بھانجی [اُن کی بہن انیس جہان بیگم کی بیٹی]

نعتیہ مجموعہ نوائے حجاز (١٩٨٤ء)

ولادت ٢٧/مارچ ١٩٢٠ء ملیح آباد ضلع لکھنؤ

وفات ١٩/ستمبر ٢٠٠٨ء راولپنڈی

تدفین ؟قبرستان بی بلاک 'سیٹلائٹ ٹاؤن' راولپنڈی

ماٰخذ جنگ راولپنڈی ٢٠/ستمبر ٢٠٠٨ء

صلاح الدین میر

اردو مصنف' نعت گو شاعر

نعتیہ مجموعہ آوازِ دل (١٩٩٧ء)

ولدیت میر حسین بخش

ولادت ٤/ستمبر ١٩٢١ء گوجرانوالہ

وفات ٩/نومبر ٢٠٠٢ء اسلام آباد

تدفین ایچ ایٹ قبرستان' اسلام آباد

ماخذ تنہائیاں بولتی ہیں

صوفی نقوی (سیّد اقبال محمد)

اردو' فارسی و پنجابی شاعر و ادیب' تلمیذ غلام قادر گرامی

نعتیہ مجموعے ارادت۔ فرشِ راہ۔

ولدیت سیّد شاہ نواز نقوی

ولادت ١٢/اگست ١٩٠٥ء قصبہ ریحانہ کلاں ضلع ہوشیار پور

وفات ٢٣/مارچ ٢٠٠٢ء بھلوال

تدفین بھلوال ضلع سرگودھا

ماٰخذ نعت گویانِ سرگودھا

صہبا اختر (اختر علی)

اردو کے ممتاز شاعر' فلمی نغمہ نگار' طویل عرصہ روزنامہ 'مشرق' اور 'حریت' کے قطعہ نگار رہے۔ ملی شاعری میں اہم نام

نعتیہ مجموعہ اقراء (١٩٨١ء)

اعزاز صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی (١٩٩٦)

ولدیت منشی رحمت علی رحمت

ولادت ٣٠/ستمبر ١٩٣١ء جموں

وفات ١٩/فروری ١٩٩٦ء کراچی

تدفین گلشن اقبال' کراچی

ماٰخذ نگار گولڈن جوبلی نمبر۔ تاریخِ رفتگاں ٢

ضمیر اظہر (ضمیر الدین)

ممتاز اردو شاعر و ادیب۔ ریٹائرڈ ڈپٹی سیکرٹری خزانہ

نعتیہ مجموعہ فرطِ عقیدت (حمد نعت وغیرہ: ١٩٨٣ء)

ولادت ٤/فروری ١٩٢١ء امرتسر

وفات ٧/دسمبر ١٩٩٥ء اسلام آباد

تدفین قبرستان متصل گرلز انٹر کالج' خیابانِ سرسیّد' راولپنڈی

ماٰخذ لوحِ مزار۔ غزالِ رعنا

ضمیر جعفری' سیّد (ضمیر حسین)

نامور اردو شاعر و ادیب' مزاح نگار' خاکہ و سفرنامہ نگار' مترجم' مدیر' کالم نگار۔ سابق ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل پاکستان نیشنل سنٹرز سابق ڈائریکٹر تعلقات عامہ سی ڈی اے اسلام آباد۔ اوّلین مدیر سہ ماہی 'ادبیات' اسلام آباد' مدیر سہ ماہی' اودھ

پنچ'، راولپنڈی' روزنامہ 'غالب' لاہور' چیف ایڈیٹر روزنامہ 'بادِ شمال'، راولپنڈی۔ پچاس کتب شعر و نثر کے خالق

نعتیہ مجموعے ارمغانِ ضمیر (حمد' نعت' منقبت: ۱۹۷۴ء)

نعت نذرانے (۱۹۹۳ء)

اعزاز تمغۂ قائداعظم (۱۹۶۷ء)

صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی (۸۵ء)

ولدیت سیّد حیدر شاہ

ولادت یکم جنوری ۱۹۱۶ء چک عبدالخالق ضلع جہلم

وفات ۱۲ر مئی ۱۹۹۹ء نیویارک

تدفین در پہلو سیّد محمد شاہ بخاری' کھیارہ شریف' بچہ مندرہ' ضلع راولپنڈی

ماخذ وفیاتِ اہلِ قلم

ضیاء القادری (محمد یعقوب حسین)

ممتاز نعت گو شاعر' ادیب' تذکرہ نگار' تلمیذ قادر بدایونی

نعتیہ مجموعے نغمہ ہائے مبارک (۱۹۴۹ء)

دیارِ نبیؐ (منظوم سفرنامہ حج ۔ ۱۹۵۰ء)

نغمۂ ربانی (منظوم میلاد: ۱۹۵۷ء)

خزینۂ بہشت (۱۹۵۹ء)

تجلیاتِ نعت۔

ولدیت ملا یاد حسین

ولادت ۳ر جون ۱۸۸۳ء بدایوں

وفات ۱۳ر اگست ۱۹۷۰ء کراچی

تدفین قبرستان کنٹری کلب روڈ' کراچی

ماخذ بزرگانِ کراچی۔ پاکستان کے نعت گو شعراء

ضیاء محمد ضیاء

اردو فارسی کے ممتاز شاعر و ادیب' استاد

نعتیہ مجموعہ موجِ زمزم (اردو حمد و نعت: ۱۹۹۵ء)

ولدیت حکیم عبدالرسول ہاشمی

ولادت ۱۲ر فروری ۱۹۲۸ء قاسم آباد نزد کنجاہ ضلع گجرات

وفات ۱۰ر جنوری ۲۰۰۸ء پسرور

تدفین پسرور تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

ماخذ سیارہ لاہور سالنامہ ۲۰۰۸ء۔ ک م ا

ضیاء محمد قلعداری' پروفیسر مولوی

ماہر تعلیم' پنجابی و فارسی ادیب' محقق' فارسی کے نعتیہ شاعر۔ ریٹائرڈ پروفیسر فارسی و وائس پرنسپل

نعتیہ مجموعہ تحفۂ رسولیہ (فارسی: ۱۹۹۷ء)

ولادت ۱۰ر جون ۱۸۹۸ء قلعدار نزد کنجاہ ضلع گجرات

وفات ۷ر مارچ ۱۹۸۴ء فیصل آباد

تدفین نڑوالا روڈ قبرستان' فیصل آباد

ماخذ سہ ماہی 'پیغام آشنا' اکتوبر دسمبر ۲۰۰۶ء

طارق سلطانپوری (محمد عبدالقیوم)

معروف شاعر' تاریخ گوئی میں خاص مہارت رکھتے تھے۔ مرید پیر غلام محی الدین گولڑوی المعروف بہ بابو جی

نعتیہ مجموعے بارانِ رحمت (تضمین سلام رضا ۲۰۰۵ء)

برہانِ رحمت (تضمین سلام رضا: ۲۰۰۵ء)

بستانِ رحمت (تضمین سلام رضا: ۲۰۰۸ء)

دیگر کتب تجلیاتِ حرمین (منظوم سفرنامہ حج: ۲۰۰۲ء)

ولدیت　مولانا عبدالعزیز خان

ولادت　۵ر جون ۱۹۴۷ء سلطان پور، حسن ابدال ضلع اٹک

وفات　۱۸ر اپریل 2015ء واہ کینٹ

تدفین　محلہ حطاریاں، حسن ابدال

ماخذ　ماہنامہ ضیائے حرم اسلام آباد مئی 2015ء

طارق مسعود، سیّد

اردو پوٹھوہاری کے معروف شاعر، ادیب، مترجم، صحافی

نعتیہ مجموعہ　مکاں لامکاں (حمد و نعت: ۲۰۰۶ء)

معروف کمپیئر قرۃ العین علی اور توثیق حیدر کے والدِ محترم

ولادت　۱۳ر فروری ۱۹۲۸ء راولپنڈی

وفات　۳۱ر مئی ۲۰۱۴ء اسلام آباد

تدفین　ایچ الیون قبرستان، اسلام آباد

ماخذ　لوحِ مزار

طاہر شادانی (محمد صدیق)

ممتاز ماہرِ تعلیم، ادیب، شاعر، محقق، تلمیذ شاداں بلگرامی سابق مدیر "سیارہ" لاہور۔ بانی حلقہ احباب ذوق پسرور۔

نعتیہ مجموعے　گلدستۂ نعت (۱۹۷۸ء)۔
حمد و مناجات (۱۹۸۶ء)

ولدیت　مولوی عبدالعزیز

ولادت　۱۳ر مارچ ۱۹۱۶ء پسرور ضلع سیالکوٹ

وفات　۲۹ر مئی ۲۰۰۰ء لاہور

تدفین　میانی صاحب، لاہور

مآخذ دُرِ نایاب عرف یادِ رفتگاں

محمد اسماعیل ذبیح، مولانا

ممتاز عالم دین، اردو شاعر و ادیب، سیاسی و مذہبی راہنما۔ کارکن تحریکِ کشمیر۔ کنوینر کشمیر لبریشن موومنٹ ضلع ہزارہ صدر ادارہ ادبیاتِ ہزارہ۔ صدر کسان عوامی محاذ ہزارہ۔
نعتیہ مجموعہ شرابِ طہور (۱۹۸۴ء)
ولادت ۸/اگست ۱۹۱۴ء راجوری (کشمیر)
وفات ۱۰/فروری ۱۹۹۶ء نواں شہر ایبٹ آباد
تدفین نواں شہر ایبٹ آباد
مآخذ وفیاتِ اہلِ قلم

محمد اعظم قادری نوشاہی، بابا

عالم دین، شیخ طریقت، صوفی شاعر (تخلص اعظمی)
خلیفہ سیّد فقیر اللہ شاہ نوشاہی سچیاری
نعتیہ مجموعہ بے مثل بشر صلی اللہ علیہ وسلم
ولدیت مولوی محمد یار
ولادت ۲۷/نومبر ۱۸۶۱ء میر و وال ضلع شیخوپورہ
وفات ۲/جون ۱۹۵۵ء
تدفین میر و وال ضلع شیخوپورہ
مآخذ تذکرۂ مشائخِ قادریہ۔ نوشاہی شعراء

محمد افضل فقیر، صوفی

ممتاز دینی، علمی، ادبی و روحانی شخصیت، نعت گو شاعر، مترجم خلیفہ علامہ احمد سعید کاظمی۔ بانی مرکز تعلیم و تربیت کوٹ عبداللہ
نعتیہ مجموعے جانِ جہاں (۱۹۸۳ء)۔ عطائے محمد (۱۹۹۱ء)
شابیب الرحمۃ (عربی حمد و نعت: ۱۹۹۲ء)
ولدیت محمد شریف
ولادت ۱۰/جون ۱۹۳۶ء چک دھیدو
وفات ۸/جنوری ۱۹۹۴ء
تدفین خانقاہ، کالا خطائی (کوٹ عبداللہ) نارنگ روڈ تحصیل نارنگ منڈی ضلع شیخوپورہ
مآخذ پاکستان میں فارسی ادب جلد ۶
نوائے وقت میگزین ۱۳/مئی ۲۰۰۷ء

محمد اکرم رضا، پروفیسر

ممتاز شاعر و ادیب، ماہر تعلیم

نعتیہ مجموعے توفیقِ ثناء (۲۰۱۲ء)۔

پھر سوئے حرم لے چل

سلام بحضور سیّد الانام ﷺ

نعت پر تحقیقی کتب: کاروانِ نعت کے حدی خواں۔

قافلۂ شوق کے مسافر۔ تاجدارِ ملکِ سخن۔

نعت کے تنقیدی زاویے

ولدیت محمد علی

ولادت ۱۵/جنوری ۱۹۴۶ء

وفات ۲۵/جون ۲۰۱۲ء گوجرانوالہ

تدفین گوجرانوالہ

ماخذ سیّد صبیح الدین صبیح رحمانی (کراچی)

محمد امین مجاہد، حاجی

ممتاز عالم دین، مجاہدِ تحریکِ کشمیر، مصنف، حمد و نعت کے شاعر

حاجی صاحب ترنگ زئی کے ساتھی و خلیفہ۔

طویل عرصہ انگریزوں کے خلاف برسرِ پیکار رہے

پشتو میں نعتیہ مجموعوں اور دیگر کتب کے خالق

کتب گلزارِ مدینہ۔ اسرارِ مدینہ۔ بہارِ مدینہ

انوارِ مدینہ۔ الحمد للہ۔

خطاب فخرِ کشمیر

ولدیت محمد اسعد خاں

ولادت ۱۸۹۵ء شیخ محمدی ضلع پشاور

وفات ۳۱/مئی ۱۹۵۸ء

تدفین بڑی مسجد مجاہد آباد، عمر زئی، چارسدہ

مآخذ مشاہیر علماء حصہ دوم

محمد انور قادری، صوفی

پنجابی و اردو کے صوفی شاعر، روحانی بزرگ

نعتیہ کتب مقامِ مصطفیٰ (اردو)۔ علومِ مصطفیٰ (اردو)

ولدیت سائیں فرزند علی پہلوان

ولادت ۱۹۳۵ء سینر تحصیل اجنالہ ضلع امرتسر

وفات ۲/فروری ۱۹۹۵ء

تدفین گوجرہ ضلع جھنگ

مآخذ کھوج شمارہ ۴۳

محمد بشیر احمد بٹ

اردو اور پنجابی کے شاعر، مصنف، شارحِ غالب

نعتیہ کتب معراج دی رات۔ کملی والڑا۔

ولادت ۱۹۲۱ء

وفات ۱۹/دسمبر ۱۹۵۸ء

تدفین پنجابی قبرستان، کراچی

مآخذ وم پ

محمد حسین، مولوی

پنجابی کے ممتاز شاعر

نعتیہ مجموعہ بہارِ فردوس

ولدیت علم دین

ولادت ۱۹۰۰ء کوٹ امیر حسین ضلع گجرات

وفات تخمیناً ۱۹۷۵ء

تدفین گجرات

ماخذ گجرات کا علمی سرمایہ

محمد حسین آسی، پروفیسر

شاعروادیب، مصنف، ماہر تعلیم، پیر طریقت

نعتیہ مجموعے نغماتِ میلاد۔ تبرکات حرمین (۲۰۰۰ء)

وفات ۸/اگست ۲۰۰۶ء شکر گڑھ ضلع نارووال

تدفین لاثانی نگر تحصیل شکر گڑھ ضلع نارووال

مآخذ جنگ لاہور ۹/اگست ۲۰۰۶ء

محمد حسین قیس چشتی، صوفی

معروف روحانی شخصیت، صوفی و نعتیہ شاعر، ادیب، مصنف

بانی ماہنامہ 'روحانی پیغام'۔ دو درجن کتب (بشمول مجموعہ نعت)

والد پروفیسر افتخار احمد چشتی

ولدیت مولوی دین محمد

ولادت ۱۴/اپریل ۱۸۷۶ء دینا نگر، گورداسپور

وفات ۱۰/نومبر ۱۹۵۱ء

تدفین ۱۷/فروری ۱۹۵۲ء تک امانتاً راولپنڈی میں

پھر جامعہ چشتیہ سرگودھا روڈ، فیصل آباد

مآخذ وم پ۔ خزینہ گرم (جلد ثانی)

محمد شریف، راجہ

اردو ادیب، مؤرخ، سیرت نگار، نعتیہ شاعر

کتب آئینۂ حجاز۔ حیاتِ رسالت مآبؐ۔

ولادت ۳۰ مارچ ۱۹۲۴ء موہڑہ برج ضلع راولپنڈی

وفات ۲۹/دسمبر ۱۹۹۷ء

تدفین موہڑہ برج ضلع راولپنڈی

مآخذ میرے عہد کے عہد ساز

محمد شفیع اوکاڑوی، مولانا حافظ

ممتاز عالم دین، شاعروادیب، 'خطیب اعظم پاکستان'

رکن قومی اسمبلی (۱۹۷۰ء)

خطیب مرکزی میمن مسجد کراچی (۷۲۔۱۹۵۲ء)

خطیب جامع مسجد گلزار حبیب کراچی۔

کتب الذکر الحسین فی سیرت النبی الامینؐ۔

انوارِ رسالت۔

ولادت ۱۹۲۹ء کھیم کرن

وفات ۲۴/اپریل ۱۹۸۴ء

تدفین جامع مسجد گلزار حبیب، سولجر بازار، کراچی

مآخذ پ ک ت ا۔ پاکستانیکا

محمد شفیع شوق

اردو شاعر

نعتیہ مجموعہ نبی پاک دی اُڈیک

ولادت ۲۱/جنوری ۱۹۲۵ء سری نگر، کشمیر

وفات ۲۹/جولائی ۱۹۸۱ء راولپنڈی

تدفین قبرستان عیدگاہ، راولپنڈی

مآخذ لوحِ مزار۔ فہرست ذخیرہ کتب حکیم محمد موسیٰ امرتسری جلد سوم

محمد صدیق صبر قادری

پنجابی زبان کے معروف نعت گو شاعر، تلمیذ محمد دین میر

شعری کتب صبر دیاں نعتاں۔ انوار دے جلوے۔

انوارِ قادری۔

ولدیت	میاں احمد دین
ولادت	۱۹۳۴ء باغبانپورہ، لاہور
وفات	۵/دسمبر ۲۰۰۱ء لاہور
تدفین	قبرستان شیخ شیخاں، باغبان پورہ، لاہور
مآخذ	نوائے وقت لاہور ۷/دسمبر ۲۰۰۱ء

محمد عارف چشتی، مولانا الحاج عبدالرسول

عالم، مصنف و شاعر۔ خطیب جامع مسجد ڈھکی دروازہ گجرات

شعری کتب	بے مثل صانع کی بے مثل صنعت (نعت) کرنیں ایک ہی مشعل کی (حمد، نعت)
ولدیت	مولوی نور حسین
ولادت	۳/جون ۱۹۱۵ء کنگ سہالی ضلع گجرات
وفات	۲۶/ستمبر ۲۰۰۳ء گجرات
تدفین	کنگ سہالی ضلع گجرات
مآخذ	سرگزشتِ رفتگاں۔

محمد عالم نظامی، حکیم قاضی

عالم دین، پنجابی کے صوفی شاعر

شعری کتب	اُسوۂ حسنہ۔
ولادت	مارچ ۱۸۸۷ء جلالپور بھٹیاں، حافظ آباد
وفات	اکتوبر ۱۹۸۰ء
تدفین	جلالپور بھٹیاں (موجودہ) ضلع حافظ آباد
مآخذ	مہک گوجرانوالہ نمبر۔ پنجابی ادب دی کہانی

محمد عبداللہ ملکھانوالہ، مولوی

پنجابی زبان کے دینی و صوفی شاعر، مبلغ و روحانی شخصیت

نعتیہ کتب	مجموعۂ نعت۔ سی حرفی در عشق نبی کریمؐ
ولدیت	چراغ دین
ولادت	۱۸۷۷ء دلماں والی ضلع سیالکوٹ
وفات	یکم دسمبر ۱۹۵۰ء
تدفین	چک ۲۲۶ ر ب، ملکھانوالا، فیصل آباد
مآخذ	ششماہی 'کھوج'، لاہور شمارہ ۳۸

محمد علی ظہوری

اردو اور پنجابی کے معروف نعت گو شاعر و نعت خواں۔
بانی مجلس حسان پاکستان (تاسیس ۱۹۶۶ء)

نعتیہ کتب	ثنائے حبیب ﷺ۔ مدحِ رسول ﷺ۔ نوائے ظہوری (۱۹۸۰ء)۔ توصیف کتھے تیری ثنا (پنجابی)۔ صفتاں سوہنے رسول ﷺ دیاں (پنجابی)
خطاب	حسانِ پاکستان
اعزاز	صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی (۱۹۹۹ء)
ولادت	۱۲/اگست ۱۹۳۲ء آرائیاں، رائے ونڈ، لاہور
وفات	۱۱/اگست ۱۹۹۹ء لاہور
تدفین	مرکز توصیف، گاؤں آرائیاں، رائے ونڈ روڈ، لاہور
مآخذ	ماہنامہ 'منہاج القرآن' لاہور ستمبر ۱۹۹۹ء ششماہی ادبیات اسلام آباد (نعت نمبر)

محمد عمر رضا روحی قادری، پیر شاہ

سندھ کے بزرگ روحانی پیشوا، عالم دین، نعت گو شاعر
خلیفہ حضرت ابوالقاسم محمد احمد صدیق قاتل اجمیری

کتب فیضانِ روحی۔ رہبرِ دنیا ودیں

ولدیت خان محمد وزیر خان

ولادت ۱۶رمئی ۱۹۰۰ء ناوہ کچامن (راجستھان)

وفات ۱۲ردسمبر ۱۹۷۷ء

تدفین حیدرآباد (سندھ)

مآخذ انوارِ علمائے اہلِ سنت سندھ۔

محمد یار فریدی، خواجہ

اردو، فارسی وسرائیکی زبانوں کے صوفی شاعر (تخلص بلبل)

پیرِ طریقت، خلیفہ حضرت خواجہ غلام فرید چشتی

مجموعۂ کلام دیوانِ محمدی الموسم بہ انوارِ فریدی (۱۹۳۸ء)

ولدیت مولانا عبدالکریم

ولادت ۱۸۸۱ء گڑھی اختیار خان تحصیل خانپور ضلع رحیم یار خان

وفات ۲۴رمئی ۱۹۴۸ء لاہور

تدفین گڑھی اختیار خان ضلع رحیم یار خان

مآخذ صحیفۂ تاریخ۔ پاکستان میں فارسی ادب ۶

محمد یعقوب نقشبندی

شیخِ طریقت، عالمِ دین، نعت گو شاعر، مصنف

نعتیہ کتب سیّد المرسلینؐ۔ نصرت العاشقین

ولادت ۲۰رستمبر ۱۸۹۳ء موسیٰ پور پسرور، سیالکوٹ

وفات ۳۰راکتوبر ۱۹۸۱ء

تدفین ہیبت پور تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ

مآخذ تاریخِ رفتگاں ۳

محمود اختر کیانی

اردو شاعر وادیب۔ حدیقہ کیانی (معروف پاپ سنگر) کے والد

نعتیہ مجموعہ عقیدت (۱۹۷۱ء)

ولدیت راجہ حسن اختر (صدر مسلم لیگ)

ولادت ۱۵رمئی ۱۹۳۰ء کہوٹہ ضلع راولپنڈی

وفات ۲۸رجولائی ۱۹۷۵ء

تدفین دربار مرزا سخی سائیں سبزواری، کہوٹہ ضلع راولپنڈی

مآخذ نظرِ غبارے از سیّد ضمیر جعفری

محمود شاہ ہزاروی، سیّد

ممتاز عالمِ دین وطبیب، نعت گو شاعر

نعتیہ مجموعہ قصیدۂ باغ وبہار (۱۹۸۰ء)

ولدیت سیّد عثمان شاہ

ولادت ۱۸۹۶ء بفہ ضلع مانسہرہ

وفات ۲۶۔ مئی ۱۹۸۶ء

تدفین بفہ ضلع مانسہرہ

مآخذ شخصیاتِ سرحد

محمودہ خاتون

نعت گو شاعرہ، مجموعہ نعت بھی چھپ چکا ہے۔

نانی فرید الحق ایڈووکیٹ

وفات ۱۲رجنوری ۱۹۵۹ء

تدفین قبرستان سوسائٹی، کراچی

مآخذ خ ک

مختار احمد کاشف

اردو شاعر و ادیب، محقق، مترجم۔

نعتیہ مجموعہ وہی یٰسین وہی طٰہٰ ﷺ

ولدیت حکیم پیر محمد کاوش

ولادت ۱۱ر ستمبر ۱۹۵۰ محلہ چاہ بیری والا، گجرات

وفات ۱۱ر ستمبر ۲۰۱۰ء گجرات

تدفین کراچی

مآخذ معلومات از رحمت اللہ شہزاد (گجرات)

مخلص صدیقی (امام الدین)

اردو و پنجابی شاعر

نعتیہ کتب عطائے رسول ﷺ ۔تحفہ معراج۔
نعت روح کونین۔

ولدیت فہیم الدین

ولادت ۱۹۳۸ء کنج پورہ (کرنال)

وفات ۸ر مارچ ۱۹۹۶ء وزیر آباد

تدفین قبرستان عید گاہ وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ

مآخذ تاریخ وزیر آباد

مسرور جالندھری (سلطان محمود رضوانی)

اسلام آباد کے ممتاز اردو شاعر، تلمیذ ادیب نوگانوی۔

معتمدِ اعلیٰ بزمِ شعر و ادب اسلام آباد

نعتیہ مجموعہ مدینے کے قریں (۲۰۰۴ء)

ولادت ۷ر جنوری ۱۹۲۹ء جالندھر

وفات ۱۰ر دسمبر ۲۰۰۸ء اسلام آباد

تدفین قبرستان ایچ الیون، اسلام آباد

مآخذ تنہائیاں بولتی ہیں

مسرور کیفی (صالح محمد)

اردو کے نامور نعت گو شاعر، تذکرہ نگار۔ دو درجن نعتیہ مجموعے یادگار چھوڑے ہیں۔

نعتیہ کتب چراغِ حرا (۱۹۷۸ء)۔ ملجا و ماوا (۱۹۸۰ء)
جمالِ حرم (۱۹۸۱ء)۔ مولائے کل (۱۹۸۲ء)
نورِ یزداں (۸۳ء) میزابِ رحمت (۸۴ء)
ہالہ نور (۱۹۸۵ء)۔ سیّد الکونینؐ (۱۹۸۶ء)
مرحبا (۱۹۸۷ء)۔ سجدۂ حرف (۱۹۸۸ء)
سفینۂ نعت (انتخاب ڈاکٹر ابوالخیر کشفی: ۱۹۹۰)
حرفِ عطا (۱۹۹۲ء)۔ نورِ یزداں (۱۹۹۳ء)
آئینۂ انوار (۱۹۹۳ء)۔
نقشِ جمال (۱۹۹۶ء) عکس تمنا (۱۹۹۷ء)
کرم در کرم (۲۰۰۰ء)
محمدِ عربی ﷺ (۲۰۰۰)۔ دیارِ نور (۲۰۰۲ء)
شافعِ محشر (۲۰۰۳ء)۔ رنگِ ثنا (۲۰۰۳)
سلام اُن پر (۲۰۰۶ء)۔ آبشارِ نور (۲۰۰۹ء)

ولدیت حاجی عبدالرحمٰن

ولادت ۲۸ر فروری ۱۹۲۸ء

وفات ۳۰ر جنوری ۲۰۰۳ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ ماہنامہ 'آہنگ' مئی ۲۰۰۵ء۔
فہرست کتب خانہ نعت ریسرچ سینٹر

مسعود رضا خاکی، ڈاکٹر آغا

سلام و مرثیہ کے ممتاز شاعر، محقق، ادیب، عالم، ماہر تعلیم
سابق صدر شعبہ اردو گورنمنٹ کالج شیخوپورہ

نعتیہ مجموعہ　معراجِ سخن (۱۹۹۰ء)

ولدیت　آغا محمود رضا

ولادت　۵/جنوری ۱۹۲۶ء میرٹھ

وفات　۷/اگست ۱۹۸۸ء لاہور

تدفین　قبرستان مومن پورہ، لاہور

ماٰخذ　واپ۔ برصغیر کے امامیہ مصنفین کی مطبوعہ تصانیف و تراجم۔ تذکرہ شعرائے میرٹھ

مسلم اویسی امرتسری، محمد

پنجابی کے معروف نعت گو شاعر، فلمی گیت نگار، ڈرامہ نگار۔
پنجابی نعتوں پر مبنی درجنوں مختصر کتابچے چھپ چکے ہیں

کتب　سرکارِ یثرب۔ اِک میم محمد چمکے
تیری خیر ہووے پہریدارا۔
اساں یا محمد کہنا اے۔
اس رات دے تارے دسدے نیں۔
رحمت دے پُھل۔ اج عرش سجایا جانا اے

ولادت　۱۹۱۵ء امرتسر

وفات　۱۳/جنوری ۱۹۶۷ء

تدفین　لاہور

ماٰخذ　ہمارے اہلِ قلم۔ کیپٹن شاکر کنڈان
پنجابی کتابیات

مشتاق علوی

اردو شاعر و ادیب، صحافی، محقق، ناشر
روزنامہ 'جنگ' راولپنڈی کا فلمی صفحہ ایڈٹ کرتے رہے۔

نعتیہ مجموعہ　نعت و سلام۔

ولدیت　الطاف پرواز (ممتاز شاعر و ادیب)

ولادت　یکم فروری ۱۹۴۱ء درویش، ہری پور

وفات　۱۷/جون ۲۰۰۴ء اسلام آباد

تدفین　ہمک (ماڈل ٹاؤن)، اسلام آباد

ماٰخذ　معلومات از جبار مرزا (اسلام آباد)

مضطر دھریموی (کریم بخش)

سرگودھا کے معروف اردو و پنجابی شاعر

نعتیہ مجموعہ　سبدِ گل

ولادت　۸/جون ۱۹۱۶ء دھریمہ ضلع سرگودھا

وفات　۳۱/جنوری ۱۹۹۴ء

تدفین　دھریمہ ضلع سرگودھا

ماٰخذ　اب انہیں ڈھونڈ چراغِ رُخِ زیبا لے کر

مظفر وارثی (محمد مظفر الدین احمد صدیقی)

نامور اردو شاعر و ادیب، نعت گوئی میں خصوصی مقام رکھتے تھے۔ نوائے وقت لاہور کے قطعہ نگار۔

اعزاز　صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی (۱۹۸۸)

حمدیہ مجموعے　الحمد (۱۹۹۲ء)۔ لاشریک (۲۰۰۱ء)

نعتیہ مجموعے　بابِ حرم (۱۹۷۶ء)۔ نورِ ازل (۱۹۸۴ء)
کعبۂ عشق (۱۹۸۹ء) میرے اچھے رسول ﷺ

دل سے درِ نبی تک (۱۹۹۲ء)۔ اُمّی لقب
صاحب التاج (حمد، نعت، منقبت: ۲۰۰۰ء)
ولدیت شرف الدین احمد المعروف بہ صوفی وارثی
ولادت ۲۰ر دسمبر ۱۹۳۳ء میرٹھ
وفات ۲۸ر جنوری ۲۰۱۱ء لاہور
تدفین جوہر ٹاؤن، لاہور
مآخذ نوائے وقت ۲۹ر جنوری ۲۰۱۱ء۔ وکی پیڈیا
فہرست کتب خانہ نعت ریسرچ سینٹر

مظہر الدین مظہر، مولانا حافظ

نامور اردو نعت گو شاعر، صحافی، مترجم، روحانی شخصیت، کارکن تحریکِ پاکستان۔ روزنامہ 'شہاب' اور 'احسان' لاہور سے وابستہ رہے۔ کشمیر کے حوالے سے معروف ترانہ 'میرے وطن تیری جنت میں آئیں گے اک دن' کے خالق
نعتیہ کتب شمشیر و سناں۔ حرب و ضرب۔
جلوہ گاہ (۱۹۷۵ء)۔ تجلیات (۱۹۸۳ء)۔
بابِ جبریل (۱۹۷۸ء)۔ میزاب (۱۹۸۲ء)
خاتم المرسلین ﷺ (مرتبہ نذر صابری)
ولدیت مولانا نواب الدین ستکوہی
ولادت ۱۹۱۴ء مدراس ضلع امرتسر
وفات ۲۲ر مئی ۱۹۸۱ء
تدفین پہلے ایک برس عیدگاہ راولپنڈی میں امانتاً
پھر چھتر، مری روڈ، ضلع راولپنڈی میں مزار بنا
مآخذ لوحِ مزار۔ امرتسر کے نعت گو شعراء
ادبیات اسلام آباد (نعت نمبر)

مقبول احمد قادری

معروف اردو نعت گو شاعر
مجموعہ نعت کیف و سرور (۱۹۹۱ء)
وفات آخری ہفتہ اپریل ۲۰۰۱ء لاہور
تدفین وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ
مآخذ نوائے وقت راولپنڈی ۳۰ر مئی ۲۰۰۱ء
(چہلم کی خبر)

مقبول نقش (عبد السبحان)

معروف اردو شاعر، تلمیذ کمالی مینائی
نعتیہ مجموعہ حرفِ ثبات (۲۰۰۴ء)
ولدیت عبد الجبار
ولادت ۱۹۱۹ء جمشید پور (ٹاٹا نگر، بہار)
وفات ۳۱ر جنوری ۲۰۰۵ء کراچی
تدفین قبرستان پہلوان گوٹھ، کراچی
مآخذ دبستانوں کا دبستان کراچی جلد ۲۔ ک م ا

ممتاز احمد ممتاز، حاجی

بورے والہ کے معروف پنجابی شاعر
نعتیہ مجموعہ صفتاں پاک رسول دیاں
ولدیت سلطان احمد
ولادت ۱۹۳۹ء ملوٹ (بھارت)
وفات ۱۰ر اگست ۱۹۹۲ء
تدفین بورے والہ
آخذ حرف نذرانے

ممتاز بجنوری

ممتاز شاعر و ادیب، دبستان ممتاز کے بانی سرپرست

مجموعۂ کلام نگارِ حرم (حمد و نعت: ۱۹۸۹ء)

ولادت بجنور

وفات ۵/ جنوری ۱۹۹۱ء کراچی

تدفین کراچی

ماٰخذ پاکستان بک ۱۹۹۱ء۔

منصور احمد خالد

اردو و پنجابی شاعر و ادیب، مترجم، صوفی

شعری کتب طلع البدر علینا (نعتیہ مجموعہ: ۲۰۰۵ء)

ولادت یکم جولائی ۱۹۴۳ء گجرات

وفات ۲۰/ مارچ ۲۰۰۷ء لاہور

تدفین لاہور

ماٰخذ نوائے وقت راولپنڈی ۲۳/ مارچ ۲۰۰۷ء

منظور احمد مہجور مکان شریفی، سیّد

فارسی و اردو کے نعت گو شاعر، کارکن تحریکِ پاکستان معروف روحانی شخصیت، عالم دین و مفتی

نعتیہ مجموعہ بامِ عرش (اردو و فارسی: ۱۹۹۲ء)

ولدیت سیّد غلام رسول

ولادت ۱۹۰۵ء مکانشریف (رتڑ چھتڑ) گورداسپور

وفات ۲۷/ مارچ ۱۹۶۹ء لاہور

تدفین رہائش گاہ مرحوم، مکانشریف ۱۲۰، سول لائن، ساہیوال

ماٰخذ اکابر تحریکِ پاکستان جلد دوم ۲۔

منظور الحق مخدوم، ڈاکٹر محمد

حافظ آباد کے ممتاز نعت گو شاعر، ادیب۔

صدر بزم نعت حافظ آباد۔ سرپرستِ اعلیٰ، اہل قلم، حافظ آباد

نعتیہ مجموعہ تاجدارِ حرم (۱۹۹۶ء)

ولدیت میاں غلام محمد

ولادت ۱۶/ جون ۱۹۳۰ء

وفات ۲۲/ ستمبر ۲۰۰۶ء حافظ آباد

تدفین شریف پورہ، حافظ آباد

ماٰخذ سیّد صبیح الدین صبیح رحمانی (کراچی)

منظور حسین منظور، ملک

ممتاز اردو شاعر، ممتاز صحافی، کالم نگار، استاد، ماہر تعلیم

نعتیہ مجموعے ارمغانِ عقیدت (۱۹۷۰ء)۔ برگِ طوبیٰ (۱۹۷۲ء)۔ کیفِ دوام۔

ولدیت قادر بخش

ولادت ۹/ مئی ۱۸۹۹ء ڈھیر امید علی شاہ نزد داؤد خیل ضلع میانوالی

وفات ۳۱/ مارچ ۱۹۷۴ء

تدفین داؤد خیل ضلع میانوالی

ماٰخذ میانوالی میں اردو شاعری کا ارتقاء (مقالہ ایم فل اردو)۔ بازگشت

منور بدایونی (ثقلین احمد)

اردو کے ممتاز شاعر۔ تلمیذ عیش بدایونی

شعری کتب منور نعتیں (۱۹۶۳ء)

کلیاتِ منور (۲۰۰۸ء)

اعزاز دوبار صدارتی انعام ۵۰۰ روپیہ (۱۹۶۴ء اور ۱۹۶۷ء میں) حاصل کیا

برادر بزرگ محشر بدایونی (ممتاز شاعر)

ولدیت حسنین احمد معراج بدایونی

ولادت ۲؍دسمبر ۱۹۰۸ء بدایوں (یوپی)

وفات ۶؍اپریل ۱۹۸۴ء کراچی

تدفین عزیز آباد، کراچی

ماٰخذ ڈاکٹر سلطان (مرحوم کے صاحبزادے)

مونس انصاری (پیر بخش)

اردو کے بزرگ شاعر

نعتیہ مجموعہ فخر بشر ﷺ (۱۹۹۹ء)

ولدیت مسند علی انصاری

ولادت ۱۹۱۵ء ضلع اناؤ

وفات ۱۸؍اکتوبر ۲۰۰۸ء کراچی

تدفین کراچی

ماٰخذ خبر نامہ اکادمی اسلام آباد اکتوبر ۲۰۰۸ء

مہر پیلی بھیتی (عتیق احمد)

اردو شاعر و ادیب، تلمیذ منشی عبدالمجید مجید پیلی بھیتی

نعتیہ مجموعہ رحمتِ کل (۱۹۸۴ء)

برادر خلیق احمد خلیق (اردو شاعر و ادیب)

ولادت ۱۸۹۶ء پیلی بھیت

وفات ۱۹۸۵ء کراچی

تدفین کراچی

ماٰخذ محرابِ معانی (تذکرہ شعرائے پیلی بھیت)

میناز بیری (انیس مجتبیٰ)

معروف اردو شاعر، ماہر تاریخ، تلمیذ احسن مارہروی

نعتیہ مجموعے خم خانۂ زمزم (۱۹۷۰ء)۔

گلہائے عقیدت (۱۹۷۱ء)

خمستانِ حجاز (۱۹۷۱ء)

مینائے عقیدت (۱۹۷۵ء)

خمخانۂ حجاز (۱۹۷۷ء)

ولادت ۱۹۰۲ء مارہرہ

وفات ۱۸؍فروری ۱۹۸۶ء کراچی

تدفین پاپوش نگر، کراچی

ماٰخذ قومی زبان کراچی مارچ ۱۹۸۷ء

پاکستان کے نعت گو شعراء

نادر جاجوی (امانت علی نادر)

اردو اور پنجابی کے ممتاز شاعر، جانشین اوج ناروی

نعتیہ مجموعے نذرانے (اردو: ۱۹۸۸ء)

ہدیے (پنجابی: ۱۹۸۹ء)

اعزاز مسعود کھدر پوش ایوارڈ (۲۰۰۴ء)

ولادت ۸ستمبر ۱۹۳۴ء ٹوبہ ٹیک سنگھ

وفات ۱۵؍مارچ ۲۰۱۳ء فیصل آباد

تدفین قبرستان نور پور، فیصل آباد

ماخذ اطلاع ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد

نادر خاں زار قادری قلندری مقیم شاہی

پنجابی شاعر

نعتیہ سی حرفی سی حرفی شانِ محمدی۔

ولادت کوری دولال نزد مندرہ

وفات ۱۶ر دسمبر ۱۹۷۱ء

تدفین کوری دولال نزد مندرہ ضلع راولپنڈی

مآخذ حسن نواز شاہ (گوجر خان)

نادم صابری (گلزار احمد)

اردو و پنجابی شاعر، واقعہ کربلا پر ساڑھے تین ہزار سے زائد قطعات لکھ کر شہرت پائی، تحریکِ پاکستان کے شاعر

نعتیہ مجموعہ نخلستان نعت

ولادت ۱۹۱۸ء کپور تھلہ

وفات ۶ر مارچ ۲۰۰۲ء خان پور ضلع رحیم یار خان

تدفین خان پور ضلع رحیم یار خان

مآخذ روزنامہ 'دن' لاہور ۷ر مارچ ۲۰۰۲ء

نازش رضوی (ابوظفر سیّد علی امام)

اردو شاعر و ادیب، تاریخ گو، ممتاز صحافی، تلمیذ اختر شیرانی۔

سابق مدیر روزنامہ 'زمیندار' و ماہنامہ 'ادبی دنیا' لاہور

نعتیہ مجموعہ روح المعانی

ولدیت سیّد امیر علی

ولادت یکم جنوری ۱۹۰۱ء لاہور

وفات ۲۵ر اپریل ۱۹۷۳ء لاہور

تدفین لاہور

مآخذ قومی زبان کراچی جون ۱۹۷۳ء

ناصر جلالی دہلوی، مولانا سیّد محمد

ممتاز عالم دین، تلمیذ مولانا رشید احمد گنگوہی روحانی شخصیت، خلیفہ والدِ خویش و مولانا علی حسین اشرفی کچھوچھوی۔

اردو شاعر و ادیب، صحافی، خطیب، کارکن تحریکِ خلافت و تحریکِ پاکستان۔ بانی مدیر ماہنامہ 'اذان' کراچی۔ کئی دیگر رسائل کے مدیر رہے۔

شعری مجموعہ تبرکاتِ ناصر (حمد نعت و دیگر کلام: مرتبہ محمد کمال اظہر: ۱۹۹۹ء)

ولدیت مولانا سیّد امیر حمزہ نقوی

ولادت ۱۸۸۷ء دہلی

وفات ۳۱ر دسمبر ۱۹۶۵ء کراچی

تدفین خاموش کالونی قبرستان، لیاقت آباد، کراچی

مآخذ انوارِ علمائے اہل سنت سندھ

ناصر کاس گنجوی (ناصر محمود خاں)

غزل گو اردو شاعر، فلمی نغمہ نگار۔ پاکستان کی اوّلین سینما اسکوپ فلم 'جان پہچان' کے گانوں کے خالق۔

نعتیہ مجموعہ دیارِ گل

ولدیت علاّمہ احمد خاں کیفی کاسگنجوی

ولادت ۱۰ر اکتوبر ۱۹۲۸ء کاسگنج ضلع ایٹہ (بھارت)

وفات ۲۲ر جون ۲۰۰۲ء کراچی

تدفین قبرستان گلشن اقبال، کراچی

مآخذ جنگ کراچی ۲۳ جون ۲۰۰۲ء۔ خونابِ سخن (کاسگنج کے ۱۰ اشعراء کا تعارف و کلام)

ناظم بزمی (محمد ایوب)

اردو شاعر، نعت گو۔ آثم بزمی کے بھائی

نعتیہ مجموعہ کاروان شوق (۱۹۸۴ء)

ولدیت حبیب اللہ خان حبیب

وفات ۱۹۸۷ء

تدفین گوجرانوالہ

مآخذ معلومات از ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر

نثار بزمی (قلندر بخش جونیجو)

سندھی کے ممتاز شاعر و ادیب، فلمی گیت، افسانہ و ڈرامہ نگار

نعتیہ مجموعہ تاجدارِ حرم۔

ولدیت محمد حسن خان جونیجو

ولادت ۱۳ر جون ۱۹۲۴ء مرزا پور ضلع شکار پور

وفات ۷ر جولائی ۲۰۰۰ء

تدفین درگاہ پیر سلیم شاہ، گوٹھ مرزا پور تعلقہ گڑھی یاسین ضلع شکار پور

مآخذ م ج م ج۔ پاکستانی اہل قلم کی ڈائریکٹری ۱۹۷۹

نثار بیانوی (سیّد نثار احمد جعفری)

اردو کے کہنہ مشق شاعر، تلمیذ انیس لکھنوی

شعری مجوعہ حمد و ثناء (حمد و نعت: ۲۰۰۴ء: مرتبہ سیّد قمر حیدر قمر)

ولدیت علامہ حکیم سیّد محمد

ولادت ۵ر مئی ۱۹۰۵ء بیانہ

وفات ۱۶ر فروری ۱۹۷۱ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ پاکستان کے تیس سال۔
تذکرہ شعرائے اردو حیدر آباد

نجم آفندی (میرزا تجمل حسین)

نعت، نوحہ و مرثیہ کے معروف شاعر، ادیب

نعتیہ مجموعہ دربارِ رسالت (۲۰۰۶ء: مرتبہ ڈاکٹر سیّد تقی عابدی)

ولدیت میرزا عاشق حسین بزم آفندی

ولادت مارچ اپریل ۱۸۹۳ء اکبر آباد (آگرہ)

وفات ۲۱ر دسمبر ۱۹۷۵ء کراچی

تدفین سخی حسن، کراچی

ماخذ نجم آفندی: فکر و فن

نجم نعمانی سبزواری (سیّد محمد یاسین)

پنجابی و اردو کے نعت گو شاعر، تلمیذ شمس مینائی امرتسری شیخوپورہ کے معروف ماہر تعلیم۔ گورنمنٹ ہائی سکول اور جامعہ ہائی سکول شیخوپورہ کے ہیڈ ماسٹر رہے۔

نعتیہ کتب نعتِ رسول (۱۹۸۳ء)
موجِ نور (۱۹۸۳ء)
قندیلِ حرم (۱۹۹۱ء)

ولدیت سیّد محمد تقی شاہ

ولادت ۱۹۳۴ء مالیر کوٹلہ (بھارت)

وفات ۲۶ر مئی ۱۹۹۹ء

تدفین شیخوپورہ

مآخذ تاریخِ شیخوپورہ۔ پنجابی ادب دی کہانی

نذر صابری (غلام محمد)

ممتاز شاعر و ادیب، کتاب دوست و کتاب شناس۔

لائبریرین گورنمنٹ کالج اٹک (۱۹۴۸ء تا ۱۹۸۳ء)

بانی محفل شعر و ادب (تاسیس: ۱۹۵۷ء)

بانی مجلس نوادراتِ علمیہ اٹک (تاسیس: ۱۹۶۳ء)۔

مرید مولانا نواب الدین صابری رمداسی

نعتیہ مجموعہ واماندگیِ شوق (اردو)

ولدیت مولوی علی بخش

ولادت یکم نومبر ۱۹۲۳ء ملتان (آبائی وطن جالندھر)

وفات ۱۱ر دسمبر ۲۰۱۳ء اٹک

تدفین نیا مرکزی قبرستان، اٹک

ماخذ معلومات از ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد

نذیر اختر، محمد

معروف پنجابی شاعر۔ تحریکِ پاکستان کے شاعر و کارکن

نعتیہ سی حرفی گلزارِ عاشقاں المعصوم بہ سی حرفی شان

سرکار دو عالم محمد مصطفیٰؐ۔

ولدیت خدا بخش

ولادت ۲۹ر اکتوبر ۱۹۳۱ء ساہن پال

ضلع منڈی بہاء الدین

وفات ۲۸ر اپریل ۱۹۹۴ء

تدفین مانو چک ضلع منڈی بہاء الدین

ماخذ تذکرہ شعرائے نوشاہیہ

نذیر اذفر

میلسی کے معروف اردو و پنجابی شاعر

نعتیہ مجموعہ کملی والے پیا (۲۰۰۴ء)

ولادت ۱۹۳۷ء سیالکوٹ

وفات ستمبر ۲۰۰۸ء میلسی

تدفین میلسی

ماخذ کتابی سلسلہ تذکرہ، کراچی شمارہ ۴

نذیر قیصر

ممتاز ماہر تعلیم، محقق، مصنف، ماہر اقبالیات، دانشور۔

بانی پرنسپل سر سیّد کیمبرج سکول لاہور

نعتیہ مجموعہ آئے ہوا موذن ہو (۱۹۹۲ء)

والد شہزاد قیصر (ادیب، محقق)

ولادت ۵ جنوری ۱۹۴۵ء تحصیل گڑھ شنکر، ہوشیار پور

وفات ۲۴ر فروری ۲۰۱۳ء

تدفین مریدکے

ماخذ جنگ لاہور ۲۵ر فروری ۲۰۱۳ء

نسیم امروہوی (سیّد قائم رضا)

ممتاز ماہر لسانیات اردو، نعت و مرثیہ گو شاعر، معلم، لغت نویس

بانی سہ روزہ اخبار "مراد" خیر پور سندھ (۱۹۵۱ء تا ۱۹۷۱ء)

مدیر اردو لغت اردو بورڈ کراچی (۱۹۷۱ء تا ۱۹۷۹ء)

نعتیہ مجموعہ صبحِ ازل (۱۹۸۱ء)

ولدیت سیّد برجیس حسن برجیس

ولادت ۲۴ر اگست ۱۹۰۸ء امروہہ ضلع مراد آباد

وفات ۲۸ر فروری ۱۹۸۷ء کراچی

تدفین احاطہ مسجد آلِ عبا، فیڈرل بی ایریا، کراچی

مآخذ تذکرہ شعرائے میرٹھ

نشتر اکبر آبادی (اعجاز محمد خان)

کراچی کے معروف اردو شاعر' تلمیذ صبا اکبر آبادی
نعتیہ مجموعے دل کی باتیں (۱۹۸۷ء)
رسالت مآبؐ (۱۹۹۴ء)

ولادت ۱۹۱۲ء اکبر آباد (آگرہ)
وفات ۱۹۹۵ء کراچی
تدفین کراچی
ماخذ پاکستان کے نعت گو شعراء (جلد دوم)

نصر کریمی (نصر اللہ نصر)

اردو' فارسی و پنجابی شاعر' تلمیذ چودھری بدر الدین قیصری
تحریکِ پاکستان کے مجاہد۔ سماجی کارکن' بانی بزم اصلاح
نعتیہ مجموعہ حسنِ محمد ﷺ

ولدیت مولانا عبد الکریم
ولادت ۱۲ر جولائی ۱۹۱۷ء فیروز پور
وفات ۲۹ر جولائی ۱۹۹۹ء
تدفین کھڈیاں ضلع قصور
ماخذ ادبی تاریخ ضلع قصور

نصرت نعیمی (مولانا رجب علی خاں)

ممتاز عالم دین' خطیب' نعتیہ شاعر' تلمیذ افسر صابری
نعتیہ مجموعہ سعادت کے موتی (۱۹۹۴ء)

ولادت ۱۵ر مئی ۱۹۴۶ء کراچی
وفات ۲۲ر فروری ۲۰۱۵ء کراچی
تدفین کراچی
ماخذ صبیح الدین صبیح رحمانی (کراچی)

نصیر آرزو (نصیر الدین خان)

معروف اردو شاعر' صحافی' کالم نگار۔ مدیر ہفت روزہ 'مرکز'
کراچی۔ بانی مدیر 'خاتونِ مشرق' و 'آفتاب' کراچی
نعتیہ مجموعہ نورِ حرا (۱۹۸۴ء)

ولدیت احمد الدین خان نذیرؔ
ولادت ۴ر اگست ۱۹۲۳ء جے پور
وفات ۳ر فروری ۲۰۰۹ء کراچی
تدفین یاسین آباد' کراچی
ماخذ سیّد محمد قاسم (کراچی)

نصیر الدین نصیر گولڑوی' پیر سیّد

اردو' فارسی' عربی' پوٹھوہاری اور سرائیکی کے نامور شاعر' عالم
دین' مصنف' روحانی پیشوا' سجادہ نشین دربار گولڑہ شریف۔
نعتیہ مجموعے دیں ہمہ اوست (عربی' فارسی' اردو و پنجابی
نعتیں: ۱۹۸۳ء)
تضمینات بر کلامِ احمد رضا خان (۲۰۰۵ء)

ولدیت پیر سیّد غلام معین الدین گیلانی بڑے لالہ جی
ولادت ۱۱ر نومبر ۱۹۴۹ء گولڑہ شریف' اسلام آباد
وفات ۱۳ر فروری ۲۰۰۹ء گولڑہ شریف' اسلام آباد
تدفین دربار گولڑہ شریف' اسلام آباد
ماخذ تنہائیاں بولتی ہیں

نظر زیدی (سیّد نظر حسین)

ممتاز اسلامی اسکالر' اردو شاعر و ادیب' صحافی
تلمیذ تاجور نجیب آبادی۔ مدیر پندرہ روزہ 'ہدایت' لاہور

شعری کتب نورٌ علیٰ نور (نعتیہ مجموعہ: ۱۹۹۶ء)

اعزاز صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی

ولدیت سیّد شمشیر علی

ولادت اپریل ۱۹۱۷ء موضع کلیہڑی ضلع بجنور

وفات ۲۱ر جون ۲۰۰۲ء لاہور

تدفین قبرستان وحدت کالونی' لاہور

مآخذ نوائے وقت لاہور ۲۲ر جون ۲۰۰۲ء

نظر لکھنوی (محمد عبدالحمید صدیقی)

نعت گو شاعر

نعتیہ مجموعہ لمعاتِ نظر

ولادت ۳ر جولائی ۱۹۲۷ء موضع چھٹ ضلع لکھنؤ

وفات ۳ر جنوری ۱۹۹۴ء اسلام آباد

تدفین قبرستان ایچ ایٹ' اسلام آباد

ماخذ سیّد صبیح الدین صبیح رحمانی (کراچی)

نظیر شاہجہانپوری (نظیر احمد خاں)

ممتاز اردو شاعر' تلمیذ دل شاہجہانپوری

نعتیہ مجموعہ اِرم دَر اِرم (۱۹۹۲ء)

ولدیت بشیر احمد خان

ولادت ۱۹۰۶ء شاہجہانپور

وفات جون ۱۹۹۸ء کراچی

تدفین لانڈھی' کراچی

مآخذ تاریخِ رفتگاں جلد ۳۔

کتابی سلسلہ 'تذکرہ' کراچی شمارہ ۲

نظیر لدھیانوی (اصغر حسین خان)

ممتاز اردو شاعر و ادیب' نقاد' محقق' تذکرہ نگار' صحافی' ادب میں علامہ تاجور اور صحافت میں مولانا ظفر علی خان کے شاگرد اور اُن کی تمام شعری کتب کی دوسری اشاعت کے مرتب۔ ۱۹۵۱ء تا ۱۹۷۳ء روزنامہ امروز لاہور سے وابستہ رہے۔ شارح غالب و مترجم اقبال۔ متعدد شعراء کا کلام ترتیب دیا

نعتیہ مجموعہ آفتابِ حرا (۱۹۸۷ء)

ولدیت محمد نجیب اللہ خان نشاط لدھیانوی

ولادت ۹ر فروری ۱۹۰۲ء لدھیانہ

وفات ۲۷ر جنوری ۱۹۸۹ء لاہور

تدفین میانی صاحب' لاہور

مآخذ نوائے وقت لاہور ۲۸ر جنوری ۱۹۸۹ء۔

خفتگانِ خاکِ لاہور

نعیم حیدر تقوی' پروفیسر ڈاکٹر

اردو اور سندھی کے ممتاز ادیب' شاعر' محقق' نقاد' مترجم' صدر شعبہ اردو وفاقی گورنمنٹ اردو کالج کراچی

نعتیہ مجموعے بصیرت (۱۹۷۸ء)۔

شبستانِ عقیدت (حمد' نعت' منقبت' سلام)

بادۂ عرفان (حمد' نعت' منقبت' سلام)

ولدیت ضیاء تقوی مرحوم

ولادت یکم اکتوبر ۱۹۳۸ء حیدر آباد

وفات ۴ر مارچ ۱۹۹۲ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ پاکستان کے نعت گو شعراء

نعیم صدیقی، مولانا (فضل الرحمٰن)

ممتاز عالم دین، دانشور، شاعر وادیب، مصنف، صحافی، بانی رکن جماعت اسلامی و مولانا مودودی کے قریبی ساتھی بانی تحریکِ اسلامی، مدیر اعلیٰ و نگران ماہنامہ 'سیارہ' لاہور مدیر ماہنامہ 'ترجمان القرآن' لاہور۔

نعتیہ مجموعہ　نور کی ندیاں رواں (۱۹۸۷ء)
دیگر کتب　رسولؐ اور سنتِ رسول (۱۹۶۰ء)
　محسنؐ انسانیت (سیرت النبی ﷺ: ۱۹۶۰ء)
ولدیت　قاضی سراج الدین
ولادت　۴؍جون ۱۹۱۶ء چکوال
وفات　۲۵؍ستمبر ۲۰۰۲ء لاہور
تدفین　کریم بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور
ماخذ　نوائے وقت راولپنڈی ۲۶؍ستمبر ۲۰۰۲ء۔
　جنگ راولپنڈی ۲۶؍ستمبر ۲۰۰۲ء

نعیم میرٹھی (نعیم الرحمٰن)

اردو شاعر

نعتیہ مجموعہ　حرفِ تابندہ (نعت وسلام: ۱۹۹۴ء)
وفات　۱۵؍اکتوبر ۲۰۱۳ء کراچی
تدفین　کراچی
ماخذ　عقیل عباس جعفری

نفیس الحسینی شاہ، سیّد انور حسین نفیس رقم

اسلامی طرزِ خطاطی کے عالمی شہرت یافتہ خطاط، اردو وفارسی شاعر وادیب، مترجم، عالم دین و معروف روحانی شخصیت خلیفہ مولانا شاہ عبدالقادر رائے پوری۔ ۱۹۷۱ء میں پاکستان خوش نویس یونین کے متفقہ صدر منتخب ہوئے۔ خطِ نستعلیق میں خطِ نفیسی کے موجد۔ مرکزی نائب امیر عالمی مجلس تحفظِ ختم نبوت۔ خانہ کعبہ، مینارِ پاکستان، سمٹ مینار لاہور، عجائب گھر لاہور پر ان کی خطاطی کے لازوال نمونے موجود ہیں۔

نعتیہ مجموعہ　نفائس النبی ﷺ (۲۰۰۳ء)
اعزاز　صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی (۸۶ء)
ولدیت　سیّد محمد اشرف علی زیدی
ولادت　۱۱؍مارچ ۱۹۳۳ء گھوڑیالہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ
وفات　۵؍فروری ۲۰۰۸ء لاہور
تدفین　(اپنی بنا کردہ) خانقاہ حضرت سیّد احمد شہید نزد سکیاں پل، لاہور
ماخذ　روزنامہ جناح ۳۸ فروری ۲۰۰۸ء۔

نفیس فریدی (نفیس الدین فریدی)

ممتاز اردو شاعر، نغمہ نگار، براڈ کاسٹر۔ ریڈیو پاکستان، کراچی سے وابستہ رہے۔ ۱۹۶۵ء کی جنگ کے دوران نغمے لکھنے پر صدارتی ایوارڈ حاصل کیا۔

نعتیہ مجموعہ　نفیس نعتیں (۲۰۰۲ء)
ولادت　۲؍جولائی ۱۹۳۵ء بدایوں (یوپی)
وفات　۳۰؍نومبر ۲۰۱۱ء کراچی
تدفین　ماڈل کالونی، ملیر، کراچی
ماخذ　سیّد محمد قاسم (کراچی)

نگار فاروقی (ضامن حسین)

ممتاز اردو شاعر

نعتیہ مجموعہ ازل تا ابد (۱۹۹۹ء)

حمدیہ مجموعہ چراغ العالمین

ولدیت حکیم محبوب حسین

ولادت اکتوبر ۱۹۲۴ء آگرہ

وفات ۲۰۰۴ء کراچی

تدفین کراچی

ماخذ کتابی سلسلہ 'تذکرہ' کراچی شمارہ ۲

نور الحسن چشتی، حاجی

نعت گو شاعر۔ مالک مراد پاٹری گجرات

نعتیہ مجموعے ارمغانِ نور (اردو: ۱۹۸۰ء)

عرفانِ نور (اردو و پنجابی: ۱۹۹۶ء)

ولدیت محمد عبداللہ

وفات ۲۰ رفروری ۲۰۰۳ء گجرات

تدفین قبرستان بھٹیاں، مسلم آباد، گجرات

ماخذ لوحِ مزار

نور حسین گرجاکھی، مولانا

اہلحدیث عالم دین، مبلغ، خطیب، پنجابی شاعر

نعتیہ مجموعے شانِ مصطفےٰ مع خصائص مصطفےٰ ﷺ۔

فضائل مصطفےٰ ﷺ۔

والد راسخ عرفانی (معروف شاعر)

ولدیت میاں کرم الٰہی

ولادت ۱۸۹۲ء گرجاکھ، گوجرانوالہ

وفات دسمبر ۱۹۵۱ء گوجرانوالہ

تدفین گرجاکھ ضلع گوجرانوالہ

مآخذ 'مہک' گوجرانوالہ نمبر۔ کھوج شمارہ ۴۴

نیئر مدنی (سیّد محمد مدنی)

ممتاز شاعر، تلمیذ اصغر گونڈوی، عالم دین، فارغ دیوبند

تلمیذ مولانا اشرف علی تھانویؒ

نعتیہ کتب گلبانگ اسرافیل۔ بعد از خدا

ولادت ۱۹۱۳ء الہ آباد

وفات ۱۲ راگست ۱۹۸۳ء کراچی

تدفین کراچی

مآخذ ماہنامہ نعت لاہور دسمبر ۲۰۰۰ء

واصف بڈیانوی

معروف پنجابی شاعر، صحافی۔ نوائے وقت سے وابستہ رہے

سو سے زائد چھوٹی بڑی شعری کتب تخلیق کیں۔

نعتیہ کتب تاجدارِ مدینہ۔ دربارِ مدینہ۔ نغمۂ حبیب۔

مقبول نعتاں۔ مشہور نعتاں۔ نور دی بارش۔

واصف دیاں نعتاں۔ مدینے دے پھل۔

مدینے دا سفر۔

ولادت ۱۹۳۹ء بڈیانہ ضلع سیالکوٹ

وفات ۷ رجولائی ۲۰۰۳ء

تدفین بڈیانہ تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ

مآخذ نوائے وقت لاہور ۸ رجولائی ۲۰۰۳ء

پنجابی کتابیات

واصف علی واصف

نامور صوفی، دانشور اردو و پنجابی شاعر ادیب، مصنف، کالم نگار تین درجن دیگر کتب (بشمول "گفتگو" ۲۹ جلدیں) کے خالق

نعتیہ مجموعہ ذکرِ حبیب (اردو پنجابی: ۲۰۰۴ء)

ولدیت ملک محمد عارف

ولادت ۱۵رجنوری ۱۹۲۹ء محلہ کنڈان والا، خوشاب

وفات ۱۸رجنوری ۱۹۹۳ء لاہور

تدفین میانی صاحب، لاہور

ماخذ وکی پیڈیا

وجیہ السیماء عرفانی، سیّد محمد

عالم دین، شاعر و ادیب، صحافی، محقق، براڈ کاسٹر، سلسلہ چشتیہ کے شیخ طریقت، خلیفہ سیّد محمد تقی شاہ المعروف بہ سیّد عزیز میاں سجادہ نشین اجمیر شریف۔ کارکن تحریکِ پاکستان۔ ریڈیو اور ٹی وی سے دینی پروگرام پیش کرتے رہے۔

نعتیہ کتب میرے حضورؐ (۱۹۸۵ء)۔

ولدیت سیّد محمد ہادی عرفان

ولادت ۴راکتوبر ۱۹۲۰ء گاؤں لودے تحصیل گوجرخان ضلع راولپنڈی

وفات ۲۲رفروری ۱۹۹۱ء لاہور

تدفین سندر شریف، ملتان روڈ، لاہور

ماخذ روزنامہ جناح، اسلام آباد ۹رستمبر ۲۰۰۵ء

وحید الحسن ہاشمی، سیّد

اردو کے ممتاز مرثیہ و نعت گو شاعر، ادیب، ماہر عروض، ماہر تعلیم سیّد شبیہہ الحسن ہاشمی کے والدِ محترم

نعتیہ مجموعہ یاسین صلی اللہ علیہ وسلم (۱۹۹۷ء)

ولدیت مولوی سیّد شبیر حسن صفا الٰہ آبادی

ولادت ۱۹۳۰ء جونپور

وفات ۲۰رنومبر ۲۰۱۰ء لاہور

تدفین لاہور

ماخذ اطلاع ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد۔

وحیدہ روشن پروین جالندھری

ماہرہ تعلیم، اردو اور فارسی کی ممتاز شاعرہ، ادیبہ، سماجی شخصیت، بانی دار القرآن (فی سبیل اللہ) لاہور

نعتیہ مجموعہ لمعات (۱۹۷۸ء)

خواہر نسبتی آفتاب اقبال (فرزند علامہ اقبال)

ولادت ۱۰راپریل ۱۹۲۰ء جالندھر

وفات ۱۴رجولائی ۱۹۸۹ء

تدفین سخی حسن، کراچی

ماخذ علامہ اقبال اور ان کے فرزندِ اکبر آفتاب اقبال

وحیدہ نسیم، پروفیسر

ممتاز اردو شاعرہ و ادیبہ، ناول و افسانہ نگار، ماہر تعلیم۔ پروفیسر باٹنی و پرنسپل کالج برائے خواتین ناظم آباد، کراچی

نعتیہ مجموعے نعتِ رسولؐ۔ نعت و سلام (۱۹۷۹ء)

دیگر کتب حدیثِ دل (سفرنامۂ حج)۔

دختر فصیح الدین

ولادت ۹رستمبر ۱۹۲۷ء اورنگ آباد، حیدرآباد دکن

وفات ۲۷راکتوبر ۱۹۹۶ء کراچی

تدفین کراچی

ماخذ پاکستانیکا۔ دبستانوں کا دبستان کراچی

وزیر حسین شیرازی، سیّد

اردو شاعر، خوش نویس۔ صدر خوش نویس یونین سرگودھا

نعتیہ مجموعہ خیابانِ نجات

ولدیت سیّد سردار علی شیرازی

ولادت ۱۹۰۶ء شاہدرہ، لاہور

وفات ۲۷ر دسمبر ۱۹۷۹ء سرگودھا

تدفین بڑا قبرستان، سرگودھا

ماخذ چھ ماہی لیکھ لاہور جنوری تا جون ۲۰۱۰ء

وفا ڈبائیوی (محمد حفظ الرحمٰن)

ممتاز اردو شاعر و ادیب، تلمیذ احسن مارہروی

سابق خازن مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔

جنرل سیکرٹری علی گڑھ مسلم لیگ (۱۹۴۶ء تا ۱۹۴۷ء)

نعتیہ مجموعہ نقشِ وفا (۱۹۵۸ء)

ولدیت مظہر الحق

ولادت ۱۸۹۹ء ڈبائی ضلع بلند شہر (انڈیا)

وفات ۱۲ر جون ۱۹۹۱ء کراچی

تدفین کراچی

ماخذ تاریخ رفتگاں جلد ۳۔

گلہائے رنگ رنگ

وفا صدیقی (وصی احمد)

اردو شاعر و ادیب، محقق، ماہر تعلیم۔ ریٹائرڈ صدر شعبہ اردو

گورنمنٹ کالج برائے طلباء، نارتھ کراچی

مجموعۂ کلام نقوشِ وفا (حمد و نعت و غزلیات: ۲۰۰۴ء)

ولدیت بشیر احمد صدیقی

ولادت ۲ر جنوری ۱۹۳۴ء کاکوری ضلع لکھنؤ

وفات ۲۰۰۷ء کراچی

تدفین محمد شاہ قبرستان، نارتھ کراچی

ماخذ معلومات از سیّد محمد قاسم (کراچی)۔

ہمارے اہلِ قلم

ولی محمد واجد

اردو و پنجابی کے ممتاز نعت گو شاعر، صحافی، ٹریڈ یونین راہنما

بانی پنجابی اکادمی ملتان۔ سابق چیف رپورٹر روز نامہ

'امروز' ملتان۔ مدیر ماہنامہ 'السعید' ملتان۔

نعتیہ مجموعے والضحیٰ (۱۹۹۸ء)۔ نذرانہ ثنا

ولادت ۱۹۳۳ء جالندھر

وفات ۳۰ر اپریل ۲۰۰۳ء ملتان

تدفین قبرستان شاہ رکن عالم کالونی، ملتان

ماخذ رفتگانِ ملتان۔

ولی وارثی امرتسری (سیّد میر منظور محمود)

اردو کے معروف شاعر و ادیب، ناول نگار، عالم، دانشور۔

تلمیذ مولانا محمد عالم آسی و حکیم فیروز الدین فیروز طغرائی

کتب نورِ خدا۔ سیرت سیّد الانبیاء۔

ولادت ۲۳ر جنوری ۱۹۰۸ء امرتسر

وفات ۱۹۹۰ء موہنی روڈ لاہور

تدفین لاہور

ماخذ تذکرہ شعرائے وارثیہ۔ ک م ا

ہارون رشید ارشد

معروف اردو شاعر و ادیب، مترجم، عالم دین۔

مختلف موضوعات پر ۲۳؍ کتب کے مصنف و مؤلف

نعتیہ مجموعہ آبشارِ کرم

ولدیت حاجی محمد شفیع

ولادت ۱۸؍ جنوری ۱۹۱۷ء الہ آباد

وفات ۱۹۹۷ء لاہور

تدفین لاہور

ماٰخذ پاکستان کے نعت گو شعراء (جلد دوم)

ہلال جعفری (سیّد اشرف علی)

اردو کے ممتاز نعت گو شاعر۔ بانی 'بزم حسان' پاکستان

نعتیہ کتب جانِ رحمت (تضمین سلام رضا۔ ۱۹۶۶ء)

معراجِ مصطفےٰ (تضمین قصیدہ رضا: ۱۹۶۶)

طلوعِ سحر (نعتیہ مسدس۔ ۱۹۷۱ء)

ہلالِ حرم (۱۹۸۴ء)

کاسۂ ہلال (نعتیہ قطعات: ۱۹۹۸ء)

کشکولِ ہلال (مرتبہ نعتیہ تضامین: ۲۰۰۰ء)

توشۂ ہلال (بعد از مرگ طباعت: ۲۰۰۶)

اعزاز سیرت ایوارڈ

ولدیت سیّد اوصاف علی جعفری

ولادت ۱۹۱۶ء ریواڑی ضلع گوڑگاواں

وفات ۱۵؍ اکتوبر ۲۰۰۱ء اسلام آباد

تدفین قبرستان چک شہزاد اسلام آباد

ماٰخذ لوحِ مزار۔ تنہائیاں بولتی ہیں

ہمدم، مہر محمد خان

معروف عالم دین، مفسر، محدث، واعظ، شیخ طریقت

اردو پنجابی شاعر و ادیب، کارکن تحریکِ پاکستان

چھانگا مانگا، لاہور سیالکوٹ میں متعدد مدرسے قائم کئے۔

اردو شعری کتب: شاہنامۂ اسلام ہمدم (۴ جلدیں)

نعتیہ مجموعے تصویرِ حرم (۱۹۳۵ء)۔

گلہائے حسن عقیدت (۱۹۶۵ء)

ولدیت بابا الٰہی بخش (درویش مست)

ولادت ۱۹۱۶ء محلہ افغاناں، سنور، ریاست پٹیالہ

وفات ۲۸؍ اپریل ۱۹۸۳ء چھانگا مانگا

تدفین جامعہ حنفیہ رضویہ، چھانگا مانگا ضلع قصور

ماٰخذ ادبی تاریخ ضلع قصور۔ کھوج شمارہ ۴۴

یزدانی جالندھری (سیّد عبدالرشید)

ممتاز اردو شاعر و ادیب، صحافی، بنگالی، ہندی و انگریزی سے

اردو مترجم، ناول نویس۔ متعدد رسائل سے وابستہ رہے

سابق نائب مدیر روزنامہ 'سیاست'، ہفت روزہ 'چٹان' لاہور

ایڈیٹر ماہنامہ 'افکار' کراچی، اعزازی مدیر ماہنامہ 'محفل' لاہور

نعتیہ کتب صبحِ سعادت (نعتیہ مثنوی: ۱۹۸۲ء)

توصیفِ خیر البشر (۱۹۹۲ء)

ولدیت سیّد بہاول شاہ

ولادت ۱۶؍ جولائی ۱۹۱۵ء کھر لا کنگڑہ، جالندھر

وفات ۲۳؍ مارچ ۱۹۹۰ء لاہور

تدفین میانی صاحب، لاہور

ماٰخذ توراتِ دل۔ جنگ لاہور ۲۴؍ مارچ ۱۹۹۰ء

یعقوب سفری، محمد

ضلع جہلم کے ممتاز پنجابی صوفی شاعر، پانچ شعری کتب

شعری کتب فخرِ دو جہاں (منظوم سیرت النبی: ۱۹۷۷)

کمالِ محمدؐ۔ جمالِ محمدؐ

ولادت ۱۹۲۸ء پپلی فرید پور تحصیل پنڈ دادن خاں

وفات ۲۴ر جولائی ۲۰۰۸ء

تدفین پپلی فرید پور تحصیل پنڈ دادن خاں ضلع جہلم

مآخذ نوائے وقت راولپنڈی ۲۵ر جولائی ۲۰۰۸ء

یکتا امروہوی (سیّد واحد علی)

ممتاز شاعر و ادیب۔ سابق اتالیق والی خیر پور میرس میر علی تالپور

نعتیہ مجموعے دُرودانُ پر (۱۹۷۵ء)

ولادت ۱۹۱۱ء امروہہ ضلع مراد آباد

وفات ۱۴ر جولائی ۲۰۰۳ء کراچی

تدفین قبرستان بہشت زہرا، نارتھ کراچی

مآخذ دبستانوں کا دبستان کراچی جلد ۲۔

یوسف علی عزیز جے پوری، حافظ سیّد محمد

ممتاز روحانی و علمی شخصیت، علم فقہ کے بلند پایہ عالم، مصنف، مؤرخ، شاعر و ادیب۔ تلمیذ آگاہ دہلوی، خلیفہ خواجہ اللہ بخش تونسوی۔ خطیب گلزار مسجد، سندھ سیکریٹریٹ، کراچی۔

نعتیہ مجموعہ نغمہ عندلیب (۱۹۹۹ء)

ولدیت سیّد افضل علی جعفری

ولادت ۱۴ر مارچ ۱۸۸۹ء محمد آباد ٹونک (راجستھان)

وفات ۱۲ر نومبر ۱۹۷۵ء کراچی

تدفین ریڑھی قبرستان، لانڈھی، کراچی

مآخذ انوارِ علمائے اہل سنت سندھ۔

یوسف نگینہ، حاجی محمد

پیر طریقت، نعت گو شاعر، عالم دین، مفسر

نعتیہ مجموعے ضیائے نگینہ (۱۹۸۸ء)

کشکولِ یوسفی۔ نگینے دے نگینے (پنجابی)

وفات ۲۶ر دسمبر ۱۹۸۹ء لاہور

تدفین پیلے گوجراں نزد سمندری ضلع فیصل آباد

مآخذ وفیاتِ اہل قلم

نعتیہ مجموعوں کے ناموں کا اشاریہ

نعت ریسرچ سینٹر کی مطبوعات

1- اردو حمد و نعت پر فارسی شعری روایت کا اثر		ڈاکٹر عاصی کرنالی	600/-
2- اردو نعت کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ		رشید وارثی	350/-
3- نعت میں کیسے کہوں	(تنقید)	پروفیسر محمد اقبال جاوید	200/-
4- غالب اور ثنائے خواجہ	(تنقید)	صبیح رحمانی	200/-
5- نعت کی تخلیقی سچائیاں	(تنقید)	ڈاکٹر عزیز احسن	150/-
6- ہنر نازک ہے	(تنقید)	ڈاکٹر عزیز احسن	150/-
7- اردو نعت اور جدید اسالیب	(تنقید)	ڈاکٹر عزیز احسن	120/-
8- نعت نگر کا باسی	(تنقید)	صبیح رحمانی	150/-
9- جادۂ رحمت کا مسافر	(تنقید)	ڈاکٹر حسرت کاسگنجوی	80/-
10- بہشت تضامین	(شعری مجموعہ)	حافظ عبدالغفار حافظ	250/-
11- خیر البشر	(میلاد نامہ)	نور بانو محجوب	200/-
12- نعت اور تنقیدِ نعت	(تنقید)	ڈاکٹر ابوالخیر کشفی	300/-
13- فنِ اداریہ نویسی اور "نعت رنگ"	(تنقید)	ڈاکٹر افضال احمد انور	200/-
14- "نعت رنگ" اہلِ علم کی نظر میں	(مضامین)	ڈاکٹر شبیر احمد قادری	300/-
15- فہرستِ کتب خانہ نعت ریسرچ سینٹر	(کتابیات)	محمد طاہر قریشی	300/-
16- زبورِ حرم	(کلیاتِ نعت)	اقبال عظیم	450/-
17- شہہ لولاک	(شعری مجموعہ)	امان خان دل	150/-
18- جادۂ رحمت	(انگریزی مجموعہ)	جسٹس منیر مغل	200/-
19- اشاریہ "نعت رنگ"	(بیس شمارے)	ڈاکٹر سہیل شفیق	300/-
20- سرکار کے قدموں میں	(انگریزی ترجمہ)	سارہ کاظمی	500/-
21- شہپرِ توفیق	(شعری مجموعہ)	ڈاکٹر عزیز احسن	200/-
22- قوسین	(شعری مجموعہ)	آفتاب کریمی	200/-
23- نزول	(شعری مجموعہ)	شفیق الدین شارق	100/-
24- آنکھ بنی کشکول	(شعری مجموعہ)	آفتاب کریمی	100/-
25- آپ	(شعری مجموعہ)	حنیف اسعدی	150/-

26- کرم ونجات کا سلسلہ	(شعری مجموعہ)	ڈاکٹر عزیز احسن	150/-
27- نعت اور سلام	(شعری مجموعہ)	وحیدہ نسیم	20/-
28- ممدوحِ خلائق	(شعری مجموعہ)	آفتاب کریمی	200/-
29- مرقعِ چہل حدیث	(مجموعہ احادیث)	پروفیسر محمد اقبال جاوید	300/-
30- نعتیہ ادب کے تنقیدی نقوش	(تنقید)	پروفیسر محمد اکرم رضا	250/-
31- نعت کے تنقیدی آفاق	(تنقید)	ڈاکٹر عزیز احسن	150/-
32- مثنوی رموزِ بیخودی کا فنی وفکری جائزہ	(اقبالیات)	ڈاکٹر عزیز احسن	200/-
33- اُمیدِ طیبہ رسی	(شعری مجموعہ)	ڈاکٹر عزیز احسن	150/-
34- نعت شناسی	(تنقید)	ڈاکٹر ابوالخیر کشفی	300/-
35- اردو نعتیہ ادب کے انتقادی سرمائے کا تحقیقی مطالعہ	(تحقیقی مقالہ)	ڈاکٹر عزیز احسن	700/-
36- پاکستان میں اردو نعت	(تنقید)	ڈاکٹر عزیز احسن	300/-
37- نعت نامے بنام صبیح رحمانی	(مجموعۂ مکاتیب)	ڈاکٹر محمد سہیل شفق	1000/-
38- نعتیہ ادب کے تنقیدی زاویے	(تنقید)	ڈاکٹر عزیز احسن	350/-
39- تعلق بالرسول ﷺ کے تقاضے اور ہم	(سیرت)	ڈاکٹر عزیز احسن	52/-
40- دل جس سے زندہ ہے	(ظفر علی خان کی نعتیہ تب وتاب)	ڈاکٹر محمد اقبال جاوید	100/-
41- نعت رنگ کے پچیس شمارے	(ایک اجمالی جائزہ)	ڈاکٹر شہزاد احمد	50/-
42- وفیاتِ نعت گویانِ پاکستان		ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ	200/-

زیرِ طبع کُتب

1- اُردو نعت اور جدید تنقیدی رویے		کاشف عرفان
2- کراچی کا دبستانِ نعت	(صاحب کتاب شعراء کا تذکرہ)	منظر عارفی
3- اُردو نعت کی شعری روایت		صبیح رحمانی
4- مدحت نامہ	(انتخابِ نعت)	صبیح رحمانی

❀❀❀

تذکرہ نگاری اور رجال نویسی کو شخصی احوال کے ضمن میں بطورِ ماخذ ایک اہم حیثیت حاصل رہی ہے۔ اس کے متعلقہ ذیلی عنوانات میں ''وفیات'' کا موضوع بھی شامل رہا ہے اور یہ تا حال ہمارے مطالعے و تحقیق میں، بالخصوص شخصی مطالعے کا، ایک اہم اور ناگزیر ماخذ بھی ہے۔ عربی زبان میں، تاریخ نویسی کے ذیل میں اور پھر مطالعاتِ رجال کے تحت ''وفیات'' نے ایک بنیادی موضوع کی حیثیت حاصل کر لی تھی اور اس ضمن میں ماضی میں ''وفیات الاعیان'' مصنفہ ابن خلکان اور ''فوات الوفیات'' مصنفہ محمد شاکر الکتبی جیسی تصانیف کا ایک سلسلہ عام ہو گیا، جسے ایک مستقل روایت کی صورت میں برِعظیم پاک و ہند کے مؤرخین و محققین نے بھی عربی و فارسی کی پیروی میں یہاں جاری رکھا۔ اس روایت کے تحت ماضیٔ قریب میں ''تاریخِ محمدی'' مصنفہ مرزا محمد بن رستم حارثی اس کی ایک عمدہ مثال ہے، جب کہ عہدِ حال میں ابو نصر خالدی کی تالیف ''وفیات اعیان الہند'' ایک وقیع اضافہ ہے۔

اردو زبان میں اس روایت کو بالعموم معیاری صحافت نے اور اس کے ذیل میں ''وفیات'' پر شذرات کے اہتمام نے فروغ دیا ہے۔ مغربی دنیا کے بعض نامور تحقیقی مجلّات میں OBITUARY کے عنوان سے ''وفیات'' کی جو ایک روایت موجود رہی ہے، اردو کی علمی صحافت نے بھی اس کا اہتمام سے اتباع کیا ہے اور بالخصوص ''معارف'' (اعظم گڑھ) نے یا مولانا سید سلیمان ندوی نے اس روایت کے اجرا میں شاید سب سے زیادہ مؤثر و مستقل کردار ادا کیا ہے۔ اگرچہ اسی دور میں اردو کے متعدد رسائل نے مرحومین پر تعزیتی شذرات اور مضامین شائع کرنے شروع کر دیے تھے لیکن ''معارف'' نے ۱۹۱۷ء سے باقاعدگی سے ''وفیات'' کے عنوان کے تحت یہ سلسلہ شروع کیا، جو مستقل جاری رہا۔ اس روایت کے فروغ میں مولانا عبدالماجد دریابادی بھی نمایاں ہیں، جنھوں نے اپنے جریدوں ''سچ''، ''صدق'' اور ''صدقِ جدید'' میں ''وفیات'' کو مستقل عنوان بنا دیا۔ پھر تعزیتی شذرات یا مضامین کے رسائل میں شائع کرنے کی روایت عام ہو گئی، لیکن ایسی تحریریں ''وفیات'' کی روایتی صورت میں نہ لکھی گئیں اور نہ مرتب ہوئیں اور جو مجموعے ایسی تحریروں کے مرتب ہوئے وہ بالعموم سن وار نہیں بلکہ موضوع وار مرتب کیے گئے۔

صحافت سے قطع نظر، گزشتہ چند دہائیوں میں ''وفیات'' کا سلسلہ مستقل کتابوں کی صورت میں بھی عام ہوا ہے اور متعدد مصنفین اور محققین اپنے اپنے طور پر ''وفیات'' کے مجموعے مرتب کر رہے ہیں، جیسے ''وفیات مشاہیر پاکستان'' (پروفیسر محمد اسلم)؛ ''وفیات مشاہیر بہار'' (سید شاہد اقبال)؛ ''وفیات اعیان پاکستان'' (پروفیسر محمد اسلم)؛ ''وفیاتِ نامورانِ پاکستان'' (ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ)؛ ''تنہائیاں بولتی ہیں'' [آسودگانِ خاکِ اسلام آباد] (ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ) وغیرہ۔ اس باب میں ڈاکٹر سلیچ نے تو ایک ایسی مثال قائم کر دی ہے جس کی نظیر تا حال کہیں اور نظر نہیں آتی۔ رجال و وفیات پر ان کی تالیفات کا سلسلہ ''خفتگانِ خاکِ گجرات'' سے شروع ہوا جس کے بعد ان کی تالیفات: ''وفیاتِ نامورانِ پاکستان''، ''وفیاتِ اہلِ قلم پاکستان'' اور ''تنہائیاں بولتی ہیں'' نے اس روایت کو ایک نہایت وقیع مثال کی صورت میں پیش کیا ہے، جس کی افادیت ہر اہلِ علم و دانش اور مصنفین و محققین خوب جانتے ہیں اور ڈاکٹر سلیچ کے حد درجہ معترف و ممنون بھی ہیں۔ اس روایت میں اب ڈاکٹر سلیچ نے ایک اور اضافہ کیا ہے جو اپنی نوعیت کی منفرد مثال ہے کہ وفیات کو موضوعاتی اعتبار سے ''وفیاتِ نعت گویانِ پاکستان'' کے طور پر پیش کیا جائے کہ خاص اس موضوع سے دل چسپی رکھنے یا مطالعہ و تحقیق کرنے والے حضرات اس سے خاطر خواہ استفادہ کر سکیں۔ اس طرح اس روایت کا آغاز مرحوم نعت گو شعراء کے احوال و کوائف ------- 'وفیات' کے ذیل میں اب ہمارے ہاتھوں میں ہیں۔

نعت گوئی کی روایت میں، وفیات نویسی کی یہ ایک ایسی مثال ہے کہ جس کی نظیر تو کیا اس کا خیال بھی شاید کسی کے ذہن میں نہ آ سکا ہو گا، جو عزیزی صبیح رحمانی کے ذہنِ رسا کا ہی کارنامہ ہو سکتا تھا، کہ یہ ذہنِ رسا نعت کے زمرے میں اس طرح کے نت نئے منصوبے وضع کرتا رہتا ہے اور انھیں اپنی تمام تر نفاست و سلیقے اور حسنِ ترتیب کے ساتھ عملی صورت بھی دیتا ہے۔ چناں چہ ڈاکٹر سلیچ کی اس تازہ کاوش کی صورت میں، جو صبیح رحمانی کی تحریک کا نتیجہ ہے، ''وفیاتِ نعت گویانِ پاکستان'' ہمارے ہاتھوں میں ہے، جو اُن نعت گو شعرائے کے بارے میں، جو اب اس دنیا میں نہ رہے، بنیادی معلومات پر مشتمل ایک ایسے ماخذ کی حیثیت میں استفادے میں آتی رہے گی، جس کے بغیر نہ کوئی جامع اور حقیقی مطالعہ مکمل ہو سکے گا، نہ موضوعاتی تاریخ و تحقیق کا حق ادا ہو سکے گا۔ اس پر مستزاد، اپنے پسندیدہ نعت گو شعرائے کے بارے میں بنیادی معلومات کی طلب و جستجو رکھنے والے عام حضرات کی تسکین کا بھی یہ کتاب ایک وسیلہ بنی رہے گی۔

------- ڈاکٹر معین الدین عقیل

ISBN-978-969-8918-30-9